کلیاتِ آزاد

عبدالاحد آزاد مرحوم کا مکمّل کلام

مرتّبہ

ڈاکٹر پدم ناتھ گنجو

جمّوں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز
سرینگر

ناشر :-

سیکریٹری جموں وکشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجز۔ سرینگر

گوڈنیک چھاپ :-

پانژھ ہتھ (۵۰۰)

پرنٹنگ :-

آنند برادرس۔ جالندھر

موٗل :- Rs 9.25

عالمؔ ہا کرِ یاد آزاد آزاد

کُنہِ ساتہٕ وُچھتہٕ یاد پاوے مدہٕ نو

(آزاد)

حرفِ آغاز

عبدالاحد آزاد جب ۱۹۴۸ء کی بہار میں بسترِ مرگ پر دراز تھے۔ تو اُن کی ساری عمر کی محنت کا ثمر ——— اُن کی ادبی تخلیقات کا پلندہ ——— ایک دفترِ منتشر کی طرح اُن کے سرہانے بند ہا رہتا تھا۔ اور اس حال میں شاید ان کی روح سوداؔ کا یہ شعر گنگناتی رہی ہوگی

دل کے ٹکڑوں کو بغل بیچ لئے پھرتا ہوں
کچھ علاج اس کا بھی اے شیشہ گراں ہے کہ نہیں

شیشوں کا یہ مسیحا آزادی کے خمار سے سرمست کشمیری قوم کے بیدار ہوتے ہوئے فنی شعور کی صورت میں اُفق پر اُبھر آیا۔ اور آزادؔ کی وفات کے کچھ عرصے بعد ہی اُن کی شعری و نثری تخلیقات کی شیرازہ بندی کی لگن پیدا ہو گئی۔ لیکن یہ سعادت آخر کار بڑے برمحل انداز میں جموں و کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجز کے حصے میں ہی آئی۔ چنانچہ ۱۹۵۸ء میں اپنے وجود میں آجانے کے بعد ہی آزادؔ کی منتشر تخلیقات کو اکٹھا کرنے اور اُنہیں شایانِ شان طریقے پر زیورِ طبع سے آراستہ کرنے کا منصوبہ ہاتھ میں لیا گیا۔ اس سلسلے میں اُن کے ورثا سے مناسب معاوضہ پر "کشمیری زبان اور شاعری" اُن کا غیر مطبوعہ کلام اور دوسرے مسودات حاصل کئے گئے۔

"کشمیری زبان اور شاعری" کو مناسب ترتیب و تدوین کے ساتھ برسوں پہلے شایع کیا جا چکا ہے اور اس نے کشمیری ادب کے سلسلے میں ایک حوالے کی دستاویز کی حیثیت کب کی حاصل کر لی ہے۔ اب "کلیاتِ آزاد" کی اشاعت کے بعد اکیڈیمی اپنے اس عہدِ وفا سے پوری طرح عہدہ برآ ہو گئی ہے۔ اور مرحوم آزادؔ کے تمام افادات منظرِ عام پر آکر ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو گئے ہیں۔

اس مجموعے کے متعلق یہ بتانا ضروری ہے کہ اس میں آزادؔ کے مطبوعہ کلام کے علاوہ اُن کا سارا غیر مطبوعہ کلام پہلی بار شایع کیا گیا ہے۔ گو اُنکا بہت سا کلام

اگرچہ پہلے بھی شایع ہو چکا تھا۔ لیکن اُن کے غیر مطبوعہ کلام کے مقابلے میں کیفیت اور کمیت دونوں حیثیتوں سے اس پر غالبؔ کا یہ مصرع صادق آتا ہے۔ ع

غنچہ میں دِل تنگ ہے حوصلۂ گُل ہنوز

قارئین خود اندازہ کر سکیں گے کہ اس مجموعے میں اُن کا جو غیر مطبوعہ کلام شامل کیا گیا ہے۔ اُس سے اُن کے شاعرانہ قد و قامت میں کتنا وسیع اضافہ ہوا ہے۔ "کُلیاتِ آزادؔ" کی ترتیب کا کام اُن کے شفیق دوست ڈاکٹر پدم ناتھ گنجو کو تفویض کیا گیا تھا۔ جنہیں خود آزادؔ نے دمِ واپسیں اپنی تخلیقات کا امین ٹھہرالیا تھا۔ اور جو آزادؔ کی سوانح اور فکری ارتقار کے اُتار چڑھاؤ سے ذاتی واقفیت رکھتے ہیں۔ ڈاکٹر گنجو نے ان اوراقِ پریشان کی بڑی محنت سے شیرازہ بندی کی ہے۔ اور اس سلسلے میں ریاضت اور عرق ریزی سے گریز نہیں کیا ہے۔ گنجو صاحب نے اصل مسودات سے تقابل کے بعد مطبوعہ کلام میں پائی جانے والی غلطیوں کی تصحیح کردی ہے۔ اس کے علاوہ بعض اوقات انہوں نے کچھ منظومات میں چند ایسے اشعار کا اضافہ بھی کردیا ہے جو پہلی اشاعت کے وقت کسی وجہ سے چھوٹ گئے تھے۔ انہوں نے اپنی ذاتی واقفیت اور مسودات کے مطالعے کے سہارے منظومات کے پس منظر اور شانِ نزول کے سلسلے میں کچھ دلچسپ اور معنی خیز حواشی بھی شامل کئے ہیں۔ جن سے مجموعے کی افادیت میں کافی اضافہ ہو گیا ہے۔ اس کے علاوہ بعض منظومات کی تشریح اور اُن کے محرکات کے بارے میں آزادؔ کے اُن خطوط کے اقتباسات بھی درج کئے گئے ہیں۔ جو انہوں نے وقتاً فوقتاً ڈاکٹر گنجو کو تحریر کئے۔ اور جو پہلی بار عام مطالعے کے لئے پیش کئے جا رہے ہیں۔ گنجو صاحب نے کلام کو تقدّمِ زمانی کے لحاظ سے بھی ترتیب دیکر آئندہ محقّق اور نقاد کا کام آسان بنا دیا ہے۔ اس کے علاوہ اُن کا طویل مقدمہ بھی آزادؔ کی حیات اور فن کے متعدد پہلوؤں پر مُفید روشنی ڈالتا ہے۔

اُمید ہے کہ اکادمی کی اس مساعی کو ادبی حلقوں میں خاطر خواہ پذیرائی حاصل ہو گی۔

محمد یوسف ٹینگ

سرینگر: اول مئی سنہ ۷۰ء

ترتیب

ب

پ

صفحہ

صفحہ

صفحہ

نقلاب

وز و ساز

صفحہ

صفحہ

ایوانِ غزل

پیامِ آزاد

قطعات

معہ سے خانہ

ذ

ر

صفحہ

صفحہ

صفحہ

شق	صفحہ

●

پیش لفظ

عبدالاحد آزاد کشمیری زبان کے سربرآوردہ شاعر اور ادیب تھے وہ اونچے درجے کے تعلیمیافتہ نہیں تھے۔ اور دنیوی جاہ و مرتبہ جیسی کوئی چیز اُن کے پاس نہیں تھی لیکن خدا نے اُنہیں سو نعمتوں کی ایک نعمت ملکہ شاعری بھرپور عطا کی تھی۔ ایسا ملکہ شاعری جو شاید کم ہی سخن سنجوں کے حصے میں آتا ہے۔ اس کے سہارے آزاد نے زندگی کے کڑوے کسیلے مرحلے گذار دئے اور ایسا نغمہ اپنے پیچھے چھوڑ گئے جو دُکھی دِلوں کی غم خواری کرتے رہے ہیں۔ اور بیٹھی ہوئی ہمتوں کو اُبھارتے رہے ہیں۔ لیکن آزاد نے اپنی شاعری کا لازوال اثاثہ ہی نہیں چھوڑا۔ بلکہ ایک اور سرمایہ، ڈاکٹر پدم ناتھ گنجو کے دل میں اپنی شخصیت اور شاعری کی قدردانی چھوڑ گئے جس کی بدولت ان کی زندگی کا عزیز ترین سرمایہ آج ادبی دنیا کی دسترس میں آسکا۔

ڈاکٹر پدم ناتھ گنجو نہ صرف آزاد کی شاعری کے قدردانوں میں سے

ہیں بلکہ اُن کی ذات اور شخصیت کے پرستار بھی ہیں۔ چنانچہ انہوں نے آزادؔ کے کلام کی ترتیب اور تدوین کا حق ہی نہیں ادا کیا، بلکہ اُن کی بیوہ کی مدد اور اپنے دوست کی یادگار کو قایم رکھنے کے لئے وہ سب کچھ کیا، جو ایک دوست کر سکتا ہے۔

آزادؔ سچے شاعر کی طرح ایک لاأبالی طبیعت کے انسان تھے جو کلام سرانجام پاتا اُسے بے توجہی سے ڈال رکھتے تھے، یہاں تک کہ ان کے بہت مسودے شاید ضایع ہو گئے، اور ان کے انتقال کے بعد جو کچھ دستیاب ہوئے وہ ایسی خستہ حالت میں تھے کہ اُنہیں پڑھنا اور قلمبند کرنا بڑی دیدہ ریزی اور صبر و تحمل کا کام تھا۔ لیکن ان قدردان دوست نے اس ساری زحمت کو ایک محو، تحقیق اور تجسس میں منہمک انسان کی طرح اپنی اختیار کی ہوئی خدمت کو نہ صرف والہانہ ذوق بلکہ ادائے فرض کے احساس کے ساتھ تکمیل کو پہنچایا۔ یہ ڈاکٹر گنجوؔ کی اَن تھک محنت کا نتیجہ ہے کہ آزادؔ کی متنوع فکر کے نتائج کا تقریباً سارا سرمایہ محفوظ اور مرتب ہو سکا ہے۔

ڈاکٹر گنجوؔ کے ذوق ادب اور سخن فہمی کا یہ یادگار کارنامہ پوری تعریف اور توصیف کا مستحق ہے کہ انہوں نے اپنے پیشے کی معروفیت کے باوجود اس قیمتی سرمایہ کی تدوین اور ترتیب میں ایسی سعی بلیغ کی۔ وہ کشمیری کے صاحب ذوق سخن فہم ہونے کے ساتھ ساتھ اردو سے بھی گہرا شغف رکھتے

ہیں اور یہ اسی شغف کا نتیجہ ہے کہ اپنے شاعر دوست کے کشمیری کلام کو مرتب
کرکے اس کی حیات اور فکر کے سارے پہلوؤں کو نمایاں کرنے کے لئے ایک
حاوی اور بسیط مقدمہ اُردو میں لکھا اور کلام کی ضروری تصریحات بھی شامل
کیں۔ اور تنقیدی جائزہ بھی پیش کیا، تاکہ آزاد کا فیضان، کشمیر کی چار دیواری
سے باہر اردو کی وسیع تر دنیا تک پہنچ سکے، اور اردو خوان بھی آزاد کی شاعرانہ
عظمت اور ان کی فکر کی رنگارنگی سے بخوبی واقف ہوسکیں۔ مجھے ڈاکٹر گنجو
کی عنایت سے اُن کے مقدمہ اور بعض نظموں کے ترجمے اور تشریح کو چھپنے
سے پہلے بالاستیعاب مطالعے کا موقع ملا۔ آزاد کی فکر و فن میں جو معنیٰ خیز
صلاحیتیں ہیں، اُن کا تقاضا بھی یہی تھا کہ اس کا افادہ وسیع تر ادبی حلقوں
تک پہنچایا جائے۔ اور یہ ڈاکٹر گنجو کا ایسا اقدام ہے جو کشمیری ادب اور شاعری
کی بڑی بھاری خدمت تصور کی جاسکتی ہے۔ اس کا ایک اچھا جواز آزاد کی اردو
میں مہارت ہے جو اُن کی یادگار تصنیف "کشمیری زبان اور شاعری" سے ظاہر ہے
آزاد محض شاعر ہی نہیں بلکہ بالغ نظر نقاد بھی ہے۔ کشمیری زبان اور ادب کے
ارتقاء پر اُن کی نظر گہری تھی۔ جس کا ثبوت اُن کی متذکرہ صدر تصنیف ہے
جو انہوں نے اُردو میں لکھی ہے اور کلچرل اکادمی سے تین جلدوں میں شائع
ہوئی ہے۔ صلاحیتوں کا ایسا مجموعہ کم اہل قلم میں نظر آتا ہے۔ ایک معنی میں وہ
کشمیر کے پہلے نقاد ہیں جنہوں نے نئے تنقیدی اصولوں پر کشمیری شاعری کا جائزہ

لینے کی کوشش کی ہے۔

یہ غالباً پہلا موقع ہے کہ ایک اہم اور نمایندہ کشمیری شاعر کی زندگی اور اس کے کلام کو ترتیب توضیح اور تشریح کے جدید اصولوں پر اردو دنیا تک پہنچانے کی سعی کی گئی ہے۔ اس کے مطالعے سے اردو دنیا کو اندازہ ہوسکیگا کہ کشمیری ادیبوں اور شاعروں کا ذہن کن راہوں پر گامزن ہے اور ان کی فکر بلندی کے کس معیار کو چھو رہی ہے۔

ڈاکٹر گنجو کی یہ ادبی خدمت نہ صرف توصیف کی مستحق ہے، بلکہ ایک نشانِ منزل بھی ہے۔ توقع ہے کہ کشمیری ادیب دوسرے سربرآوردہ کشمیری شاعروں اور ادیبوں کے افکار کے افادہ کو اسی سلیقے اور ذوق کے ساتھ عام کرنے کی سعی بلیغ کریں گے۔

سرینگر کشمیر

۱۹ دسمبر ۱۹۶۶ء

عبدالقادر سروری
صدر شعبۂ اردو جموں و کشمیر یونیورسٹی

تمہید

مرحوم آزاد کے ساتھ میرے دوستانہ تعلقات ۱۹۳۶ء میں
مہجور صاحب مرحوم کے توسط سے شروع ہوئے تھے۔ پہلی ہی ملاقات
میں ایک دوسرے کا رجحان طبیعت دیکھکر ہم میں باہمی مؤانست قائم ہو گئی
چنانچہ ہمارے لئے ایک دوسرے کے پاس کثرت سے آنا جانا، اور رات
رات بھر علمی ادبی اور دوسری ایسی ہی صحبتوں میں مشغول رہنا معمول سا
بن گیا تھا۔ یہ سلسلہ کئی سال تک جاری رہا۔ اس کے بعد مجھے بسلسلہ ملازمت
سرکار آزاد کے آبائی گاؤں رانگر کے قرب کو چھوڑ کر ریاست کے دوسرے
علاقوں میں جانا پڑا۔ اس کے بعد ہماری خط وکتابت شروع ہوئی۔ ان کے
کئی خطوط اب تک میرے پاس محفوظ ہیں۔ جہاں خطوط میں دوستانہ
جذبات اور بے تکلفی اور قرب نمایاں ہے۔ وہاں لفظ لفظ اور سطر سطر
میں ادبی ذوق وشوق بھرا پڑا ہے۔ طرز تحریر رنگین ہے اور آزاد کے ادبی

جوہر کو ظاہر کرتی ہے۔ یہ سلسلہ بھی کئی سال تک جاری رہا۔ پھر کبھی خطوط کے ذریعہ نیم ملاقاتیں اور کبھی آمنے سامنے کی پوری ملاقاتیں ہوتی رہیں بسا اوقات آزاد اپنے تازہ منظومات کی نقلیں میری دلچسپی اور مطالعہ کے لئے اپنے خطوط کے ساتھ بھیجتے تھے۔

رحلت سے ایک دن پہلے جب آزاد کو اپنی زندگی کا چراغ ٹمٹماتا ہوا نظر آرہا تھا۔ اور لقمہ اجل ہونا انہیں ناگزیر دکھائی دیا تو رات کو اپنے ساتھیوں کو جگا کر وصیت کے طور پر کہا۔ "جینا مرنا اختیار کی بات نہیں۔ میرے پاس دنیائی ثروت اور سرمایہ تو کچھ نہیں۔ ہاں فقط نظموں کے کچھ مسودے اور عمر بھر کی عرق ریزی کا نچوڑ تاریخ ادبیات[1] میرا سارا سرمایہ ہے۔ میں ان کاغذات کو حسب خواہش ٹھکانے نہ لگا سکا۔ آپ لوگوں سے بھی شاید کچھ بن نہ پائے۔ میری خواہش ہے کہ میرے بعد ان کاغذات کو پنڈت پریمناتھ بزاز صاحب یا ڈاکٹر پدم ناتھ گنجو کے حوالے کیا جائے، تاکہ وہ ان کاغذات کی تکمیل ترتیب اور اشاعت جس طرح مناسب ہو کریں۔

---

[1] یہ کتاب کلچرل اکاڈمی نے "کشمیری زبان اور شاعری" کے نام سے چھپا کر شایع کر دی ہے۔ یہ کتاب بستر مرگ پر آزاد کے سرہانے تھی۔ اور جہاں کہیں بھی وہ جاتے تھے یہ کتاب ان کے ساتھ رہتی تھی۔ (گنجو)

اگر کسی وجہ سے ممکن نہ ہو تو مرزا عارف صاحب کو کاغذات سپرد کر دئے جائیں۔ تاریخ ادبیات چند ابواب کے سوا گورنمنٹ نے آزآد کے مرنے کے بعد ہی ان کے وارثوں سے نقد معاوضہ دے کر حاصل کر لی تھی۔ لیکن شاعری کے مسودے، بیاضیں، تاریخ کا بیشتر حصہ اور دوسرے مسودات سورسیار گاؤں میں ان کی بیوہ کے پاس ہی پڑے رہے۔ آزآد کے مرنے کے سات سال بعد مجھے ان کی وصیت کا پتہ لگا، اور میں نے سورسیار جا کر اُن کی بیوہ اور وارثوں سے تاریخ کے مسودات اور نظموں کے مسودے اور بیاضیں وغیرہ حاصل کیں۔ گذشتہ کئی سال سے میں ان مسودوں اور نیم محوشدہ پرچیوں کی چھان بین تالیف اور ترتیب میں مصروف رہا۔ اور حکام بالا کی توجہ اس سرمایۂ ادب کی طرف مبذول کراتا رہا۔ لیکن کسی ایک صاحب اختیار سے ٹھوس اور عملی حمایت اس بارے میں نہیں ہو سکی۔ بارے شکر ہے کہ آخر میں دو ایک دوستوں کی مہربانی اور ادب دوستی سے جناب بخشی غلام محمد صاحب سابق پرائم منسٹر جموں وکشمیر سے اس سلسلہ میں میری بات چیت ہوئی۔ انہوں نے اس بکھرے ہوئے سرمایۂ ادب سے غیر معمولی دلچسپی کا اظہار کیا۔ دو ایک ملاقاتوں کے نتیجہ کے طور پر کشمیر اکاڈمی آف آرٹ اینڈ کلچر کے ذریعہ اس ادبی مواد کو شایع کرنے کا انتظام ہوا۔ چنانچہ میری خواہش کے مطابق مرحوم کے وارثوں کو مسودات وغیرہ کے لئے معقول

معاوضہ دیا گیا۔ بیوہ آزاد کو مبلغ ایک سو روپیہ ماہوار بطور پنشن تاحیات عنایت ہوئی۔ مرقد آزاد مرحوم پر ایک موزون میموریل قائم کرنے کے لئے رقم منظور کی گئی۔ تاریخ ادبیات کے لئے ایک ایڈیٹوریل بورڈ قائم ہوا، تاکہ اس کتاب کے ابواب کو ترتیب دینے اور مرتب کرنے کا اہتمام کیا جائے۔ تاریخ کا نام بورڈ نے "کشمیری زبان اور شاعری" زیادہ مناسب سمجھا، اور اسی نام سے اسے چھپواکر شائع بھی کیا۔

آزاد سے میرے تعلقات کے مدّنظر ان کے مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کلام کی تالیف ترتیب اور اس کو ایڈٹ کرنے کے لئے ؎

قرعۂ فال بنامِ من دیوانہ زدند

میں اپنی مصروفیات کے باوجود اس کام کے لئے کچھ نہ کچھ وقت نکالتا رہا۔ اور اسے مشقتِ عشق (Labour of Love) سمجھ کر سرمایۂ جاں بنا لیا۔ میں نے اپنی کوتاہیوں کے باوجود ان اوراقِ پریشان کو بہترین طریقے پر ترتیب دینے کے لئے اپنی دانست میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ اس میں مجھے کہاں تک کامیابی ہوئی ہے۔ اس کا فیصلہ قارئین کر سکتے ہیں۔ اپنی طرف سے میری یہی کوشش رہی ہے کہ آزاد مرحوم کی سب منظومات اس کتاب میں اکٹھا کر دی جائیں۔ لیکن اس سلسلے میں سہو و خطا کی گنجائش ہر وقت موجود رہتی ہے اور ہو سکتا ہے کہ بعض منظومات

اس مجموعے میں شامل ہونے سے رہ گئے ہوں ۔ میں اُن احباب کا شکر گذار رہونگا
جو اس قسم کی فروگذاشتوں کی نشاندہی کریں ۔ تاکہ دوسرے ایڈیشن میں خاطر
خواہ تلافی ہوسکے ۔

آخر پر میرے لئے لازم ہے کہ اکادمی کے دو سابق سیکرٹریوں
جناب کمال الدین شیدا اور پروفیسر جے لال کول، موجودہ سیکرٹری پروفیسر
نیلامبر دیو شرما اور اپنے دوست شری دینا ناتھ نادم کا شکریہ ادا کروں جنہوں
نے اس کتاب کی تکمیل کے سلسلے میں بڑی دلچسپی دکھائی اور مجھے اپنے
قیمتی مشورے دئے ۔ جموں و کشمیر یونیورسٹی کے صدر شعبہ اردو پروفیسر
عبدالقادر سروری نے بڑی عنایت سے مقدمے کے مسودے پر نظر
ثانی کی اور کچھ مفید مشورے دئے ۔ اُن کا شکریہ بھی واجب ہے ۔ میرے
عزیز محمد یوسف ٹینگ نے کتاب کی طباعت وغیرہ کے سلسلے میں میرا ہاتھ
بٹایا ۔ میں اُن کا بھی شکر گذار ہوں ۔

میں نے کتاب کا مقدمہ اُردو زبان میں لکھا ہے ۔ اس کے
علاوہ میں نے کتاب کے فٹ نوٹ بھی اسی زبان میں دئے ہیں ۔ مقدمہ
میں میں نے کشمیری اشعار کا اردو ترجمہ بھی شامل کیا ہے ۔ اس کی غرض
وغایت محض یہ ہے کہ کشمیری زبان نہ جاننے والے بھی آزاد کی شخصیت
اور ان کے فکر وفن سے متعارف ہوں ۔ اگر مجھے اس مقصد میں

تھوڑی سی کامیابی بھی ہوئی، تو میں اپنی محنت کو لاحاصل نہیں سمجھونگا

۴۴۲ - جواہر نگر سرینگر
۳۰ اکتوبر ۱۹۶۶ء

پدم ناتھ گنجو

دیباچہ و مقدمہ

پیدائش، حسب و نسب

عبدالاحد ڈار آزادؔ موضع رانگر میں ایک متوسط درجہ کے زمیندار گھرانے میں سمت ۱۹۶۰ بکرمی (۱۹۰۳ء) میں پیدا ہوئے۔ رانگر سرینگر سے جنوب مغرب کی جانب تیرہ میل کے فاصلے پر تحصیل بڈگام میں ایک گاؤں ہے۔ آپ کے والد بزرگوار سلطان ڈار ایک صوفی منش انسان تھے اور صوفیانہ زندگی بسر کرتے تھے۔ عربی اور فارسی میں اچھی خاصی مہارت رکھتے تھے، اور مذہبی امور سے فی الجملہ باخبر اور واقف تھے۔

آزادؔ کے اپنے تذکرہ کے مطابق اُن کے "والد بزرگوار صوفی منش تھے۔ آپ درویشانہ استغنا کی وجہ سے مجھے قرآن مجید اور دو تین فارسی کتابوں کے آگے کچھ پڑھا نہ سکے۔ آپ مجھ کو بھی صوفی بنانا چاہتے تھے لیکن یہ کیسے ہو سکتا تھا۔

ہر کسے را بہر کارے ساختند　　میلِ آں را در دِلش انداختند

سمت ۱۹۷۳ ب (۱۹۱۶ء) میں میرے بڑے بھائی غلام علی نے پرائیویٹ مکتب کھولا۔ میں نے اسی مکتب میں ابتدائی اردو فارسی کی تعلیم پائی۔ چونکہ مطالعہ کا شوق تھا۔ رفتہ رفتہ نوشت و خواند میں تھوڑی بہت مہارت حاصل کی۔ ادبیات کا مطالعہ ہمیشہ میرا مرغوب خاطر مشغلہ تھا۔"

الغرض بچپن اور لڑکپن عربی، فارسی اور دینیات کے درس و تدریس اور دیگر دہقانی مصروفیات میں بسر ہوئے۔ پہلے اپنے والد صاحب کے پاس پھر بڑے صاحب کے مکتب میں لگ بھگ سات آٹھ سال ابتدائی پڑھائی کے بعد ۱۹۷۵ بکرمی (۱۹۱۸ء) میں سولہ سال کی عمر میں پاس کئے گاؤں زوہ ہامہ کے سرکاری پرائمری سکول میں تیرہ روپیہ ماہانہ پر عربی مدرس کی حیثیت سے تعینات ہوئے۔ لکھنے پڑھنے کا شوق ازبس غالب تھا۔ چنانچہ سرکاری ملازمت ملتے ہی مطالعہ میں مصروف ہو گئے۔ اردو زبان اور لٹریچر پر کافی عبور حاصل ہو گیا۔ اور ریاضی، جغرافیہ، تاریخ اور دیگر مضامین پر تھوڑے ہی عرصہ میں ایسا قابو پالیا کہ طلباء کو یہ مضامین بھی علاوہ دینیات کے پڑھانے لگے۔ ۱۹۸۲ ب (۱۹۲۵-۲۶ء) میں امتحان منشی عالم کی تیاری کی اور امتیاز کے ساتھ یہ امتحان پاس کیا۔ کچھ عرصہ کے بعد منشی فاضل کا امتحان دینے کے لئے تیار ہوئے لیکن امتحان کا وقت نزدیک آتے ہی وہ نمونیا کے عارضہ میں مبتلا ہو گئے۔ اور امتحان میں شامل

ہونے سے قاصر رہے۔

مرحوم نہایت نکتہ سنج اور سخن فہم انسان تھے۔ وہ فکر لطیف اور ذہن رسا کے بھی مالک تھے۔ لیکن صحت کامل کی نعمت سے محروم تھے طبیعت کسی نہ کسی عارضہ کی وجہ سے شکست اور نادرست رہتی تھی۔ آپ کا قد درمیانہ تھا۔ چہرہ کسی قدر سیاہ فام تھا۔ مگر سنجیدہ۔ آنکھیں بہت سی گہرائیوں کا پتہ دیتی تھیں۔ داڑھی منڈھاتے تھے۔ فقط چھوٹی چھوٹی مونچھیں رکھتے تھے۔ لباس سادہ اور ستھرا اور دستار ہمیشہ سفید پہننے کے عادی تھے۔ شیریں کلام اور کسی قدر شرمیلے تھے۔ اسی وجہ سے عام طور پر کم گو تھے۔ لیکن قریبی دوستوں کی صحبت میں کم گوئی کے انداز گل افشائی گفتار میں مبدّل ہوتے تھے۔ حافظ تیز تھا۔ سماع کے شایق تھے اور خود بھی خوش الحان تھے۔

شاعری کی ابتدا

آزآد نے اپنی قلم سے لکھا ہے۔ "میرے والد بزرگوار (خدا اُن کو مغفرت کرے) شعر و سخن کے شیدائی تھے۔ خاص کر کشمیری گیت اور مثنویاں پڑھنے اور سُننے کا انہیں بہت شوق تھا۔ بارہا مجھ سے پڑھواتے تھے۔ جس کا میری طبیعت پر یہ اثر ہوا کہ میں نے پندرہ سولہ سال کی عمر میں کشمیری میں شعر کہنا شروع کیا۔ اول اول غزل لکھی۔ بعد میں دیگر اصناف سخن کی طرف رجوع کیا۔"

تخلص

تخلص کے بارے میں لکھا ہے:۔ " میں ابتدائی ایام میں شعروں میں اپنا نام احمد ہی تخلص کی جگہ لکھتا تھا۔ تھوڑے عرصہ کے بعد جانباز تخلص اختیار کیا۔ ۱۹۸۸ بکرمی (۱۹۳۱ء) میں الزام لگایا گیا کہ میں سیاسی معاملات میں حصہ لے رہا ہوں۔ " حاکمانِ وقت آزاد سے اُلجھ کر ناراض ہوئے اور تعزیر کے طور "میں ترال کے مڈل سکول میں تبدیل ہوا۔ میرے گھر کی تلاشی لی گئی۔ وہاں کیا تھا۔ شاعری کے مسودے اور کئی ادبی کتابیں اور رسالے، ان ہی ایام میں میرا چار برس کا اکلوتا بیٹا فوت ہوا۔ مصیبت میں خدا زیادہ یاد آتا ہے۔ ترال میں روزانہ صبح کے چار بجے شاہمدانؒ صاحب کی خانقاہ فیض پناہ میں حاضر ہونا میرا معمول رہا۔ ایک دن وہیں بیٹھے بیٹھے آزاد تخلص کرنے کا خیال آیا۔ اور مستقل طور پر یہی تخلص اختیار کیا۔ ان ایام کی لکھی ہوئی ایک غزل کے مقطع میں اس واقعہ کی طرف اشارہ کر چکا ہوں ؎

ترالی مٔشرِی جانباز باز نیوا ٔ نی ہالہِ ہندر یٔ گٹھو نیٚو لأنی یے
آزاد ووٚن نس شاہِ ہمدانی ہالہِ ہندر یٔ گٹھو نیو لأنی یے

یعنی تقدیر کی ہاکی نے جانباز کو گیند کی طرح ترال پہنچا دیا۔ شاہ ہمدان نے اس کو آزاد کہا۔" حاکمان وقت کا قہر، گھر بار سے جلا وطنی۔ یہاں تک کہ اس قلیل تنخواہ پانے والے شاعر مدرس کو ازراہِ سزا نوکری سے چھٹی

ملنا بھی بند ہو چکی تھی۔ یعنی گھر بار کی خبر گیری کرنا بھی ممنوع تھی۔ چار سال کا اکلوتا بیٹا جاں بحق ہونے سے بچ نہ سکا اور آزاد کو داغِ مفارقت دے گیا۔ دوا ناکام، دعا ناکام، آزاد کی عقیدت مندی مجروح ہوئی۔ احمد جانباز نہ رہا۔ آزاد ہوا اور طبیعت کئی ایک اُلجھنوں سے آزاد ہو گئی۔

نوکری کا سلسلہ

آزاد ۱۹۱۸ء میں سرکاری نوکری میں بحیثیت عربی مدرس تعینات ہونے کے بعد تیرہ سال تک زوہامہ کے مدرسے میں رہے۔ ۱۹۳۱ء میں ترال مڈل سکول میں کچھ عرصہ گذار کر ڈیڑھ سال کی مدت گیورُو کے مدرسے میں گذاری۔ اس کے بعد ۱۹۳۳-۳۴ء میں نارمل ٹریننگ حاصل کرنے کے لئے سرینگر آئے۔ ۱۹۳۴ء سے ۱۹۴۴ء تک دوبارہ زوہامہ کے مدرسے میں متعین رہے۔ زاں بعد ایک سال بڑنہ وار کے مدرسے میں گذارا۔ ۱۹۴۵ء سے تادمِ حیات سورسیار میں مقیم رہ کر وہیں کے مدرسے میں تعینات رہے۔

آخری بیماری

یہ لکھا جا چکا ہے کہ آزاد صحتِ کامل کی نعمت سے محروم تھے۔ وہ کسی نہ کسی عارضے میں مبتلا رہتے اور مصروفِ علاج رہنا آپ کا معمول ہو گیا تھا۔ چنانچہ ۱۹۴۷ء میں سورسیار میں بخار اور دردِ شکم کی بیماری لاحق ہوئی۔ کئی دنوں تک مقامی طبیبوں سے دیسی علاج ہوتا رہا۔ کوئی افاقہ نہ ہوا۔ آخر اقرباء نے ان کو سرینگر رُخصت کیا

ہسپتال میں منتقل کیا۔ مرض کی تشخیص "اپنڈی سائیٹس" ہوئی۔ جس کے لئے ابتدا میں آپریشن کرایا جانا چاہیئے تھا۔ اور اب آپریشن نامناسب تھا لیکن حالات جہاں تک معاون تھے بڑی ہمدردی اور دلچسپی کے ساتھ علاج شروع کیا گیا۔ بہت روز تک علاج کے باوجود بیمار کی حالت بہتر نہ ہوسکی۔ بیمار کے لئے اب آپریشن (عمل جراحی) آخری سہارا تھا۔ اس لئے ان کو سرینگر کے بڑے سرکاری ہسپتال میں منتقل کیا گیا جہاں بڑی ہمدردی اور کامیابی کے ساتھ آپریشن کیا گیا۔ لیکن مرض کا زہر کمزور جسم اور خون میں سرایت کر چکا تھا۔ ضعیف اعضاء و عناصر اس صدمہ کی تاب نہ لا سکے۔ چنانچہ ۴۵ برس کی عمر پاکر ۱۴ اپریل ۱۹۴۸ء کو شام کے ساڑھے سات بجے آزاد کی روح قفس عنصری سے آزاد ہوئی۔ مہجور نے تاریخ وفات کہی ہے

آہ آزاد از جہاں روپوش شد — یا کہ از جام بقا مدہوش شد

بہرِ سالِ رحلتش مہجور گفت — بلبل شیریں بیان خاموش شد

۱۹۴۸ء

آخر بار میت کو رانگر لے گئے اور اپنے خاندانی قبرستان میں اُن کے والد بزرگوار کی قبر کے قریب سپرد خاک کیا۔

مہجور سے ملاقات اور اُس کا اثر

۱۹۳۵ء میں رانگر میں کسی مال کے افسر کا کیمپ لگا تھا۔ علاقے

کے تمام پٹواریوں کے ساتھ مہجور بھی بحیثیت پٹواری سرکاری کام سے کیمپ پر آئے تھے۔ آزاد موضع ترانگرہ میں سکونت رکھتے تھے۔ مہجور کی شاعری کی نئی طرز اور نئے رجحانات کا علم حاصل ہونے کے بعد غائبانہ ہی اُن کی شاعری کے پرستاروں میں شامل ہو گئے تھے۔ اور ان سے ملنے کے اور اُن کی سوانح حیات لکھنے کے خواہش مند تھے۔ آزاد نے نہایت محبت اور انکسار کے ساتھ مہجور کی شاعری کے ایک مداح کی حیثیت سے اپنے آپ کو پیش کیا اس پہلی ملاقات سے رفتہ رفتہ باہمی میل جول بڑھتے بڑھتے اتنا ترقی کر گیا کہ دونوں گہرے دوست ہو گئے۔ چنانچہ کچھ عرصہ تک آزاد اپنی غزلیں مہجور کو پیش کرتے رہے۔ جن کی انہوں نے اصلاح فرمائی۔ سوانح حیات مہجور لکھنے میں وہ اسی وقت سے مصروف ہوئے۔

مہجور کے حالات زندگی لکھنے کے بعد اُن کے کلام پر تنقید کا کام شروع ہوا۔ اس کام میں آزاد کو کشمیری شاعری کا بغور مطالعہ کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ چنانچہ کچھ عرصہ تک کشمیری شاعری کے مطالعہ میں مصروف رہے اور اس میں کافی وسعت، لوچ اور برجستگی دیکھکر اس کی کس مپرسی سے متاثر ہوئے۔ اس احساس سے اُن کے دل میں علاوہ از سوانح حیات مہجور لکھنے کے "تاریخ ادبیات کشمیر" کا حصہ کشمیری لکھنے کا شوق پیدا ہوا، اور وہ شعراء سلف کے حالات، اُن کا مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کلام جمع کرنے لگے۔ اس

سلسلے میں آزاد کو ملک بھر کی بادیہ پیمائی کرنا پڑی۔ وطن کے دور افتادہ علاقوں میں جا جا کر پیر و جوان سے عجز و انکسار کے ساتھ ملاقاتیں کرنا پڑیں۔ اس طرح وہ مسالا جمع کرتے رہے۔ اس دوران میں ایسا بھی اتفاق ہوا کہ کئی بڑی بوڑھیوں سے جو کہ اپنی جوانی کے دنوں میں طوائف خانوں سے وابستہ تھیں ملاقاتیں کیں اور اُن کے حالات یا اشعار بہم پہنچائے۔ کئی ایک مقامات پر پہنچ کر بہت کھوج کے بعد جب پتہ لگا کر فلاں شخص فلاں شاعر کا پوتا یا نواسا ہے اور اس سے شاید کچھ مواد حاصل ہو، وہ اس پوتے یا نواسے سے ملے۔ مگر اکثر موقعوں پر آزاد کو شبہ کی نظر سے دیکھا گیا کہ شاید یہ کوئی جاسوس ہے۔ کئی جگہوں پر ان کے مشن کا مطلب سمجھے بغیر اور کچھ بتائے بغیر یہ کہہ کر رخصت کیا گیا کہ اس طرح کی "کھوڑہ فینچ" میرے دادا میں ہی تھیں، مجھ میں نہیں۔ الغرض اس طرح کے مصائب اور مشکلات آزاد کو سنہ ۳۶-۱۹۳۵ء سے تادم مرگ یعنی سنہ ۱۹۴۸ء تک "تاریخ ادبیات کشمیر" کے لئے مواد فراہم کرنے میں پیش آتے رہے۔ لیکن شوق مستحکم تھا۔ بیس روپے ماہوار تنخواہ پانے والے اس مدرس، شاعر نے نہ صرف مشکلات کا سامنا کیا۔ بلکہ اس سلسلے میں اخراجات برداشت کرنے میں بھی ذرہ برابر پس و پیش نہ کیا۔ کتاب کی تصنیف میں وہ برابر قدم قدم آگے بڑھتا گیا۔ اپنی نوعیت میں یہ کشمیری ادب کیلئے پہلی کتاب ہے۔ اور اہمیت میں براؤن کی ہسٹری آف پرشن لٹریچر اور شبلی کی شعر العجم کے ہم پلہ کہی

جا سکتی ہے۔ آزاد کی نظروں میں یہ کتاب ان کی اہم ترین تصنیف تھی۔ اس کی طباعت کیلئے وہ تادم زیست کوشاں رہے۔ لیکن طباعت کا خرچہ برداشت کرنا اُن کی بساط سے باہر تھا۔ کئی دوستوں نے وقت کے حکام مجاز سے اس سلسلے میں آزاد اور اس اہم تصنیف کا تعارف بھی کرایا، تاکہ سرکاری امداد سے کتاب زیور طبع سے آراستہ ہو۔ لیکن حکام (اس وقت کے ڈائریکٹر ایجوکیشن) بقول آزاد اپنا مستقبل بنانے میں مصروف تھے، اور بوجہ غیر کشمیری ہونے کے اُن کو کشمیری ادب سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ نتیجتاً کتاب اُن کی حیات میں طبع نہ ہو سکی۔ اب کشمیر اکاڈمی آرٹ اینڈ کلچر نے کتاب کو موزون صورت میں "کشمیری زبان اور شاعری" کے نام سے شایع کیا ہے۔

بزاز سے ملاقات اور اس کا نتیجہ

آزاد شرمیلے آدمی تھے اور عجز و انکسار اُن کی فطرت کے خاص اجزاء تھے۔ اس وجہ سے وہ اپنے کلام کی نشر و اشاعت کو ضروری نہیں سمجھتے تھے، بلکہ شاید اپنے انقلابی کلام کی تشہیر کا اپنے آپ کو متحمل نہیں مانتے تھے۔ اس وجہ سے بہت دیر تک ان کا اہم کلام عوام تک نہ پہنچ سکا۔ لیکن دوستوں کے اصرار سے بدوران جنگ ۱۹۴۲ء میں اپنا کلام کبھی کبھی ہمدرد اخبار میں بھیجتے رہے۔ اسی سال ہمدرد کے ایڈیٹر پنڈت پریم ناتھ بزاز سے آزاد کی پہلی ملاقات ہوئی۔ اس ملاقات اور مابعد کی ملاقاتوں کا یہ نتیجہ ہوا کہ

آزاد کو اخبار کے ذریعہ اپنے کلام کی تشہیر میں جو جھجک تھی دُور ہو گئی۔ وہ اخبار مذکور کو نہ صرف نظمیں اور غزلیات اشاعت کے لئے بھیجنے لگے بلکہ مختلف مقالے جو کہ "تاریخ ادبیات کشمیر" کے ابواب پر مشتمل تھے اسی اخبار میں چھپوانے لگے۔ اس ضمن میں یہ لکھنا ضروری ہے کہ آزاد کی قومی، اخلاقی اور سیاسی معرکہ آرا نظمیں مثلاً مناظرہ عقل و عشق، شکوۂ کشمیر، شکوۂ ابلیس، سبھاش بوس بے خودی اور خودی، بڈشاہ کا پیغام وغیرہ وغیرہ اس ملاقات سے پہلے شایع ہو چکی تھیں۔

شاعری کے تین ادوار

آزاد کی شاعری کے تین ادوار کہے جا سکتے ہیں۔ ہر دور لگ بھگ دس سال کا ہے کئی وجوہ کی بناء پر اس کتاب میں دورِ ثلث کی شاعری کو پہلے ترتیب دیا گیا۔ اور پھر دورِ ثانی اور آخر میں دورِ اول۔ نظموں کو اپنے اپنے دور میں درج کرنے کی کوشش کی گئی۔ لیکن سہواً یا اور وجوہ سے اس ترتیب میں اگر کسی جگہ ہیر پھیر ہو گیا ہو تو کوئی تعجب نہیں۔

دورِ اوّل

اس دور کے سرمایہ میں مروجہ اقتضا سے شاعری کے مطابق عام طور کشمیری میں غزلیں کہی ہیں۔ جن کا رنگ مروجہ شاعری سے جُدا ہونے کے باوجود بالکل الگ نہیں کہا جا سکتا۔ مثنوی کہنے کا شوق بھی اسی دور سے وابستہ ہے۔ چنانچہ کئی مثنویاں لکھی ہیں۔

دورِ ثانی

یہ دور آزاد کی شاعری کے عروج کو ظاہر کرتا ہے۔ رفتہ رفتہ کلام میں پختگی آتی گئی۔ غزل میں نکھار پیدا ہونا شروع ہوا، اور کافی افراط کے ساتھ غزلیں لکھی ہیں۔ اس طرح آزاد کی شاعری کا یہ دوسرا دور کہا جا سکتا ہے۔ اب غزلوں کے ساتھ نظمیں لکھنے لگے تھے جنمیں نیچر کی عکاسی اور مادیت کے مستحکم اثرات کے مظاہر ملتے ہیں۔

دورِ ثالث

دوسری عالمگیر جنگ چھڑ جانے سے کچھ عرصہ پہلے وطن میں سیاسی شعور کی کرنیں پھوٹ پڑی تھیں۔ وطن کی صدیوں کی غلامی کے اسباب کچھ کچھ روشن ہونا شروع ہو گئے تھے حاکم اور محکوم، ظالم اور مظلوم، زمیندار اور کاشتکار، سود خوار اور مقروض کے جیتے جاگتے مناظر زندگی کے ہر موڑ پر آزاد کے مدِ مقابل تھے۔ ایک طرف آسایش دوگیتی اور دوسری جانب مشکلہائے ہر دو عالم کی متضاد تصاویر روزانہ زندگی میں پہلو بدل بدل کر سامنے آتی تھیں۔ پھر جب چشم بینا ہو، دل حساس، دماغ متحرک ہو، تو نتیجہ ظاہر ہے، دیکھنے والا اُٹھ دیکھ کر محسوس کرنے والا تلوار بکف نا انصافی کے اسباب کو مٹانے کیلئے برسرِ پیکار ہو جائے، تو ایک فطری بات ہو گی۔ لیکن حساس دل اور دیدہ ور آزاد کے ہاتھ میں تلوار نہیں، قلم تھا۔ وہ اپنی زندگی کے آخری دس سال یعنی اپنی شاعری کے دورِ ثالث میں قومی ترانے اور معرکہ آرا نظمیں

کو محض ابتدائی مشق شاعری ہی کہا جا سکتا ہے۔

دوسرے دور میں یعنی پختہ کلامی کے زمانے میں اکثر نظمیں اور غزلیں کہی ہیں۔

تیسرے دور میں ان کی سیاسی اور بلند پایہ اخلاقی شاعری نشو و نما پاتی ہے۔ جس میں نظمیں زیادہ اور غزلیں کم ہیں۔ تصنیفات کی تفصیل یہ ہے :-

نظم (۱) مثنوی ژندہ بدن و معیار (۲) مثنوی قمر الزماں (۳) غزلیات (۴) رباعیات و قطعات (۵) نظمیں ۱۔ پیامِ آزادی میں چند نظمیں اور غزلیں سیاسی اور پیامی رنگ کی ہیں۔ جن میں کئی ایک مثلاً "دریاو" لاثانی اور لافانی ہیں (۶) ندائے ہاتفی اُن کی چھوٹی بڑی کئی چیدہ چیدہ اخلاقی، وطنی اور قومی نظموں کا مجموعہ ہے۔ جن میں یہ نظمیں قابل ذکر ہیں۔ مناظرہ عقل و عشق، شکوہ کشمیر، شکوہ ابلیس، خودی اور بےخودی، نالہ بڈشاہ، انقلاب، خواباہ خیالاہ و ہماہ گُناہ، صبح صادق باوُن تر بُجر۔ سرمایہ داری، پان ژادر، سمہ ن، خوہ دا، عید، میون وطن انقلاب روس وغیرہ جملہ منظومات کو ماسوائے مثنوی اس کتاب میں مناسب مقام دیگر مختلف ادوار کے کلام میں درج کیا گیا ہے۔

میں نے اس کتاب کے مواد کی فراہمی اور ترتیب میں کئی سال

اور غزلیں لکھتے رہے۔ نوجوانوں کا دل "ہاں بڑھے چلو" کے نعرے سے بڑھاتے رہے۔ اور زندگی کے دشوار راستے کے خطروں سے اور مذہب کے ٹھیکیداروں کی خود غرضانہ گمراہیوں سے خبردار کرتے رہے۔ بہتے ہوئے دریا کی زبانی صدیوں سے جنت نشین بڈشاہ اور سرگیاشی للتادتیہ کی زبانی اپنے ہموطنوں کو وحدت، یگانگت، باہمی آشتی و اتحاد، "پریم اور قول" کے ترانے سناتے گئے۔ اہل مذہب کے اندھا دھند اور غرضمندانہ تعصب کا پول (جو قومی اتحاد اور انسانیت کے منافی ہو) دلچسپ پیرایے میں دلیلیں دے دیکر کھولتے رہے۔ تاکہ اہل وطن اپنے مقصد اعلیٰ سے ہٹ کر کہیں شاہراہ حریت سے نہ بھٹکیں۔ اُڑتے بادلوں سے، پگھلتی برف سے، جنگل کے درختوں سے، گرتے آبشاروں سے، گل و بلبل اور شمع پروانہ کی زبان سے انسان کو انسانیت کے انقلاب، خودی، گرمجوشی، محبت، آشتی اور ملنساری کے عمل پیہم اور آزادی کے سبق سُناتے رہے۔

تصنیفات ابتدائی دور میں غزلیں اور کئی نظمیں لکھی ہیں۔ کئی مثنویاں بھی اس دور کی تصنیفات ہیں۔ مثنوی "زندہ بدن و معیار" موسوم بہ "تبسم گل" ایک تاریخی واقعہ ہے۔ مثنوی "قمرالزمان" ایک عشقیہ قصہ ہے۔ اس دور میں اردو میں بھی کچھ کلام موزون ہوا۔ لیکن آزاد کو اس پر کوئی ناز نہ تھا۔ اور ان کی اردو گوئی

صرف کئے ہیں۔ اور کوشش کی ہے کہ آزاد کا سارا کلام اس میں شامل ہو۔ پھر بھی ممکن ہے کہ کوئی نظم یا غزل رہ گئی ہو۔

نثر

(۱) تاریخ ادبیات کشمیر، شعرائے ازمنہ حال وسلف کے سوانح حیات، کلام اور کلام پر تنقید کے علاوہ اس میں عالمانہ اور محققانہ انداز میں کشمیری زبان کے تاریخی ارتقاء، ادبی وسعت، رسم الخط اور لٹریچر وغیرہ کی نسبت مقالے درج ہیں۔ عورت اور شاعری، مدح و ذم وغیرہ جیسے ابواب سے کتاب کا مرتبہ بہت اونچا ہو گیا ہے۔ جیسا کہ لکھا جا چکا ہے۔ یہ کتاب کشمیر اکاڈمی آف آرٹ اینڈ کلچر کی جانب سے "کشمیری زبان اور شاعری" کے نام سے چھپ کر شایع کی جا چکی ہے۔

(۲) کلیاتِ مقبول۔ مشہور مثنوی گگریز کے مصنف مقبول شاہ کرالہ واری کے غیر مطبوعہ کلام کا وہ مجموعہ ہے جو کہ آزاد نے مقبول کے اپنے قلم سے لکھی ہوئی پرچیوں نیم محو شدہ اوراقِ پریشان سے نقل کیا تھا۔ اور اسے ترتیب دیکر ایک عالمانہ تنقید اور پیش لفظ کے ساتھ "کلیات مقبول" کے نام سے شایع کیا ہے۔

آزاد اور غزل

آزاد کی شاعری غزل سے شروع ہوئی ہے اور وہ اپنی شاعری کے مختلف ادوار میں برابر غزل کہتے رہے۔ میری نظر میں اُن کی غزل میں وہ تمام خوبیاں موجود ہیں، جن کے

ہوتے ہوئے غزل، غزل کہلائی جاتی ہے۔ غزل عموماً عشقیہ مضامین سے بھری ہوتی ہے۔ ایسے مضامین میں سوز و گداز کے ساتھ متنوع جذباتِ قلبی کا اظہار غزل میں جان پیدا کرتا ہے۔ آزاد کی غزلوں میں یہ صفت اول سے آخر تک موجود ہے۔ ان کی غزل میں درد کوٹ کوٹ بھرا ہوتا ہے۔ صنائع اور بدائع کا استعمال کرتے ہوئے الفاظ کو چُن چُن کر یوں جوڑتے ہیں کہ ایک حرف کو بھی بدلنا چاہیں تو ناممکن ہو جاتا ہے۔ صنف شعر میں ہم قافیہ مانوس اور ہم وزن الفاظ کی بندش آزاد کی شاعری کی خاص خصوصیت ہے۔ فلسفہ حیات اور اپنا پیغام آزاد نے عموماً اپنی چھوٹی بڑی نظموں میں پورے فنی التزام کے ساتھ پیش کیا ہے لیکن ایسے مضامین کو غزل میں بھی نبھایا ہے۔ چنانچہ اُن کی بہت ساری غزلیں اُن کی پولیٹیکل شاعری کے بہترین نمونے ہیں۔ مہجور کی طرح آزاد کی بھی یہی خواہش اور کوشش تھی کہ کشمیری شاعری کی دقیانوسی ساخت اور ڈھانچہ سے ہٹا کر اور تصوف کی دلدل سے نکال کر دیگر زبانوں کی بلند پایہ شاعری کے ہم دوش بنایا جائے۔ ان کی یہ بھی سعی رہی کہ کشمیری غزل نہ صرف گل و بلبل اور شمع و پروانہ کے راز و نیاز سے لبریز ہو بلکہ فلسفہ حیات کے بیان اور نیچر کی عکاسی کے لئے بھی استعمال ہو۔

آزاد نے اپنی شاعری کے اوایل میں جو غزلیں لکھی تھیں ان کو ابتدائی مشق سمجھ کر کبھی اس قابل نہ جانا کہ انہیں چھپایا جائے۔ اس زمانے کا

اکثر کلام آزاد نے خود تلف کر دیا۔ اس کے بعد کچھ عرصہ تک غزلوں کے ساتھ بھی
ان کا یہی برتاؤ رہا۔ حتیٰ کہ اپنے معیار کے مطابق جو کوئی غزل اپنی نظر میں
بہت کم حیثیت معلوم نہ ہوئی، صرف اس کو شامل رکھا۔ ابتدائی زمانے کے کلام
سے چند شعر پیش کئے جاتے ہیں، جب کہ آزاد احدؔ تخلص کرتا تھا۔ اشعار دیکھنے
سے معلوم ہوتا ہے کہ بالغ آزاد کا معیار سخن بہت بلند تھا۔ جس وجہ سے
نابالغ آزاد کا کلام ان کی ترازو میں تل نہ سکا۔ اور ایسی غزلیں ناکارہ سمجھ
کر پھینک ڈالیں اور کبھی اپنے نام سے منسوب نہ ہونے دیا ؎

ساقی و صراحی و مے و جام   غوغاے شراب خانہ کوت گوم
اے بادِ صبا شباہ گژھِ کمِ نا   احدؔنی وَنہ ہُس فسانہ کوت گوم

(صنعت مراۃ النظیر)

(مفہوم) وہ چھلکتا جام ہے وہ صراحی وہ ساقی اور میکدہ کا شور و غل
میری وہ محفل مے کشی کیا ہوئی؟ باد صبا! کبھی محبوب کے وہاں جاکر رات
کو احدؔ کا فسانہ سنا کر نہ آسکے گا!

(۱) کس وَنہ ژوٗ طرہ بالہ یار ہے وَنیو یے   تھؤونم للہ وُن نار ہے وَنیو یے
(۲) ابرٕ چاکرِ تھہ مژہٕ تیر لاگیتھ   چشمن سخت خمار ہے وَنیو یے
(۳) تن من زالُن شب و روز نالُن   احدس تھاوی نم کار ہے وَنیو یے

(۴)

مَن چھیتھ گیس متانہ ہے دیوانہ ہے

چوم عشقنے مے خانہ ہے پیمانہ ہے بیمانہ ہے

(۵)

دل از جنون تھوونم بَرِتھ جاے نصیحت آورِتھ

چھس زندہ آسِتھ یا مرِتھ دیوانہ ہے دیوانہ ہے

مفہوم :- (۱) سکھی! میں کس سے کہوں میرا بچپن کا دوست مجھ سے دور بھاگ گیا۔ اور میرے لئے سوزِ عشق کی تپش اور گداز چھوڑ گیا۔ سکھی! (۲) ابرو کی کمان کو کس کے تیر مژگان چھوڑ دیا۔ وہ دیکھو اس کی چشم شہلا میں کس قدر خمار ہے سکھی! (۳) رات اور دن آہ و فریاد اور جسم اور روح دونوں کو سوزِ عشق میں جلانا۔ یہ ہیں وہ مصروفیات جو محبوب میرے لئے چھوڑ گیا سکھی!

مفہوم (۴): میں نے عشق کے مے کدہ سے پیمانہ بہ پیمانہ اتنی مے نوشی کی کہ مدہوش کیا پاگل ہو گئی۔ (۵) میرا دل (دماغ) جو کہ نصیحت کو پرکھنے اور سمجھنے کا عضو ہے۔ دیوانگی عشق سے اس نے بھر دیا۔ اس طرح اس میں (دل میں) نصیحت کے لئے کوئی جگہ باقی نہ رہی۔ میں چاہے زندہ رہوں یا مردہ صاف دیوانہ ہوں۔

روزمرہ اور محاورے کے برجستہ استعمال کو آزاد نے اپنی شاعری میں فراوانی کے ساتھ جگہ دی ہے۔ غزل میں الفاظ چھچھلے اور بہت کاوش کے ساتھ

بٹھائے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ عام فہم الفاظ اور عام فہم تشبیہوں میں ایک معصومانہ ادا سے باریک نکتے پیش کرنا آزاد کا ہی حصہ ہے۔

(۱) دوستو مِتہٕ ییم بہانہٕ ترٛاو سو کوٚسہٕ لَنٛڈ یُتھنہٕ لوٚگمُت واو
کُس گُل یُتھنہٕ وُچھِتھ بُلبُل بہٕ لاگے درد ہی ترٛ گُل

(۲) وٚزے یِتھ پاٹھو میٚنٛزے مٔنٛز تیٖل نتہٕ یِتھ آب پیالس نیٖل
رِتھے پاٹھو تس تہٕ میٚ گوٚو میٚل بہٕ لاگے درد ہی ترٛ گُل

مفہوم :۔ (۱) میرے حیلہ گر دوست! دُنیا میں ایسا تو ہوتا ہے۔ لیکن یہ سب حیلے بہانے چھوڑ دے، میرے پاس آ۔ ذرا سوچ بھی کہ وہ کونسی ٹہنی ہے جو ہوا سے جنباں نہ ہوئی ہو۔ وہ کونسا پھول ہے جس سے بلبل کا لمس نہ ہوا ہو۔ (۲) میرے محبوب کا اور میرا آپس میں ایسا میل قایم ہوا ہے کہ ہم دونوں اس طرح ایک ہو گئے ہیں۔ جیسے کہ مٹی اور تیل یا پانی اور نیل آپس میں مل کر ایک ہو جاتے ہیں۔

(۱)

رگہ ترٛ دِلہ زار سوزس پرٛ تی ییے نیرِہ شرٛ پھیرِہ بیمارُن ہوشس
پوشہِ کھوتہٕ رادِ مُشکہ خوتہٕ لوٚتی ییے پیترٛ لوٚہ ہتہ ییے لاگے پوشس

●

(۲)

لوکہٕ چار پینہٕ نے آیِت ہتھاوس چھو کہ لہ واٚلنجہ ژٔلہِ ہیٚم بار
مرٛہ ما کرِہ کیاہ یِتھ چکہٕ چاوس کنہ بوز واوس وٚنیو زار

یاوِنہ بَبرے واو کرہ ناوس | ناوَن دُنیا بَرم باُزی کار
سُورہ ییلہ یاوُن سورن ہاوس | کنہ بوز داوس وَنہ یو زار

(۳)

ییہم از روشہ پوشہ مَت ییتھ سونتک ہوا لوّت لوّت
دِلک دیرینہ تب سوّت سوّت بظاہر چھُم ہمان امشب

مفہوم :- (۱) میرے محبوب ! تر و تازہ پھول تیرے نچھاور کرونگی۔ یعنی تیری درگاہ میں آہ وزاری کی پیش کش کرونگی۔ آہ و زاری کیا کہ جو پھول کی پتیوں سے نازک تر اور خوشبو سے زیادہ ہلکی ہو، اور جس سے سُن کر کسی بھی شخص کے ارمان پورے ہوں اور جس سے بیماروں کے ہوش وحواس ٹھکانے لگ جائیں۔

(۲) میں اپنا شباب اس کے قربان کروں گی۔ شاید ایسا کرنے سے میرا مجروح دِل کچھ ہلکا محسوس ہونے لگے۔ نہیں تو مجھے مرنے کا احتمال ہے۔ محبوب سُن لے کہ میں بادِ صبا کے ہاتھ کیا سندیسہ بھیج رہی ہوں۔ میرا شباب پُر کیف ریحان کی طرح خوشگوار اور خوشبودار ہے۔ یہ اس کی خدمت میں صرف ہو تو ہو۔ نہیں تو اس فلک پیر کے کیا کہنے۔ یہ دغا باز اور فریب کار ہے۔ یہ شباب کو رفتہ رفتہ ختم کرتا ہے۔ اوہو ! جب شباب ہی ختم ہوگا تو شباب کے ارمان اور خواہشات بھی ختم ہو جائیں گے۔ اس لئے یہی وقت ہے کہ میں

اپنے دلفریب شباب کو اُس کے قربان کردوں۔

(۳) مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میرے دل کا کہنہ مگر ہلکا ہلکا بخار کم ہوتا جاتا ہے۔ شاید اس لئے کہ محبوب (پھولوں کا شیدائی) میرے یہاں چپکے سے نظر بچا کر یوں آئے گا جس طرح بہار کی ہوا آتی ہے۔

شاعری میں عشقیہ مضامین کی جان محبت کے جذبات کا متنوع اظہار ہے۔ کشمیری زبان میں "لول" کا لفظ محبت اور دل میں کسی کیلئے احساس کشش کے مرکب جذبہ کو ظاہر کرتا ہے اور اس طرح دوسری زبانوں کے ہم مفہوم الفاظ سے بالکل جدا ہے۔ اور اس لئے نادر ہے۔ "لول" کو آزاد نے تصوف کی زنجیروں سے آزاد کرکے ایک "مادی جذبہ" کی صورت میں میٹھے اور مترنم انداز میں پیش کیا ہے۔ زبان اور محاورات کا برمحل استعمال کرتے ہوئے نازک خیالیوں کو اشعار میں سمو دیا ہے اور "لول" کو اور بھی شیریں بنا دیا ہے۔ مثلاً یہ شعر ملاحظہ ہو سے

یس فوٗل نہ دل تہٕ جگر ہیتھ لولہ نارہ کیٛ شر

تُمے بوزہ روزِ محشر باغِ اِرم غنیمت

مفہوم:۔ جس کا دل و جگر محبت کی آگ کی تپش سے شگفتہ نہ ہو سکے۔ ایسا ہی آدمی قیامت کے دن روضۂ رضوان کو غنیمت سمجھ سکتا ہے بھلا دیکھئے کہ جنت کی رنگین زندگی کو محبت میں خستہ و خراب

دل اور جگر کی کیفیت سے کس قدر کم مایہ اور پھیکا بنایا ہے۔ اور قول کو اس طرح گرانقدر جذبہ بنایا ہے۔

بٲلی شہ ہے چھُ بے وفا میون اَمار کیاہ کرے

سیرِہ وُنس محبتس زور تہٕ زار کیشاہ کرے

مفہوم :۔ سکھی! بالم تو بے وفا ہے میری تمنائیں کیا کر سکتی ہیں؟ اس کے دل سے گھٹتی محبت میری زبردستی سے تو نہیں بڑھ سکتی۔

قدمن ہا چشمہ وتھراوے مدنو   لالئن ہا مالہ کرِہ ناوے مدنو

نظرِ ے نیرِ ے تھزَان ہا پھیرَ ے   وگنین سیتی وَنہ ناوے مدنو

تازہ یارانَس عہد تہٕ پیمانَس   آدنِکی لولہ ہَوری تْراوے مَدنو

گُمانہ مو بَر یمِ ضرب جگر   وادس تہٕ کادس ہا دے مدنو

عالم ہا کرہ یاد آزاد آزاد   کنہٕ ساعتہ وُچھتہ یاد پاوے مدنو

مفہوم :۔ اپنی آنکھوں کو تمہارے قدموں پر نثار کروں گی، اور آنکھوں کی پتلیوں کی مالائیں بنا کر تمہارے گلے میں ڈالوں گی (۲) اونچی اونچی ڈھلانوں سے تمہاری راہ تکتی رہوں گی۔ حوروں سے تمہارے لئے گیت سنواؤں گی۔ (۳) تم نے غیر سے عہد و پیمان باندھ کر جو تازہ یارانہ قائم کیا ہے، اُس کی تقریب پر تمہاری اور میری ابتدائی محبت کے گیت گاؤنگی (۴) ذرا بھی یہ وسوسہ نہ رکھ کہ تیرے عشق میں حاصل کئے ہوئے زخم جگر

کو کسی پر بھی ظاہر کرونگی (۵) کوئی دن ہوگا جب ساری دنیا آزاد کو یاد کر کے چرچا کرے گی۔ دیکھنا وہ دن بھی آئے گا، جب یاد دلادونگی۔

ترنم ملاحظہ ہو۔ الفاظ کی زیبا بندش اور معصومانہ طرز ادا سے سارے اشعار بھرپور ہیں۔ سُننے والے کی آنکھیں نم ہوتی ہیں۔ عوام اور خواص میں آزاد کی موجودہ مقبولیت دیکھکر مقطع ایک پیشین گوئی کی حیثیت رکھتا ہے ؎

پہیہ ناوُنہ اوس شُرہ یان جیسہ نہ پھیرہ تس مدہ نس ادہ ہے ہاے
مرکہ تھے مرتبہ ہرہ بے کسہ نہ پھیرہ تس مدہ نس ادہ ہے ہاے

مفہوم:۔ اب بھی میرا شباب موجود ہے۔ کاش وہ آئے۔ اور میری تمنائیں پُوری ہو جائیں۔ نہیں تو ایسے ہی زندگی ختم ہو جائے گی پھر اُس محبوب کو بہت دُکھ ہوگا۔ میرے مرنے کے بعد مجھ جیسے بے کسوں کا رنج کرنا یقینی ہے جو کہ ستم ظریفی ہے۔ اس شعر میں آزاد کو مرزا غالبؔ کی طرح اس بات کا احساس معلوم ہوتا ہے ؎

شہرۂ شعرم بہ گیتی بعد من خواہد شدن

منز لولہ کین اخبارن آزاد چھ موختہ ہارن
منظور خریدارن چھ نامہ نگار آسے

مفہوم:۔ محبت کے اخباروں میں آزاد "لول" کی دُرافشانی

کر رہا ہے۔ کیا ایسا نامہ نگار اخباروں کے خریداروں کو پسند ہوگا۔

لول کی باتوں کو آزاد نشر کر رہا ہے۔ اور وہ "لول" کا پیامبر ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ آزاد کو لول اور غزل سے کتنی دلچسپی اور کیسا ربط ہے ؎

یاد نہ میا نے یاون رایے — مائے چھس یو وند وانے
پاڑی پاڑی لگہ یو ژھایہ تہ گڑایے — مائے چھس یو وند وانے
سوز ہینتھ آزاد ڈرا وبے وایے — شمعس گتھ کرہ پروانہ
مزہ اتھ لولکس وزنس کیائے — مائے چھس یو وند وانے

مفہوم :- میرے محبوب ! تم میری جوانی کا جوبن ہو میں تمہارے لئے پیار کے گیت گاتی ہوں۔ میں نثار ہو جاؤں تمہاری چال ڈھال پر .... آزاد درد محبت کی لے کر بے کھٹک اپنی شمع پہ پروانہ وار قربان ہونے کیلئے نکلا ہے۔ دیکھنا عشق میں جل جانے کا کتنا مزا ہے۔

کیسے اندوہگین لہجے میں محبت کا پُر درد اظہار ہے

بیلہِ گوم کنن کتام نِش — حسنس چھہ فتنیچ ملہ مش
گوم اشک پشمن جاری یے — ساتھاہ ژہ بولہ وِنی ہاری یے

مفہوم :- جب میں نے کسی سے یہ سُنا کہ حُسن کے ساتھ فتنہ انگیزی کی ملاوٹ ضرور ہوتی ہے۔ تو میری نظر آغاز اور انجام پر پڑی .... اور آنکھوں سے آنسو نکل پڑے۔ اے جنگل کی مینا ! تھوڑی دیر مجھے اپنا راگ سُنا۔

حسن کے ساتھ فتنہ کی "ملہ مش" ایک دلکش بندش ہے۔ جس سے شعر کی رفعت اور بڑھ گئی ہے۔

دُورہ وُچھمکھ نیوان ڈالہ مخمور ۔۔۔ اُلہ راوان حالہ اَکہ سونہ کنہٕ دوُر
تیز مہمیزہ اہر بیزہ فُلیے لو ۔۔۔ چارہ میو نُے ژہٕ کریتہٕ نازلُے لو
دزہٕ وُن نار لو کچار مزہ دار کیاہ ۔۔۔ شولہ ماران گرہٕ تارہ بے واہ
اَمہ چھہ ڈاُلی ہتی ہوشہٕ گاٹگیے ۔۔۔ چارہ میو نُے ژہٕ کریتہٕ نازلُے لو
مُفت آزاد ژیہ پتہٕ فلوا ڈراو ۔۔۔ مارہٕ ہتیو زانہٕ ہکھہ میو نُے باو
ییلہٕ بہمہ ہے دیارن موٗ لُے لو ۔۔۔ چارہ میو نُے ژہ کریتہٕ نازلُے لو

مفہوم:۔ (۱) محبوب! جب میں نے تمہیں دُور سے مخمور حالت میں ٹہلتے ہوئے اور اپنے کانوں کے جھمکے کچھ ایسی ادا سے ہلاتے دیکھا کہ ایک نادر کیفیت بپا کرتے تھے۔ تب تمہاری تیز تیز ادائیں ایسی رواں دواں تھیں کہ جیسے چھوٹی چھوٹی گولیاں! اے نازنین خدارا، میری چارہ جوئی کر (۲) شباب ایک پُر لطف مگر فانی زمانہ ہوتا ہے جو سُلگتی ہوئی آگ کے مشابہ ہوتا ہے اور جس کے شعلے صرف تھوڑی دیر کے لئے اُٹھتے ہیں۔ یہ بڑے بڑے عقلمند لوگوں کے ہوش بگاڑتا ہے۔ (۳) محبوب! آزاد بغیر کسی معاوضہ کے تیرے پیچھے پیچھے دیوانہ وار چلا جا رہا ہے۔ اس کی کیفیت تُو کیا جانے؟ جب تجھے ایسا آدمی کہیں گرہ سے دام دیکر اپنا گرویدہ بنانا پڑتا

جب تم اس کی قدر دانی کرتے!

بچپن کی تعریف اور دام دیگر اپنا والہ و شیدا بنانے کا خیال لطف سے خالی نہیں۔

آئینہ وُچھان اس وَنان سینہ بیسِتہ — بے کینہ پَزِ کر یا گٹھو دینہ ڈلے دورہ غلے لو

بُرزہ کارہ خَم دِتھ شانہ بجف اپنین یار — بیچارہ زُلفن مُشک ملے دورہ غلے لو

کرنازہ سۃ محُور وَنان تازہ یارن اوس — آزاد کُرِ بتھ فتنہ ستّے دُورہ غلے لو

مفہوم:- (۱) محبوب آئینہ میں اپنی صورت دیکھ کر اپنے آپ سے ہی کہہ رہا تھا کہ بلاشبہ کوئی بھی بے لُوث انسان میری شکل دیکھکر میرا شیدائی ہو جائے گا۔ (۲) آئینہ کو سامنے رکھکر محبوب اپنے گھونگر والے بالوں میں ایک خاص ادا سے خوشبو اور عطر مل رہا ہے۔ کیفیت ملاحظہ ہو لمبی لمبی گردن کو ذرا سا ایک طرف جُھکائے ہوئے ہاتھ میں کنگھی ہے اور ماتھے پر بل ہیں۔ (۳) اپنے نئے بنائے ہوئے دوستوں کی محفل میں ایک پُر کیف حالت میں محبوب یوں کہہ رہا تھا کہ جب آزاد کو اس بزم کا حال معلوم ہوگا۔ تو (مارے رقابت کے) کوئی فتنہ برپا کرے گا۔

دوسرے شعر میں ایک عام تجربہ کو محبوب کے ساتھ وابستہ کر کے جہاں طرب آمیز بنایا ہے وہاں ایک معمولی روزمرہ واقعہ کی صحیح عکاسی کر کے اپنے زورِ قلم کے جوہر دکھلائے ہیں۔ مقطع میں ناز و ادا۔ خُمار، تازہ

یارانہ اور آزاد اور فتنہ کے استعمال سے ایک دلکش سماں باندھا ہے اور
ایک حسین تصویر پیش کی ہے ؎

زن اہر بیرہ چھلی تیز مہمیزہ چاٹی   پؤتس پتھ دوان دأرہ دأرۍ نگارو

مفہوم :- (۱) محبوب عاشق پر شوخی سے بھرپور، ناز و ادا، اور
کرشموں کی یوں مشق کرتا ہے۔ جیسے "اہر بیرہ" (لوہے کے چھوٹے چھوٹے دانے)
سے یکے بعد دیگرے کسی پر وار کرتا ہو۔ اس شعر میں الفاظ کی ہم آہنگی اور
نادر تشبیہہ سے جان سی پڑ گئی ہے۔

قسم دٔرۍ ہیتھ دِتم تَس کأفرس دل   خبر چھنہ آسہ کیاہ انجام لُٹِیے
ہوس چھم تَنہٕ تن لأگتھ وَنُس حال   بنیتھ کأفر اُنیتھ اسلام لُٹِیے
چھ نادان بوالہوس کأفر گنہگار   ملامت عاشقس چھا پام لُٹِیے

مفہوم :- (۱) میں نے پورے قاعدے کے ساتھ سوگندہ کھا کر
اُس بے دین کو اپنا دل تو دیدیا نہ جانے اس کا کیا انجام ہوگا ؟ (۲) میری آرزو
ہے کہ اس کے عین ساتھ بیٹھکر اپنا سارا ماجرا اس کو سناؤں۔ چاہے اسس
میں بے دینی اختیار کرنی پڑے یا دینداری۔ (۳) محبوب ! تم نے مجھے نادان،
بوالہوس، کافر، گنہگار کہہ کر ملامت کی۔ اس میں کوئی جھڑکی تو نہیں۔ عاشق
واقعتاً نادان وغیرہ سب کچھ ہوتا ہے۔

" قسم دٔرۍ " محاورہ ہے۔ خدا کو حاضر و ناظر جان کر کسی اہم سودا

کرنے کے وقت، فریقین کا سوگند کھانا دینداری کی دلیل ہے۔ عاشق دینداری
پر قایم ہے۔ لیکن فریق ثانی (محبوب) کافر (بے دین) ہے۔ کفر و دین کے
تضاد نے شعر میں جان سی ڈالی ہے۔ ظاہر ہے کہ ایک بے دین، دینداری
کے مراتب پر ظاہرا طور پر چل کر بھی کہاں پورا اُتر سکتا ہے۔ اس لئے انجام کار
دل دادن و دل شکنی مقدر ہے جو نہ نگوز نہیں۔" دوسرے شعر میں محبوب سے
قرب حاصل کرکے اس کو سب حال دل سنانے کی آرزو کا اظہار ہے اور حال
سنا کر اگر ضروری ہو کہ محبوب کو اپنا بنانے کے لئے اسے بے دینی اختیار کرنا
پڑے تو عاشق اس کے لئے بھی تیار ہے۔ اور اگر اس سے بھی کام نہ چلے تو اسے
دیندار بننے میں بھی کوئی تامل نہیں۔ تیسرے شعر میں ایک واقعہ کی تصویر ہے
معشوق نے عاشق کو جھڑکیاں دی ہیں کہ وہ کافر ہے۔ بوالہوس ہے وغیرہ۔
محبوب کے سامنے عاشق کا سر تسلیم خم ہے۔ کہتا ہے کہ واقعی عاشق کافر وغیرہ
یہ سب کچھ ہوتا ہے۔ اس میں کوئی کرکی نہیں۔ ہاں تھوڑی سی ملامت ہے
لیکن ملامت کرنا معشوق کا ایک ازلی حق ہے۔ اور عاشق کا ملامت سہنا ایک
ازلی فرض ہے۔ آزاد نے کم سے کم الفاظ میں اس خیال کو جس طرح ادا کیا ہے
وہ اُسی کا حصہ ہے، ایسے اشعار پڑھکر مرزا غالب کی "تصویر کشی" یاد آجاتی ہے۔

زُلفن اویزان کیٛاہ زبردل عاشقن ہندی سر بسر
ییتھ پاٛٹھ ظُلمٕ تس اندر آسان چھ لال اے نازنین

جبد دِل دُشمن شو ُبان کیشاہ نزدیک تھۂ موے سیاہ

زَن کالہ ابرس تَل ہناہ رُوزِ تھہ ہلال اے نازنین

مفہوم: ۔ محبوب کی زُلفوں سے عاشقوں کے دل لٹکے ہوئے کیا خُوب دکھائی دیتے ہیں۔ یوں معلوم ہوتا ہے، جیسے کہ چشمہ آبِ حیات کی گہرائی میں سے لعل چمک رہے ہیں۔ سڈول ابروؤں کے ذرا سے حصہ کے اوپر لٹکے ہوئے محبوب کی کالی زلفوں کا یہ حال ہے۔ جیسے ہلال کا ذرا سا حصہ کالے بادل کے نیچے آگیا ہو۔

اس شعر میں تشبیہوں کا استعمال بے حد لطیف ہے۔ محبوب کی زلفیں "چشمہ آبِ حیواں" سے متشابہ ہیں۔ اور دوسرے بیت میں ابرو کو ہلال سے اور زلفوں کو کالے بادلوں سے تشبیہہ دی ہے۔

روشہ روشہ پوش چھاوان کوت ژُوَلُم بے عار دوست

خوش طبیعت، خوبصورت، خشمہ ہوت میخوار دوست

آفتِ چین، غارتِ دل، راحتِ جان، سروِ ناز

شاہِ خوبان، ماہِ تابان، حیلہ گر عیار دوست

الفاظ بچے تُلے اور موزوں ہیں۔ فارسیت سے بھرپور۔ ابتدائی غزل گوئی میں فارسی الفاظ کا کافی دخل ہے ؎

پریشان دلن منز یہ زُلفِ پریشان یمی کُچھ تھئے پادشاہ سوندری لو

صفا دِل وفادار یارَن تمنا   گغاہ، خوش کلاماہ، کتھا سعہ ندری لو

مفہوم :۔ تیری زُلفِ پریشان کا تصور متوالے عاشقوں کے دلوں کو پریشان رکھتا ہے۔ طُرفہ تو یہ ہے کہ جیسے لوگ ہیں۔ ویسے ہی اُن کا بادشاہ ہے۔ (۲) محبوب! تمہارے چاہنے والوں کے دلوں میں صفائی ہے وفاداری ہے اور کھوٹ کوئی نہیں ہے۔ انہیں تم سے اور کوئی آرزو نہیں، فقط یہ کہ ان سے دل کھول کر بات کرو۔

آزاد صنایع و بدایع کے بے حد دلدادہ تھے۔ جہاں شعر کو پُر معنی بنا لیتے ہیں۔ وہیں معنی کو کسی نہ کسی صنعت کے اضافے کے ساتھ اور حسین بنانے کی خصوصیت ان میں بدرجہ اتم موجود ہے۔ اوپر کے پہلے شعر میں لف ونشر کی صنعت کا استعمال ہوا ہے۔ دوسرے شعر میں تجنیس ناممکل کی صنعت کے استعمال نے شعر میں لطافت کا اضافہ کیا۔

(ا) گنجسو کران جانے سرٹہے   آرہ کرٹہے بدول جمال

(ب) گاہ روبرو، گاہ ژھایہ   ژھاین وُ چھان آزاد
محرم دِلکُ ہمسایہ چھُس بروشٹھ سےکنہ لو

(ج) عید چھم تہ کرہ ناشادی پے   دیدو وُ چھم اُدی اُدی پے

(د) شاد گو آزاد ژادیلہ بُرسے   یادمیوس آدنک ننده بون یار
توشی اتھ بوتُس پوشہ گندریے   ساز کرُی کرُی پے بادہ رتہ خار

مفہوم :- (الف) میں دُکھیا تمہاری اُمیدوں کو پالتے پالتے ختم ہونے کو آئی ہوں - (ب) آزاد کبھی کھُلم کھُلا آمنے سامنے ہو کر اور کبھی نظر بچاکر محبوب کی پرچھائیوں کو تک رہا ہے۔ ارے یہ کیا کر رہا ہے؟ اس کا محبوب تو سامنے ہمسایگی میں رہتا ہے۔

(ج) آج عید کا دن ہے۔ میں خوشیاں کیوں نہ مناؤں میں نے ابھی ابھی اپنی آنکھوں سے محبوب کا دیدار کیا ہے۔

(د) آزاد جب محبوب کے دروازہ کے اندر داخل ہوا۔ تو یہ دیکھ کر اپنے اوائل شباب کا دوست نظر آگیا وہ بہت خوش ہو گیا۔ میرے محبوب (گلدستہ) اپنے حسن پر غرور اتراؤ اور ناز و انداز کے زیور سے سجائے ہوئے چہرے کا دیدار کراؤ۔

ان اشعار کی خوبی ملاحظہ ہو کہ کیسے یک لخت دوبالا ہو جاتی ہے جب آپ فرض کیجئے گا کہ یہ اشعار واردات قلب اور واقعات سے متعلق ہیں۔ (اور مجھے جہاں تک یاد ہے ان اشعار کا تعلق حقائق ہی سے ہے) واقعہ نگار، حقیقت سے متعلق اور دِل سے براہِ راست نکلے ہوئے اشعار تاثیر سے زیادہ واسطہ رکھتے ہیں۔ اور ظاہری نزاکت سے کم ۔

بُلبُلو وۆد، گُلٔ ہُرِتھ بیٖٹھی، سرو گُلٔ گے رُوزِتھ رُوزِتھ
چاک جامن دِتھ یہ کیٛاہ سنہ پاک دامانس وَنیوم

شور تُل پان ژادرَو تہٕ رود دُرہی یاوَن آرام

تمنہٕ مُرشداؔدِ بتھ یہ دردِ دِل کوہتا نس ونیوم

مفہوم :- (۱) جنونِ عشق میں کپڑے پھاڑ کر میں نے اپنے پاک دامن محبوب سے یہ کیا کہہ دیا کہ اسے سُنکر بلبلوں نے چیخ و پکار شروع کی پھولوں کی پتیاں جھڑ گئیں اور سروِ صنم بکمؔ کھڑے رہ گئے۔

(۲) میں نے دل کھول کر اپنا دردِ دل جب پہاڑوں کو سنالیا تو آبشار سُنکر ایسے متاثر ہوئے کہ وُہ متحرک اور نالان ہو گئے۔ دریاؤں کے کانوں تک میری آواز پہنچی تو وُہ سکون کھو بیٹھے اور رواں دواں ہو گئے۔

بُلبُلوں کے فطری طور چہچہانے پھولوں کی پتیاں جھڑنے اور سرو کے قدرتی طور ایستادہ رہنے کو آزاد نے حسنِ تعلیل سے کام لے کر اپنی آہ و فغاں کا اثر بتلایا ہے۔ علیٰ ہٰذا القیاس آبشاروں سے رواں دواں حالت میں شور پیدا ہونے اور دریاؤں کا ساکن ہونے کی بجائے متحرک ہونے کو اپنی آہ و فریاد کے اثر کے نتیجے سے تعبیر کیا ہے۔ اس طرح اشعار میں نازک خیالی اور ندرت کے علاوہ لطافت بھی پیدا ہو گئی ہے۔

عشق پھران کمن کمن تنہٕ ریشن تہٕ عالمن

عشق کرال [illegible]

گارہ گئی ژیۂ خہ ردہ سائی یار بنان چھ دیاڑہ وائی
میرڈ چھم بنان فرژائی داتہ بنان سوائیلے

مفہوم :- عشق ایک ایسی حالت ہے جس میں بڑے بڑے درویشوں اور داناؤں کے ہوش اُڑ جاتے ہیں۔ اس سے سیدھے سادے نازک بدن حسینوں کا رنگ فق ہو جاتا ہے۔

(۲) کم سن محبوب! بے زر آزاد کو چھوڑ کر تمہیں زردار امیروں سے دوستانہ کی اتھاہ چاہت پیدا ہوگئی ہے۔ مگر میں نے دیکھا ہے کہ بڑے بڑے امیر غریب بن جاتے ہیں۔ اور دوسروں کو خیرات دینے والے خود گداگری کرنے لگتے ہیں۔

چھوٹے چھوٹے الفاظ منتخب کر کے چھوٹے چھوٹے جملے بنانا اور ان کو آپس میں اس طرح جوڑنا کہ شعر دل گداز اور سُریلا بن جائے، آزاد کی خصوصیت ہے۔

نار اُتھہ لولہ شہلائس ژھاران سہ ندرمال چھُنڈر یایس
نگدہ بون یاوُن پوشے بجوت زَن اُتھہ مُنزہ پیوم ہے ہائے

مفہوم :- میں محبت کی طغیانی زدہ ندی کو پار کرتے کرتے اتنا بوکھلا گئی کہ میری جوانی کا پیارا جوبن میرے ہاتھوں چھوٹ کر یوں ضایع ہوگیا جیسے کسی سیلابی ندی کو پار کرتے ہوئے منجدھار میں پھولوں سے بھری ڈالی

ہاتھ سے چھوٹ جائے اور ایک ایک پھول پانی میں بکھر جائے اور بہتا ہوا آگے نکل جائے اور کبھی ہاتھ نہ آئے۔

اس خیال کو مناسب طور ادا کرنے کی سعی میں آزاد کو کئی سال لگ گئے تھے۔ ان کے گاؤں کے آس پاس کئی ندیاں تھیں۔ ایک دفعہ برسات کے موسم میں جب ایسی ندیوں کا پاٹ گہرائی اور روانی بہت بڑھ گئی تھی کسی راہرو کو ندی پار کرنا پڑی، منجدھار میں پہنچ کر اس کا پاؤں پھسلا اور سر پر سے ٹوکرا گرا، اور سب چھوٹی بڑی چیزیں جو ٹوکرے میں تھیں نذر آب ہو گئیں اور پانی میں ایسی بہتی چلی گئیں کہ ایک بھی ہاتھ نہ آسکی۔ آزاد نے مجھ سے اس کا ذکر کیا کہ یہ واقعہ دیکھکر اُسے ایک نادر تشبیہہ ہاتھ آگئی۔ لیکن شعر مناسب بیٹھا نہ تھا۔ دو ایک شعر سُنائے۔ جن میں اس تشبیہہ کو استعمال کیا تھا لیکن اپنی نظر میں شعر جچے نہ تھے۔ کئی سال کے بعد مندرجہ بالا شعر موزون ہوا، اور مجھے سُنایا۔ ظاہر ہے کہ بسا اوقات ایک خیال کا اظہار کرنے میں کس قدر کاوش اور وقت درکار ہوتا ہے۔ ایک مشاق شاعر بھی برسوں میں خیال کو حسب منشا ادا نہیں کرسکتا ہے۔

بلبُلن ہُند سوز درد ُک ساز پیغام بہار
ہردہ کس وادس نشے بوزان بوزن واگلے
شیچھو کُنی ہیتھ آوجستمک واوگُلزارس اندر
گُل اَسان شبنم وُداق، بلبُل گمتھ دُبائے رلے

باغوانَن شادی آتشبازی دارِن منز دزان

درده پوشن پھیر زردی بلبلن دٔدی آلیہ

مفہوم:- (۱) آمد بہار پر بلبلوں کا چہچہانا اور درد محبت کا سوز و ساز پیام بہار ہوتے ہیں۔ لیکن گوش ہوش رکھنے والے تو یہ پیغام باد خزاں سے بھی سن لیتے ہیں۔ (۲) باد صبا تو ایک ہی پیغام لے کر چمن میں داخل ہوئی۔ مگر دیکھیے پھول ہنس رہے ہیں۔ شبنم رو رہی ہے۔ اور بلبل متوالے ہو رہے ہیں (۳) چمن زار میں آتشبازی چھوٹ رہی ہے۔ باغبان یہ نظارہ دیکھکر خوش ہو رہا ہے۔ لیکن اُسے کیا معلوم کہ آتشبازی سے پھولوں کا رنگ زرد ہو رہا ہے اور بلبلوں کے آشیانے جل کر خاکستر ہو رہے ہیں۔

گل و بلبل، باغ و بستان، بہار و خزاں کا موضوع پیش پا افتادہ ہے۔ مختلف تصویریں شاعر کے سامنے ہیں۔ بہار کے رسمی پیامبروں کو چھوڑ کر آزاد اسرار بہار باد خزاں سے بھی معلوم کرتا ہے۔ پھر حیران ہوتا ہے کہ باد صبا تو بظاہر ایک ہے۔ لیکن جس کسی کے ساتھ اس کا لمس ہوتا ہے، وہ جداگانہ طور متاثر ہوتا ہے۔ کسی پہ ہنسی کی کیفیت طاری ہوتی ہے، اور کسی پہ گریہ کی کیفیت طاری ہوتی ہے۔ یہ کیا راز ہے! انسان کی ہستی کچھ ان ہی متضاد تاثرات پہ مبنی ہے اور ان ہی پہ قایم ہے۔ یہی حال آتشبازی کے نظارہ کا ہے۔ کسی کے لئے وہ باعثِ مسرت ہے، کسی کا گھر جلاتی ہے

اور کسی کو دُکھی بناتی ہے۔ ایک ہی واقعہ سے انسانی زندگی پر متضاد اثرات

مرتب ہوتے دیکھکر آزاد ہستی کے ایک بھید کی طرف توجہ دلاتا ہے۔

ترادی پرانی قصہ تہ افسانہ	ترادی زالی زالی پنجرہ تہ زولانہ
چھاوی یاونگ شرادن تہ مارو بیسو ہے	نیری چھاونہ گل تہ گلزار ویسو ہے
چھک زہ توشاں سازس تہ سامانس	واجہ مرمن تہ بیپہ رعونہ داما نس
یہ چھ سورے ناپائدار ونیسو ہے	نیری چھاونہ گل تہ گلزار ویسو ہے
پایدارئی چھ ناوس تہ ورتاوس	نہ زہ سہ رس تہ سازس پاراوس
پوشہ ون چھایہ جوشہ ون نار ویسو ہے	نیری چھاونہ گل تہ گلزار ویسو ہے

مفہوم :- (۱) میرے ندیم ! چھوڑ بھی دو ، وہ سب پرانے

قصے اور کہانیاں ، تمام پابندیوں اور پردہ داریوں کو آگ لگاؤ۔ شباب کی جولانیوں

سے دل کھول کر لطف اندوز ہو جاؤ۔ اور باغ و بستان کی سیر سے مزے اڑاؤ

(۲) ارے ! تم اپنی پوشاک اور ساز و سامان اور گوناگوں زیورات پر

نازاں ہو۔ یہ سب ناپائدار ہے۔ تم باغ و بستان کی سیر سے مزے اڑاؤ۔

(۳) دنیا میں سرمہ و ساز ، خوش وضع پوشاک سب فانی چیزیں ہیں۔ یہا

ں پائیداری صرف اچھے اوصاف اور اچھے برتاؤ کی ہوتی ہے۔

شباب کا ہار اور ساون یعنی کمال ، ساز و سامان اور واجہ مرمہ ،

رعونہ داماں ، ناو ، ورتاو ، پیراو ، یہ سب ترکیبیں لطیف اور موزوں ہیں۔ اور

اشعار اپنی اپنی جگہ ایک مکمل نقشہ اور کیفیت پیش کرتے ہیں۔ مختلف صنایع کے استعمال سے اشعار کی معنوی خوبی میں بھی اضافہ ہوگیا ہے۔ تیسرے شعر میں " نہ زہ " کا استعمال بے حد لطیف ہے، اور شعر کی جان کہا جاسکتا ہے۔

بہارِ کی دۄہ تہٕ یاوُن، عید دیدن یارہ گنڈ دیدار
شُبیاہ وُڈ کین ژٕرُن سۄ رگس نمُن حوُرن تہٕ غلمانَن

ییٚتیٚ دۄ گنیاڑ کٔے زنگاہ تہٕ یِحسانکٕ فسانہٕ بوز
نمُن ہیوٚت برہمنو کعبس مُسلمان ژاے بُتخانس

مفہوم :- (۱) موسم بہار ہو۔ عید کا دن ہو، اور شباب کا جوبن اوج پر ہو، اور سامنے محبوب ہو۔ بھلا ایسے موقعہ پر بہشت کی خواہش کرنا یا حور وغلمان کے لالچ کے پیچ میں آنا کہاں کی دانائی ہے۔

(۲) یہ بھی دوئی کا ایک روپ اور یک جہتی کا بہانہ جان لے کہ برہمن کعبہ میں جاکر سجدہ کرنے لگا ہے، اور مسلمان بت خانے میں پوجا کرنے کے لئے داخل ہوا ہے۔

حور وغلمان اور جنت و کوثر کی دلفریبیوں کو نسیہ تصوّر کیا ہے اور عالم شباب میں عید کے دن خصوصاً جب بہار کا دور دورہ ہو اور محبوب کی صحبت حاصل ہو، نقد گردانا ہے۔ یک جہتی اور دوئی کے متعدد پہلوؤں

کو انصاف اور عقل کی چھانی میں چھانتے ہوئے آزاد دیکھتا ہے کہ مسلمان مندروں میں داخل ہو کر اور برہمن کعبے میں سجدہ ریز ہو کر دوئی کو مٹا نہیں سکتے۔ مندر ایک چیز ہے اور کعبہ الگ۔ شاعر کا عندیہ ظاہر کرتا ہے کہ یکجہتی جب نمودار ہو سکتی ہے جب نہ ہندو رہے نہ مسلمان۔ فقط انسان رہے یہ انسانیت کے تصور کا کمال ہے۔

سروِ خوش، سنبل پریشان، گُل اَسان، شبنم روان
کینہہ چھُوِن غمگین کینہہ کرِ چھُوِن خوشحالیے

مفہوم:۔ سرو خوش و خرم اور سنبل پریشان ہے۔ پھول ہنس رہا ہے، اور شبنم رو رہی ہے۔ قدرت کی ستم ظریفی ملاحظہ ہو کہ چمن ایک ہے اور ان سب کا مسکن ہے، لیکن اہالیان چمن ہیں کہ کچھ بے حال اور غمگین ہیں اور کچھ خوشحال اور شادمان ہیں۔

پرژھتہ چشمن تہٕ خنجر بازِ چھُن کیاہ بہ وَنے
ژُورہِ آزاد بہان کیاژہ چھُ دُورہ دُورے

مفہوم:۔ اپنی جادو گر آنکھوں اور خنجر ابروؤں سے پوچھ کہ آزاد ان سے آنکھ بچا کر (تمہاری ابروؤں اور آنکھوں سے) کیوں دور جا بیٹھتا ہے۔ بھلا ہم سے کیا پوچھتا ہے۔

گُزرو از طرہ طُرۂ کاوِر تہٕ شہمان [illegible] ولیکن وُچھ تفاوت کُنہ روازِ تہٕ روازِ

عذابکیر تیز طوفانہ ڈران چھالولہ دیوانو مُتش زنجیرہ زولانہ چھ شوبان تارہ زن سازس

مفہوم :- واسطحی طور دیکھنے میں طوطی، قمری، کوّے اور شہباز کی اُڑان ایک جیسی ہے، لیکن بنظر عمیق دیکھئے تو اُڑان اور اُڑان میں زمین اور آسمان کا فرق ہے۔

(۲) محبت کے متوالے تو راہ عشق میں سختیوں اور تیز طوفانوں سے نہیں ڈرتے ۔عام دیوانوں کو زنجیریں پہنا کر قابو کیا جا سکتا ہے۔ لیکن محبت کے متوالوں کا یہ حال نہیں۔ ان کو زنجیریں پہناؤ تو ان کے عشق کی آگ اور تیز ہوتی ہے جس طرح ساز کی آواز تاروں کے اضافہ سے اور زیادہ شیریں اور سُریلی ہو جاتی ہے۔

پرواز اور پرواز میں فرق جتا کر آزاد زندگی کے کسی شعبہ میں بھی شہباز کے پرواز کی تقلید کی دعوت دیتا ہے۔ دیوانہ اور زنجیریں، ساز و تار کی تشبیہہ سے دوسرے شعر کی خوبی میں اضافہ ہو گیا ہے۔

مبارک مرزح روئی سان یادُن پوشہ وُن چھاوان

بہارک جنڈہ پوشہ گھور داوَن لہرہ نادُن ہیتوت

ہم بَری بَری چھکنُز دُردانہ ہیتھ اَد برَن تہ بارانَ

جہانَن سانُز عالم آسمانک نشبہ لادُن ہیتوت

زمتانن ستم کم کم چھ کرِی یتھ لولہِ دیوانن

گلالن سینہ چِر ناوِتھ یہ جگرُک داغ ہاوُن ہیوت

مفہوم:- (۱) مبارک ہو کہ پھولوں نے سرخ روئی کے ساتھ اپنا جوبن نکھارتے ہوئے بہار کی آمد کا جھنڈا بلند کیا۔ اور اس جھنڈے کو نسیم نے لہرانا شروع کیا ہے۔

(۲) وطن میں موسم بہار کی آمد پر ہر طرف قدرت کی گل کاری کی فراوانی ہے۔ دل کش، دِلرُبا اور متنوع رنگین نظارے ظاہر ہو رہے ہیں یہ سب دیکھکر عالم بالا للچا گیا ہے اور اس حسن و زیبائش پر فریفتہ ہو رہا ہے۔ یہاں تک کہ ابر باران اپنی جھولی کو خالی کر کے موتیوں کی پیش کش کرنے میں معروف ہے۔

(۳) محبت کے متوالوں پر موسم سرما کی سختیوں (کھٹ کش، برف باری اور سردی) نے بہت ستم ڈھائے تھے، گل لالہ نے اس ظلم و ستم کے داغوں کو سینہ کھولکر دکھانا شروع کیا ہے۔

اپنے وطن کے مارچ اور اپریل کے مہینوں کے موسم کا سماں باندھا ہے۔ ہر طرف پھولوں کے افواج رنگین وردیاں پہن کر آن موجود ہوئے ہیں گلاب نے بہار کا سرخ جھنڈا گاڑھا ہے۔ بادِ بہار اسکو لہراتی ہے۔ "گندِ بہار" کی بارش ہے۔ آسمان والے اس رنگینی کو دیکھکر اس پر لٹو ہوئے

ہیں ۔ اور بادلوں کے ذریعہ موتی بکھیر رہے ہیں ۔ لالہ سینہ کھول کھول کر اپنا وہ سیاہ داغ دکھا رہا ہے جو زمستان کی سختیاں جھیلتے ہوئے اس کے سینہ میں پیدا ہوا ہے ۔

آزاد نے بہار پر یہ غزل ایک مشکل قافیہ میں موزوں کی ہے اور بہار کے لوازمات کو ایک رنگین پیرائے میں پیش کیا ہے ۔ اور ہر پہلو کو ایسا نبھایا ہے کہ پڑھ کر وطن کی بہار کا سماں آنکھوں میں صاف پھر جاتا ہے ۔

دل جدا جان جدا عشق جدا عقل جدا

زور خونخوار چہ بے چارہ جنونس نالی

مفہوم :۔ محبت کے دیوانے کو یہ چار جابر اور ظالم الگ الگ تنگ کرتے رہتے ہیں ۔ دل ، جان ، عشق اور عقل ۔ کاروبارِ عشق میں دل کا براہ راست تعلق عشق کے ساتھ ہے ۔ عقل بُرے بھلے کی تمیز سے آگاہ کرتی ہے ۔ لیکن ساری کشمکش میں بوجھ جان پر پڑتا ہے ۔ جداگانہ طور پر یہ چاروں اپنی اپنی جگہ بے چارے مجنونِ عشق کو مبتلائے مصیبت کرتے ہیں ۔ دل اور عشق کے ہاتھوں پریشان رہنا تو لازمی ہے عقل کو اس وجہ سے خونخوار گردانا ہے کہ وہ رہبری (یا گمراہی) کرتی رہتی ہے ۔ جان کو خونخوار اس لئے بتلایا ہے کہ انتہائے عشق میں وہ نکل جاتی تو عاشق عذاب سے

چھوٹ جاتا۔ لیکن نہیں۔ وہ برابر ساتھ دئے جاتی ہے۔ اس لئے عاشق زخمہ کو ان میں سے کسی ایک سے بھی چھٹکارا حاصل نہیں ہو سکتا۔

بہ ہا ناد لا ییےَ، بے پروا یے — یاون را یے بے پروا یے
از نام ژاجوم سنیا سحر لاجوم — کمہ تانی را یے بے پروا یے
ہا نُندہ بانے آدرنہ مِیشا نے — کرُ ٹھس مناییے بے پروا یے
لولہ جانہ آزاد ورمسکہ شاہ باد — پھیوُر جایہ جاییے بے پروا یے

مفہوم (۱) میں بلاتی رہونگی میرے بے پرواہ! بچپن کے دوست او بے پرواہ۔

(۲) اب تک تو میں سب کچھ سہتی رہی۔ تمہارے لئے جوگن بنی ایک خاص امید سے او بے پروا۔

(۳) میرے حسین دوست! میری ابتدائی محبت کے مرکز! مجھے تم نے خستہ وخراب کیا او بے پروا۔

(۴) آزاد تمہاری محبت میں مشرق سے مغرب تک ہر جگہ تمہاری تلاش میں سرگرداں پھرتا رہا۔ او بے پروا!

الفاظ کا انتخاب ملاحظہ ہو۔ عام فہم، غیر ثقیل اور مترنم الفاظ سے چھوٹی بحر تجویز کی ہے اور جملوں کو یکجا رکھ کر شعر کا جادو جگایا ہے مطلب معصومانہ ہے۔ اور ادا دل کش۔ ظاہر ہے کہ ایک ماہر فن کار ہی

اس طرح محض لفظوں کی چھیڑ چھاڑ سے ایسا حسین شعر پیدا کرسکتا ہے

تس نہ وفا ، میہٕ اضطراب کیازِہ یہ دِل ہاروِہ ہا

داغ ہقوٗدٕن میہٕ بہ جگر باغ پنٕن بہٕ چھاوِہ ہا

مٲنز نمن ییٚمن کزٕل پوشہ بدن زِہ پوشہ تُلی

نشہ پیٚتھس ستمگرس ژٕورِہ یہ دل بہٕ تھاوِہ ہا

ہولہ تہندہ آم کیتھ ضرب جگر تہٕ لولہ تیر

کینہ ورس ستم گرس سینہ پنٕن بہٕ ہاوِہ ہا

مفہوم :- محبوب بے وفا ہے اور میں مضطرب ہوں۔ بھلا میں ہمت کیوں ہارتی ؟ میرا جگر اس نے زخمی کیا۔ میں اپنے گلشن کا خوب نظارہ کرتی۔ (۲) محبوب کے ناخن مہندی سے رنگے ہوئے، ابروؤں پر کاجل لگا ہوا اور نازنین بدن نزاکت کا مجسمہ ہو تو کیسے ہوسکتا ہے کہ ایسے ظالم سے میں اپنا دل بچاکر رکھتی (۳) اس کی محبت میں بہت ستم جھیلے اور دل و جگر مجروح ہوئے۔ میری تمنا ہے کہ دل و جگر کے یہ زخم اس ظالم کو دکھاؤں۔

آزاد اور وطن

آزاد اپنے اوائل عمر سے ہی وطن کی کس مپرسی دیکھ دیکھ کر
کڑھتے تھے۔ اپنے ہموطنوں کے افلاس کے مناظر اور شخصی حکومت کے نیچے
دبے ہوئے ہموطنوں کی اُمنگوں کو دیکھکر وہ تلملا اُٹھتے تھے۔ جذبات اُبھرتے
تو اُن کو بغاوت پر آمادہ کر دیتے تھے۔ اُن کو عوام کی کس مپرسی کے مناظر اور
شخصی حکومت کے نقائص وطن کے چپہ چپہ پر کسی نہ کسی صورت میں نمایاں
نظر آتے ہیں۔ عوام اذیت کے شکار تو تھے۔ لیکن خواص بھی ان برائیوں کے
دست برد سے محفوظ نظر نہیں آتے تھے۔ سرکاری ملازم کا بھی یہی حال تھا
وہ بہر حال دبا ہوا تو تھا۔ لیکن اپنی اقتصادی مشکلات نے اسے اور بھی کمزور
بنا رکھا تھا۔ جس شعبہ زندگی کو دیکھتے یہی حال نظر آتا تھا۔ کسان، مزدور،
سرکاری ملازم، کاریگر سب کسی نہ کسی طرح سے اسی ماحول میں ستاتے ہوئے

دکھائی دیتے تھے۔ سارے ہندوستان میں غیر ملکی راج تھا۔ لیکن اپنے وطن
کا اور بھی بُرا حال تھا۔ یعنی یہاں شخصی حکمرانی تھی۔ اس پر طرہ یہ کہ حکومت کے
بڑے بڑے کارندے غیر کشمیری ہوتے تھے اور ان کو اپنی جیبیں بھرنے
اور اس "فردوس بر زمین" میں شکم سیر ہو کر کھانے پینے اور سیر و سیاحت
کرنے کے سوا اور کوئی فکر لاحق نہ تھی۔ [illegible] کشمیریوں
کی حالتِ زار پر ایک نظر ڈالتے [illegible] حکام کو ان کے
حالِ زار سے باخبر کر کے اس ظلم کی تلافی کراتے۔ ہر طرف افلاس اور فلاکت
کے دِل شکن مناظر تھے اور کس مپرسی کی حالت تھی۔ دہقان کی یہی حالت
تھی، شہر باش کا یہی حال تھا۔ نوکری پیشہ لوگوں کی یہی کیفیت تھی۔ دیگر
ملازموں اور مزدوروں کا بھی یہی حال تھا۔ آزاد کا حساس دل یہ دیکھ کر زار
زار روتا رہا۔ اور وُہ کشمیریوں کی زبوں حالی پر آنسو بہاتا تھا۔ وُہ اس
ماحول سے متاثر ہو کر کبھی کھُلم کھُلا کبھی دبی زبان میں اپنے ہموطنوں کو
بغاوت کی دعوت دیتا۔ اور تنبیہ کرتا رہا ہے کہ سرگرم عمل ہو جاؤ۔ غفلت کی نیند
سے جاگو۔ اپنا مستقبل خود سنبھالو۔ اپنے پاؤں پر کھڑے ہو کر آگے کی
طرف گامزن ہو جاؤ۔ ظلم اور کذب سب مٹ کر رہ جائیں گے۔ اپنے حال
اور ملک کے مالک خود بن جاؤ گے۔ اور افلاس و فلاکت سے نجات پا کر انسانوں
کی زندگی بسر کرنے لگو گے۔" مناظرہ عقل و عشق" میں کشمیریوں کی زبوں حالی

کا نقشہ یوں کھینچا ہے اور دعوت عمل دی ہے۔

عقل:

سادہ منوش کاشری کونہ کران افسری   وُچھتہ یہنز ابتری وُچھتہ یہند کاروبار

(سادہ لوح کشمیری حکومت کیوں نہیں کرتے۔ دیکھ ان کی ابتر حالت اور ان کا کاروبار)

عشق:-

یس نہ مزدوری محنتس ڈیجہ یہاں دِل نہ تس   منگہ سہ کیاہ دولتس یس نہ پنن اختیار

(جس کو محنت کرکے مزدوری نہیں ملتی اس کا دل مطمئن نہیں ہوتا۔ وہ دولت کیا طلب کرے جس کو اپنا اختیار نہیں۔)

عقل:-

کیازِ یہند دل وُداسی نالہ گرد یہ پھاسی   اوس دوہا یم تہ آسی اہلِ قلم تاج دار

(ان کے دل کیوں اداس ہیں اور گلے میں پھندا کیوں لٹکا ہے۔ ایک دن وہ بھی تھا کہ یہ لوگ اہلِ قلم اور حکمران تھے۔)

عشق:-

سہہ چھُ گرِتھ ہانکلہ دوُر پیوُمت جنگلہ   تلِ ژھو پارِ ولولہ ییلہ گژھہ زور وار

(شیر زنجیروں میں بندھا اور جنگل میں دور پڑا ہے۔ اس کو آزاد ہونے دو تو ہر طرف سے ولولے پیدا ہوں گے۔)

عقل:-

سُود پنُن ژھاڑی ژھاڑی کانہہ نہ دِوان کانشہِ واڑی

خانہ خرابی ژھہ پاڑی کانہہ نہ گرس خانہ دار

(اپنے فائدے کے لئے کوئی کسی کو آگے بڑھنے نہیں دیتا۔ ہر طرف خانہ خرابی ہے گھر کا مالک کوئی نہیں۔)

عشق :۔

زانہِ یہِ بے گانہ کیاہ خانہ تہٕ واَرانہ کیاہ

یِم نہ سَرِن خانہ زانہہ تِم چھِ گرس خانہ دار

(بے گانہ کیا سمجھے کہ خانہ اور ویرانہ میں کیا تفاوت ہے۔ جو اپنا گھر نہیں جانتے وُہ اس گھر کے مالک بن بیٹھے ہیں۔)

عقل :۔

یس نہ پنُن دل دماغ تس نہ بہار تس نہ باغ

سہ چھُ غوہلام تس چھُ داغ سے چھُ غریب تس نہ ہار

(جس کو اپنا دل و دماغ اور سمجھ نہیں اس کے لئے بہار ہے نہ باغ۔ وُہ غلام ہے اس کے لئے غلامی کا داغ ہے۔ وہی غریب ہے، اس کے پاس کوڑی نہیں۔)

عشق :۔

از چھُ اَپُز دورہٕ دور پوز چھُ تلان گژیز تہٕ شور

اہل غرض اپزٕ یور کرِہ پُزٕ یس لارہ لار

(آج یہاں جھوٹ کا دور دورہ ہے۔ سچ بولنے سے شور اور فتنے اُٹھتے
ہیں۔ غرضمند جھوٹا آدمی سچ کو جھٹلا سکتا ہے۔)

عقل :-

سوز جگر آسہ یس خوف تہ ڈر کیاہ چھُ تس

ڈر چھ کھسوان بوالہوس سر چھ دِوان پختہ کار

(جس کے دل اور جگر میں عشق کی گرمی ہو اس کو ڈر اور خوف کیا۔ ڈرنا بوالہوس
کا کام ہے۔ پختہ کار جانبازی کرتا ہے۔)

عشق :-

آسہ دوہا عنقریب دیہ وُچھن خوش نصیب

نیرِ یہ خونِ غریب جوشس دِوان آشکار

(عنقریب ایک دن آئے گا جب خوش قسمت لوگ اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے
پھر غریب کا خون اس کی رگوں میں جوش و خروش سے دوڑتا نظر آئیگا)

وۆتھد یِہ طوفان زَن تراوِہ پتھر ظالمن

نیرِ کوہن جنگلن نیرہ کران لۆرہ پار

(طوفان اور سیلاب کی طرح ظالموں کو بہا لے جائے گا۔ ظلم کے پہاڑوں
اور جنگلوں میں تباہی مچادے گا۔)

روزہ جنون نچہ کیتھ پوشہ دِنی دولتھ   رُود کتہ سُود خار روزہ یہ سرمایہ دار

(پھر جنونِ عشق کی یاد باقی رہے گی۔ یہی ہمیشہ رہنے والی دولت ہے۔ سود خوار کہاں موجود رہا کہ سرمایہ دار رہے گا۔)

ہم وطنوں کو زمانۂ سلف کی یاد دلاکر آنجہانی بادشاہ کی زبانی کہتے ہیں ؎

(۱) سُے ہوا سے سر چھ زمین از تہِ تِمے ناگ وُزان
از تہِ کہ لبر راد تِمے آب تہِ سُے پٹریتھ جائے

(۲) شیشہ کھوتہ سرد وُچھان چھس تہ تِمے سینہ گمِتو
پمِ پنبہِ سوزہِ وزِ سے اُسو گژیکان زَن کرِایے

(۳) ہا وطن دارہِ وُنے نیندرہِ گژھک نا بیدار
مال چون ضایہِ سپُن، زوُ تہِ گژھی مازِ ایے

مفہوم :۔ وہی ہوا ہے۔ وہی زمین ہے اور آج بھی وہی چشمے اُبلتے ہیں۔ جو پہلے وقتوں میں تھے۔ وہی لب جو ہے اور وہی آب جو جو ہمارے اسلاف کے زمانے میں ہوا کرتے تھے۔

(۲) لیکن ایک اہلِ وطن ہیں کہ تب حبِ وطن سے بھرے تھے اور اب برف کی مانند اِن کا دل ٹھنڈا پڑا ہے۔

(۳) مگر میرے اہلِ وطن! یہ سب ذلّت تمہاری لاپرائی اور غفلت کی وجہ سے ہے، تمہارا مال و متاع لُٹ چکا ہے۔ مجھے ڈر ہے کہ اب کہیں

جان بھی ضایع نہ ہوجائے۔ اب بھی نیند سے جاگو شاید حالات کو بدل سکوگے۔)

ایک غزل میں وطن اور ہموطنوں کی ہلاکت کے مناظر اور ابتر حالت کو محسوس کرتے ہوئے لکھتے ہیں ؎

کرِہ سوہ رگہ حورہ تارے یمہ سانہٕ رنگہ وارے
کیاہ سأنی یہٕ زندگأنی اَسہٕ کرِتھ وۄہ بال آسِیا

سون مازٕ وازہٕ وانٕ سالنٕ ضیافژن کیٚتھ
موصوم خانہ مالیٚن سانیٚن یہٕ حال آسِیا

اولاد بادشہَس ہیو روٗپچھُت چھُ یتیمہٕ کوٚچے منز
بوچھہ سیتی مران وُتنٕ پیٚٹھ تہندٕے عیال آسِیا

کلھن غنیٚ تہٕ حرفی سأراب کرِتھ یتیمی آبن
مے آب سانہٕ باپتھ زھرہٕ ہلاہل آسِیا

مفہوم :- دل ہمارے فردوس برزمین وطن نے بہشت کی حوروں کا دل للچا دیا ہے۔ کتنی حسین وادی ہے۔ لیکن افسوس ہماری حالت زار کیا ہے ؟ اور زندگی کس قدر ذلیل ہے۔ (اور ہم ہیں کہ اس گلشن (کشمیر) کے مالک ہیں (۲)، اپنے حکمرانوں کے لئے ہم لہو بہا کر دولت پیدا کرتے ہیں۔ ان کی عیاشیوں کا سامان بہم پہنچاتے ہیں۔ لیکن اپنے لئے اور اپنے

معصوم عزیزوں کے لئے پریشان حالی اور درماندگی کے سوا کچھ بھی نہیں۔
(۳) میرے اہلِ وطن! جس سرزمین نے پچھلے وقتوں میں بڈشاہ جیسے نیک اور
عادل اولاد پیدا کئے۔ کیا اسی سرزمین میں موجودہ دور کی اولاد کا بھوک
اور پیاس اور ناداری سے یوں بلک بلک کر کس مپرسی کی حالت میں جان
بحق ہو، ناروا ہے۔ (۴) ذرا دیکھ لو! ہماری مادرِ وطن نے کلہن، غنی
اور صرفی جیسے فرزند پیدا کئے ہیں۔ وطن کی آب و ہوا نے ان کو شگفتہ کیا
اور کمال تک پہنچایا۔ کس قدر حیرانی کی بات ہے کہ وہی آب و ہوا وطن کے
موجودہ دور کے نوجوانوں کے لئے سمِ قاتل ثابت ہو رہی ہے۔)

آزاد اس طرح ماضی کی یاد دلا کر اور حال پر گہری نظر ڈال کر اپنے
ہموطنوں کو بیدار کرنا چاہتا تھا۔ تاکہ وہ خواب سے بیدار ہو کر آزاد ہو جائیں
ظلم اور ظالم کا خاتمہ کریں اور توہمات سے نجات پائیں۔ وہ کہتا ہے ؎

آزاد بنٔ ظُلم گالُن وُہمہ کرُن دُور!
یِی میون مدعا یِی چھُہ صدا یِی چھُم مدامیون

مفہوم:- غیر کی حکمرانی اور غلامی سے آزاد ہونا ظلم اور ظالم کا
خاتمہ کرنا اور وہم کو فنا کرنا یہی میری خواہش ہے۔ میرا پیغام اور میری
صدا یہی اور یہی میرا نصب العین اور مقصد ہے۔

وطن کی حالتِ زار دیکھ کر آزاد کا دل بیقرار ہوتا ہے۔ وہ ہموطنوں

سے یُوں خطاب کرتا ہے ؎

(۱) مُلبگن چانیٔن ہاکور پانزآدی کاوَو آلی ناش
لول ہمہ نے لولہ رستیٔن باگہ آوِ تھہ تی پُزیا

(۲) شاند تھا وِ تھہ غاڑہ نے ہشز براندہ کنہ چُھکتا و چھوُں
غاڑ قسَں نیلام کرُسوکرُسو نام پچو وُ تھہ تی پُزیا

(۳) خدمتسَں مردی کنہتہ تہ متولی تہ یا مردی ہیتر تھہ
نا و مَردن مُند تہ یہ ہیتی ہیتو مندہ حچھو وُ تھہ تی پُزیا

(۴) یُس ڈیکہ اُلراوِہ عرشسَں فرش ہیتہ وقت نیاز
سے ڈیکہ درواز نے ہیتھ کیاژہ تروُو تھہ تی پُزیا

(۵) بس مرُن او سے تہ یہ زونتھ پتیڈ پُرن میراث و ملک
نوندگی ہُند خوُنِ ناحق بارہ تھوو تھہ تی پُزیا

مفہوم :- (۱) اپنے ہموطنوں کو بیدار ہونے کی تلقین کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ غیر ملکی افراد نے تیرے وطن کو لُوٹ کر تیری خانہ ویرانی کی ہے اور تو ہے کہ ان ہی افراد سے برابر محبت اور پیار برت رہا ہے۔ کیا یہی عقلمندی ہے

(۲) تم نے اپنے خزینہ کی حد انہی غیر ملکی عناصر پہ بھروسہ کرنا سمجھ رکھا ہے۔ اور شادان ہے کہ تو تابعدار اور ان کا وفادار ہے۔ اے وائے! کہ تیری غیرت اور مردانگی مر چکی ہے۔

(۳) اپنی مردانگی اور غیرت کو بیچ کر تم نے غلامی اور نامردی حاصل کی ہے۔ ہائے! کیا اسی کا نام بہادری اور غیرت ہے؟ افسوس تم نے بہادروں کا ننگ و ناموس مٹا کر رکھ دیا۔

(۴) تیرے سجدۂ نیاز مندی سے تو زمین اور آسمان ہل سکتے ہیں لیکن افسوس تو نے وہ سجدہ غیر ملکی افراد کے نذر کیا جس کا ماحصل سوائے ذلالت کے کچھ بھی نہیں۔

(۵) تم نے اپنی زندگی کا انجام محض موت سمجھ رکھا ہے۔ لیکن زندگی کے فرائض کو ذرا بھی نہیں پہچانا ہے۔ ان فرائض سے بیگانہ رہ کر تم نے انسانیت کا خون کیا ہے۔ کیا یہی دلاوری ہے؟

وطن میں کس مپرسی کی حالت بدلتی نہیں معلوم ہوتی۔ غیر ملکی حکمران برابر بے پروائی اور بیدردی سے حکمرانی کئے جا رہے ہیں۔ اہل وطن خواب خرگوش میں کچھ ایسے بدمست معلوم ہوتے ہیں کہ جاگنے کا نام تک نہیں لیتے۔ کہیں ذاتی اغراض اور ذاتی مفاد کی بنا پر غلامی کو ایک بیش بہا زیور تسلیم کیا جا رہا ہے۔ اور کہیں مذہب اور اہل مذہب نے لوگوں کی آنکھوں پر پردہ ڈال کے انسان کو انسان کا دشمن بنا رکھا ہے۔ لاعلمی اور جہالت میں وطن پرستی کے افکار گم ہو چکے ہیں۔ ناداری، افلاس اور مفلوک الحالی نے وطن کو ایسا گھیر لیا ہے کہ کوئی اُمنگ نہیں ترنگ نہیں۔ وطن کو ظلم کے چنگل

سے چھڑانے کا کسی کو خیال نہیں۔ سب پر جمود سا چھا گیا ہے۔ ان مناظر کو دیکھ کر آزاد کے سینہ میں آگ لگتی ہے۔ دل دھڑکتا ہے۔ اور وہ فریادی ہوتا ہے

کیاہ روزہِ پردن زھایہ زھایے سوزِ جگر میون
کر فیرہ سبزی لولہ باغس نیرہِ یہ شر میون

کُفرکِ تہ دینکو نیزہ تہ اہرِ یزہ تقدیرکی
بے کینہ اُسِتھ ژالہِ کوتاہ سینہ سپر میون

یتلہِ لولہ چیو دیدہ مَیہ حُسنس تیز نظر ژادٕ
لُچھہ پردہ ہیران ژاد تیرکی پائٹھی اثر میون

نُتہِ راونے آیوس کنہِ رجون گنبرس منز
شُترن تہ مِترن زہرہ کھوتہ ٹیوٹھ لوگ پہ شکر میون

وُزہ نو وتھن شہمار سند کر پائٹھی پانہ پہ آزادؔ
تیلان چاین خسانہ مالین چھے یہ زہر میون

مفہوم:- (۱) میرے دل کی آگ کا دھواں کب تک پردوں میں چھپا رہے گا۔ اے کاش! کہ میرے وطن میں آزادی کا دن آئے تو میرے دل کی کلی کھل جائے اور میرے تمام ارمان نکل جائیں۔

(۲) میرا بے لوث اور بے کینہ دل کہاں تک مذہب والوں کے کفر و دین، مذہب و لامذہبی کے تنازعوں اور جھگڑوں کو دجو کہ اہل وطن

کو انجام سے بے خبر رکھتے ہیں) برداشت کرتا رہے گا؟

(۳) میں نے جب حسن کو محبت کی تیز نگاہوں سے دیکھا۔ تو ان نگاہوں نے ناکھ پردے پھاڑ کر اپنا اثر پیدا کیا۔ یعنی جب میرے دل سے صداقت کی آواز نکلی تو وہ سب رکاوٹوں کے باوجود اہلِ وطن پر اثر کر گئی۔

(۴) خداوندا! میں شرک کے مقابلہ میں تیری وحدت کو آشکار کرنے کے لئے پیدا ہوا تھا۔ لیکن افسوس ہے کہ دوست دشمن سب کو میری باتیں بری معلوم ہوئیں۔

(۵) ہاں اے خدائے کونین! تو نے ہی آزاد کو زبان دے کر بولنے پر آمادہ کیا۔ جس طرح سانپ کو نیند سے جگا کر کوئی آمادہ پیکار کر دے اُس نے زبان کھولی۔ اور اہالیان وطن کو کھری کھری سُنانے لگا۔ لیکن اس کی باتیں تمہارے لاڈلوں کے لئے (جو کہ ملکی حکمرانوں کے ساتھ شیر وشکر ہو کر وطن کی غلامی کو اچھا سمجھتے ہیں، اور اپنا مفاد حاصل کرتے ہیں۔ اور اس طرح تمہاری برکتوں سے مالا مال ہیں) ثقیل اور کڑوی محسوس ہوئیں۔

مقطع میں شکوہ کا پہلو ظاہر ہے۔

آزاد وطن والوں کو چیخ چیخ کر پکارتا ہے کہ بھلا دو سب تفرقوں کو، جنت کو اور جہنم کو، آؤ مل جل کر گلشن وطن کی روشوں کو سینچیں اور سیراب کریں اور دنیا بھر کے لوگوں کو دکھائیں کہ ہم کتنے خوش نصیب ہیں۔ ہمارا وطن

کتنا پیارا اور کتنا اچھا ہے۔ آؤ اس کو جنت برین بنا کر چھوڑیں اور خود غرضیوں اور تنگ نظریوں کو مٹا کر اس کے پجاری بنیں ؎

صُبحہٕ صُبحکۍ ہوا دِوکھِتھ دادِ نیرِ دوا   نیندرِ کرِنی چھہ ناروا ٲسلی وٕتھِتھ تُلو نوا

سمِت وطن وطن کرو ترانہٕ وطن پرو

چھُہ سارِنی گُنۍ خدا شمِتھ کرو گُنۍ صدا   منگوِش زانہہ پنُن مُدا، الگ الگ جُدا جُدا

سمِت وطن وطن کرو، ترانہٕ وطن پرو

مفہوم :- ہمارے وطن کی آب و ہوا خصوصاً نسیم سحری وہ قدرتی نعمت ہے کہ سب روگ اور مرض اس سے کافور ہو جاتے ہیں۔ ایسے وقت میں سونا (غفلت کرنا) ناجائز ہے۔ آؤ علی الصبح اُٹھ کر ہم وطن کے گیت گائیں۔ اور وطن کی خدمت میں تن من سے لگ جائیں۔

(۲) خدا سب کا ہے اور واحد ہے اور لاشریک ہے۔ آؤ اس سے ہم سبھی مل جُل کر ایک ہی آواز میں ایک ہی مطلب اور ایک ہی دُعا مانگیں اپنے لئے علیحدہ علیحدہ کچھ نہ طلب کریں بلکہ صرف اُس سے وطن کی بہبودی کے لئے دست بدعا ہو جائیں۔

اہلِ وطن کو مخاطب کر کے ان کے جذبات کو ٹھیس لگا کر کہتا ہے کہ تم عقلمند ہو، دلاور ہو، غفلت چھوڑ دو، خود غرضی ترک کر دو۔ اپنے نفع و نقصان کو جانچو اور غیر ملکیوں کی دست درازیوں اور ظلم سے محفوظ رہنے کی تدبیر

نکالو ۔ وطن کو آباد کرو ۔ محنت سے ، مشقت سے اور بہادری سے تاکہ تم اوروں کے محتاج نہ رہو گے بلکہ خود داتا بن سکو گے ۔ اپنے ملک کو آباد کر کے خود آباد ہو جاؤ گے ؎

ژھپتہ کیازِہ گوٗمر غاڑ ہَک نارو ہو ۔۔۔ گژھت بیدار ہا وطندارو ہو
ژھکھ دبوٹت خوفِ پچے ربہ اندر ۔۔۔ ہمہ سِنہ سِندکہ پاٹھی چھے تڑاٹمرِ ژر
ہرہ ماران نیرو شہپارہ ہو ۔۔۔ گژھتا بیدار ہا وطندارو ہو
ژھکھ ہَیَن اَتھہ داران ریزہ سِندو پاٹھی ۔۔۔ کیتہ اَنمان ژھاران اُنی سِندی پاٹھو
وَتہ ساڑی ساڑی بچھہ مہ گاشدارو ہو ۔۔۔ گژھتا بیدار ہا وطندارو ہو
شیرہ سِندی پاٹھی نیر ماگدانس منز ۔۔۔ پہ ژھہ لادین تہ شالن موڑہ ہا گرنز
ژھالہ جوراہ نتہ زور وارو ہو ۔۔۔ گژھت بیدار ہا وطندارو ہو

مفہوم : ۔ دلا میرے ہموطن ! تمہاری غیرت اور دلاوری کے جذبات کیوں پژمردہ ہو گئے ہیں ؟ ذرا غفلت کی نیند سے بیدار تو ہو جاؤ ۔

(۲) تم حکمرانوں کے سطوت سے ایک کرمک زمینی (ہمہ سِنو) کی طرح خوف کی کیچڑ میں دب گئے ہو ۔ کروٹ تو بدلو ۔ خوف اور ہراس کو دور پھینکو اور ایک زہریلے سانپ کی مانند پھنکارتے ہوئے دشمنوں کے دلوں کو ہراسان کر دو ۔ بیدار ہو جاؤ میرے ہموطنو !

(۳) تو اوروں کے سامنے ایک کوڑھی کی طرح دستِ سوال دراز کرتا ہے

اور تم معمولی سمجھ کی باتوں کا پنہاں مطلب ایسے ڈھونڈتا ہے۔ اور قدم قدم ایسے چلتا ہے جیسے ایک اندھا سونٹے کے بل راستہ ٹٹولتا ہے۔ ارے تم تو عقلمند ہو بینا ہو۔ ذرا غفلت کی نیند سے بیدار ہو۔

(۲) میرے ہموطنو! بیدار ہو جاؤ، اور دشمنوں کی صفوں کو چیرتے ہوئے ایک گرجتے ہوئے شیر کی مانند آگے نکل جاؤ۔ تاکہ دشمن خوف و وحشت سے دم زدہ ہوکر ہراسان و پریشان ہو جائے۔

غرضمند اور انقلاب دشمن افراد کی لیت ولعل دیکھکر آزاد کا دل سوزاں اور لرزاں ہے۔ وہ دیکھتا ہے کہ یہ الٹی ذہنیت والے اہل غرض لوگ وطن کی ناؤ بھنور سے نکالنے کی نہ اہلیت رکھتے ہیں اور نہ ہمت۔ وہ اپنے وطن کی بہبودی کے مقاصد اور مطالب کے خواب کی تعبیر نئے دور کے نوجوانوں کی ہمت اور دلاوری میں دیکھتا ہے۔ نوجوانوں کو کھلے بندوں ہمت محکم اور عمل پیہم پر کاربند ہونے کی دعوت دیتا ہے۔ اور وطن کو آباد کرنے کی تدبیریں پیش کرتا ہے۔ وہ نہایت مؤثر لہجے میں کہتا ہے کہ نوجوانوں پر ہی کسی ملک کی قومی ترقی کا دار و مدار ہے۔ نوجوان ہمت کا کمر باندھ کر ملک سے جہالت افلاس اور فلاکت کے ہمت شکن مناظر ختم کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ نوجوانوں سے بڑے اور عالی مرتبت خاندانوں کی بنیاد شروع ہوتی ہے لیکن آزاد جہاں نوجوانوں کو "آگے بڑھو" کا سبق دیتا ہے۔ وہاں کھوکھلے

اور خود غرض لیڈروں سے بچنے کی فہمایش بھی کرتا ہے۔ اور آگاہ کرتا ہے
کہ غرضمند لوگ کہیں نوجوانوں کو راستہ سے نہ بھٹکائیں۔ اور اس طرح
وطن کی بنیاد بھنور ہی میں نہ پھنسی رہے ؎

(۱) ژیہ چھٹے وسمہ پتیوٹت پہ ماریکم ہُتہ تادیکم
ژہ الحقہ ژھسایہ پنہ نے مہ ڈر نوجوانو

(۲) ہُندین آسمانَ بڈین خاندانن
پھرَ چونے نشزر نے بجر نوجوانو

(۳) کمر گنڈ، قدم تل یہ دم چھٹے غنیمت
سفر زیوٹھ چھٹے وہ بتہ سکھر نوجوانو

(۴) ژہ وہ بتہ روزا استاد پتہ نیون کوٹھین بیٹھ
پنیخ نبلے پانے اُنسزر نوجوانو

(۵) برو نظمس پتہ پتہ پکہ وہر تیر سے
پانہ تہ بژدنٹھ کُن نظراہ کر

کھپہ ہنزہ ما گرثا ھکھہ نتہ ہنزہ ویرے
پزہ شمشیرے گنڈناہ کر

مفہوم:- (۱) وطن کے حال اور مستقبل کے ذمہ وار نوجوان! تجھے
وسوسہ ہے کہ فلاں شخص تیرا بھلا کرے گا اور فلاں شخص برا کرے گا

یہ محض تیرے وہم وگمان کے زائیدہ خیالات ہیں۔ تو ان سے ذرا بھی نہ ڈر۔ آگے بڑھے جا۔

(۲) بڑے بڑے خاندانوں اور رفیع اصولوں کے بانی نوجوان ہی ہوتے ہیں۔

(۳) میرے وطن کے نوجوانو! تعمیر وطن کا کام کافی بڑا ہے۔ ابھی سے ہمت کا کمر باندھ اور آگے آگے بڑھے چلو، کیونکہ وقت گذرتا جاتا ہے "وقتِ رفتہ نایدباز" کا مسئلہ یاد رکھ کر موجودہ وقت عمل کرنے کے لئے غنیمت سمجھو۔

(۴) نوجوانو۔ اپنے زورِ بازو سے اپنی ہمت سے اور اپنے دم قدم سے اپنی مشکلات کا خود قلع قمع کرو۔ دوسروں پہ بھروسہ کرنا چھوڑ دو۔

(۵) ارے! تم تو ایک بھیڑ کی طرح اپنے آگے آگے جانے والے (لیڈر) کے پیچھے پیچھے جا رہے ہو۔ ذرا خود بھی آگے نظر کرو کہ کہیں وہ جانے والا (لیڈر) تمہیں بجائے کسی چراگاہ کے (نفع اور بہبودی) کہیں کسی گھاٹی کی طرف تو نہیں لے جا رہا ہے۔

آگے چل کر تنبیہہ کرتا ہے کہ اگر تمہارے ہاتھ کوئی موقعہ لگے اور تم نے اُسے اپنی ذاتی آن اور شان اور جاہ وحشمت بڑھانے میں استعمال کیا تو یہ بہادری نہیں۔ وطن کا مفاد اور وطن داروں کی بہبودی جس میں

شامل نہیں وہ کچھ بھی نہیں ہے۔ اگر تمہارے دماغ میں عقلمندی اور دانائی نہیں تو تمہارا مرتبہ، تمہارا جاہ و جلال، دولت و ثروت سب بے معنی ہے

مردی چھپنہ سوہ ن وُنظرمن ہیرے ژندنکو لاگینو دارہ نہ بَر
سوہ نہ سیرہِ لاگینہ نظرہِ کنہ ویرے پزہ شمشیرے گندُ ناہ کر

گوندَ چھے تو گمت شوبہ دار شیرے، بالا درہِ پیٹھ تہ آو مرش لَر
امرِ سیتہ ہُرہِ کیاہ ژھرہِ کلہ ہیرے پزہ شمشیرے گیندُہ ناکر

مفہوم :- (۱) یہ دلاوری نہیں کہ اگر تمہیں کوئی موقعہ مل گیا، اور تم نے اپنے لئے دولت اور ثروت پیدا کر لی۔ سونے کے جنگلے سیڑھیوں پر لگائے اور چندن کی لکڑی کے دروازے اور کھڑکیاں بنائیں۔ اور سقف بالا کو سونے کی اینٹوں پہ کھڑا کیا۔ اس طرح بے شک تمہیں ذاتی جاہ و جلال اور دولت کا لطف حاصل ہوا، اور اس کا مظاہرہ بھی ہو گیا، لیکن یہ دلاوری نہیں۔ دلاوری جب ہے کہ تمہارے اعمال سے وطن کی بہبودی ہو، اور اہل وطن کا فایدہ ہو۔

(۲) تم ایک تاجدار کی مانند بڑی بڑی عمارتوں کے مالک، بہت بڑے سرمایہ کے آقا سربلند دیوانخانوں پر لیٹے ہوئے ہو۔ بھلا اس جاہ و حشمت سے کھوکھلی کھوپڑی میں کیا اضافہ ہوگا۔ اگر وہاں حُبِّ وطن نہیں، اور اہل وطن کی بہبودی کیلئے جذبات نہیں تو کچھ بھی نہیں۔

زمانہ برابر آگے آگے قدم اُٹھایا جارہا ہے۔ وطن میں کس مپرسی کی حالت برابر قایم ہے۔ ملک کے نظام میں کوئی خاطرخواہ اور اہم تبدیلی نمایاں نہیں ہوئی ہے۔ وہی غیر کشمیری اور مطلق العنان حکومت ہے۔ وہی بیدردی ہے۔ وہی بے کاری ہے جو پہلے تھی۔ کہیں کہیں کوئی فرد اپنا ذاتی وقار یا ثروت بڑھانے میں کامیاب ہوا تو ہوا کوئی کوئی جہالت کے عالم سے نکل کر علم کے نور سے منور ہوا۔ تو ہوا۔ لیکن یہ خوشحالی اور یہ علم کا چرچا عام نہیں۔ مذہب کو مذہب سے ٹکرا کر اپنا اُلو سیدھا کرنے والے بدستور پایندہ ہیں۔ دوسرے کی مشقت سے شکم سیر ہوکر کھانے والا برابر بکما رہ کر پلتا ہے۔ عنان حکومت بیگانوں کے ہاتھوں میں مستحکم ہے۔ کوئی کوئی نوجوان گہری نیند سے جاگا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ لیکن حالات نے اُس کے بھی ہاتھ پاؤں یوں باندھ رکھے ہیں کہ اس کی بیداری اور خواب میں بہت کم فرق ہے۔ آزاد کا دل تڑپ اُٹھتا ہے۔ اور وہ ملک کی نجات صرف انقلابی تبدیلیوں میں دیکھتا ہے۔ انقلاب ہی جملہ مُشکلات کو حل کرسکتا نظر آتا ہے انقلاب ہی کفرو دین کے جھگڑے مٹا سکتا ہے۔ انقلاب ہی سرمایہ داری اور غیر سرمایہ داری کے پیدا کردہ ماحول کا خاتمہ کرسکتا ہے۔ انقلاب ہی غیر ذمہ وار شخصی حکومت سے چھٹکارا کر ملک میں جمہوریت قایم کرسکتا ہے اور اس طرح انقلاب ہی وطن کی کس مپرسی کو مٹا کر وطن اور وطن والوں

کو خوشحال بنا سکتا ہے۔ چنانچہ آزاد انقلاب کا نعرہ بلند کرتا ہے اور انقلاب
کا فلسفہ آشکار کرنے میں محوِ کار ہو جاتا ہے۔

(۱) پان پننٕ پرزٕناو چھاو پننٕ لوٚلہ باغ — داغ غُلامی مٹاو ہاو پننٕ دِل دماغ
چانٕ خیالن بناوی خواجہ امیر بڑی نواب — انقلاب اَن انقلاب انقلاب اَن انقلاب

(۲) تربشہ کِنہٕ خوٗن چون عایشہ متین چھاروا — مارہ گرٕ ھی بے گناہ آرہ کا ئیتن چھا روا
ڈرمہ یقین مذہبن دوٚرہ بہتھ کر جواب — انقلاب اَن انقلاب انقلاب اَن انقلاب

مفہوم:- (۱) اپنا عرفان حاصل کرو اور اپنے پیارے وطن کی دلچسپیوں
اور خوبیوں کا جی کھول کر لطف اُٹھاؤ۔ اپنی دانشمندی سے غلامی کی زنجیروں
کو توڑ کر پھینک دو۔ خواجہ، امیر اور نواب محض تمہارے خیال نے کھڑا کر
کے تمہاری راہ میں کانٹے بو ئے ہیں۔ یہ سب کچھ مٹ جائے گا۔ ارے او!
انقلاب پیدا کر، انقلاب پیدا کر۔

(۲) دیکھ تو سہی تیرے خون سے عیاشیوں کی عیاشی چلتی ہے۔ کیا
یہ جائز ہے؟ اور بیچارے غریب اور بھی خستہ اور خراب ہوتے جاتے ہیں
کیا یہ ٹھیک ہے؟ اس طرح کا طرزِ عمل اگر کسی کے لئے ایمان اور مذہب جیسا
عقیدہ بن گیا ہو تو ایسے عقیدوں کو دُور سے سلام کرو اے او! انقلاب پیدا کر!۔

لال جری تَن یوشہ لاگو تَن مالہ فری تَن عالماہ
نیشے ساری سیتہ سیتھ اُنزراوہ یانِہ انقلاب

دۆلمٕژ نہ میانیو آلوَو سیتۍ نێندرِ کانٛہہ کانٛہہ نوجوان

ازپگاہ آخر تیمَن وُزِو ناوِہ پانٕسے انقلاب

مفہوم :- اسکے دکھ کی بات نہیں۔ ساری دنیا ہی محو عیش و مستی ہے۔ سارا عالم کفر و دین کے تنازعوں کو اچھال کر اپنا مفاد حاصل کرنے میں مشغول ہے۔ لیکن انقلاب اور محض انقلاب ہی ان سب جھگڑوں کو ختم کر دے گا۔

(۲) کوئی کوئی نوجوان میرے نالوں سے بیدار نہ ہوا۔ تو کیا ہوا۔ انقلاب آخرکار ان کو جگا کر ہی دم لے گا۔

کُفر چھُ کیاہ ؟ بندگی دین ؟ بێہتھ زندگی

ترٛوٚپتھ یکھٕن زندگی پردہ ژٕٹیتھ دم بدم

زندگئے ژانہٕ وُن زانٛہہ تہٕ کرٕ با بندگی

شانِ خدائی تہٕ یۆد پردہ بَنی برمہ عم

عأب تہٕ شرمندگی بندگئے منٛد عذاب

فیرمہٕ پوٚت تُل قدم نیر ژٕٹیتھ یِم حجاب

یِی چھُ وَنان انقلاب اُٹھو چھِ وَنان انقلاب

یِی چھُ وَنان انقلاب اُٹھو چھِ وَنان انقلاب

مفہوم :- (۱) اگر دنیا میں کہیں بے دینی ہے تو وہ غلامی ہے، اور

دینداری محض اپنی زندگی کو اچھی طرح گذارنا ہے۔ بھلا کوئی شخص جو زندگی اور زندگی کی خوبیوں کو جانتا ہو، وہ غلامی کب قبول کر سکتا ہے۔ کیونکہ غلامی میں صرف مصائب اور شرمندگی ہوتی ہے۔ انقلاب کی تعلیم یہی ہے۔ اور یہی انقلا[illegible]ب کہلاتا ہے۔

۳۔ سب رُکاوٹوں کو دُور ہٹا کر آگے کی طرف قدم بڑھانے کا نام زندگی [illegible]دا تعالیٰ کی عظمت بھی آگے بڑھنے میں رُکاوٹ ثابت ہو۔ اس کی بھی [illegible]بلہ اس طرح کی رُکاوٹوں کو سامنے سے ہٹاتے ہوئے برابر آگے بڑھتا [illegible]ے طریق کار کا نام انقلاب ہے۔ اور یہی انقلاب کا سبق ہے۔

تبدیلیوں کی کچھ کچھ پرچھائیں دُور سے فضا میں دکھائی دینا شروع ہوتی ہیں۔ آزاد کے تصوّر کا قدم بھی آگے آگے بڑھتا ہے۔ وہ اپنے وطن میں آزادی کے دن نزدیک دیکھتا ہے اور اُسے یقین ہو رہا ہے کہ شخصی نظام حکومت زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکتا۔ اور غلامی کی زنجیریں ڈھیلی پڑنا لازمی ہیں۔ اُسے محسوس ہو رہا ہے کہ کھرے کھوٹے کو انصاف اور صداقت کی کسوٹی پر پرکھنا قریب ہے۔ وہ صداقت کی فتح اور کذب، ظلم اور ناانصافی کی شکست یقینی جاننے لگتا ہے اور خوش ہوتا ہے کہ وطن میں سیرابی اور شادابی کا آغاز ہوگا۔

رښتیا کول د اتن موږ له مره نجه وسه زان ټوله کتړ چه منډره

شینہٕ کین بالن چھلہٕ چھلہٕ والن سونیتہ کالیچہٕ گگرا یے

نیہٕ نیہٕ کرہ دُن مال کُوت کال بچہٕ ڈروگہٕ موله ایزکہٕ وانہ

سرتلہٕ کھوچہٕ پتیچھ بیلہٕ کھالن موله تلہٕ وسہٕ مُلہٕ ماسے

مندہ چھان کیا زہ مُچھکھ بوله دکھلاین تہ داراہ وطندارو

گرہ کین نیاین سرہ گی لیج بیلہٕ گیلان ادہ ہمسائے

مفہوم :- (۱) موسم گرما آنے پر ان یخ کی بنی ہوئی عمارتوں کی بُنیادیں ہل جائیں گی۔ موسم بہار کے گرجتے بادل اور بارش سے برف کے پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو کر فنا ہو جائیں گے۔

(۲) دھوکے کی دُکان سے کب تک جگمگ کرتا ہوا مال گراں قیمت پر فروخت ہوتا رہے گا۔ جب اس چمکتے ہوئے پیتل کو کسوٹی پر پرکھا جائیگا تو اس ملمع کاری کی کوئی قیمت یا قدر نہ ہوگی۔ پیتل پیتل ہوگا۔

(۳) میرے ہموطن! تم دو مردوں کے طعنے سُن سُن کر کیوں شرمندہ ہوتے ہو۔ قاعدہ ہے کہ جب گھر میں پھوٹ پڑے تو ہمسایہ لوگ طعنے دیا ہی کرتے ہیں۔

آزاد کو رفتار زمانہ میں صبح صادق کی جھلکیاں نظر آنا شروع ہوتی ہیں۔ وہ ظلم میں کمی اور ظالم کی دراز دستی میں کوتاہی محسوس کرنے لگتے ہیں۔ اندھیارا ختم ہوتا دکھائی دینے لگتا ہے، اور وہ امیدوار ہے کہ اب صد ہا سالہ

غلامی کی زنجیریں کٹنے کو ہیں، ظلم مٹنے کو ہے۔ یہاں تک کہ زمانہ گذشتہ کی باتیں خواب کی شکل اختیار کرنا شروع ہوتی ہیں۔ وہ ملک بھر میں امن و امان اور خوشحالی کی لہر سی دوڑتی محسوس کرنے لگتا ہے۔ چنانچہ اپنی ایک لافانی نظم میں اس کا خاکہ یوں کھینچا ہے۔

گٹ ژُجو سنگروپتہ گاشں آو ہاران ٹورنی بھُتو
ژھین ژاو ظُلم نوّن دژاو انقلاب آہستہ آہستہ
گٹ ژوّل رآژہسد ژوّل گاش بھوّل آکاش گودو روشن
مُشتھ گمو سارنے یارّن شہ خاب آہستہ آہستہ
گٹے منز ژم دِوان اوس سگدل شبرنگ جودوگر
گژھن تہند یوطِلسمو ہیوت خراب آہستہ آہستہ
اژن دَرزن نژ قیدپرتین راتہ کرِلیہ راتہ موغلو ہیوت
گیٹون ہیوت پوشنو لو باحساب آہستہ آہستہ

مفہوم:۔ پہاڑوں کے پیچھے (اُس پار) سب اندھیرا گم ہو کر چھپ گیا اور روشنی نور برساتی ہوئی نمودار ہوئی۔ ظلم اور ظالم اب چھپ جانے کے لئے جگہ تلاش کر رہے ہیں۔ انقلاب آخر آہستہ آہستہ جلوہ افروز ہونے لگا۔

(۲) رات کا گھٹا ٹوپ اندھیرا ختم ہوا۔ صبح کی روشنی ظاہر ہوئی اور

مطلع صاف ہوا۔ ہموطنوں کی یاد سے وہ خواب (رات کا گھٹا ٹوپ اندھیرا) آہستہ
آہستہ مٹنے لگا۔

(۳) رات کی تاریکی میں وہ سیاہ فام جادوگر اپنے شعبدوں سے
ہمارا جی للچاتا تھا۔ لیکن روشنی ظاہر ہونے پر اُس کے طلسمات کی کچھ قدر
وقیمت نہ رہی۔

(۴) چمگادڑ اور اُلّو (رات کو چلنے پھرنے والے جانور) دیواروں
کی دراڑوں اور کھوکھلے درختوں میں چھپنے لگے اور "پوشنول" دھیرے
دھیرے مدھر مدھر راگ گانے لگے۔

آزاد ملک میں آزادی کی لہر دوڑتے دیکھ دیکھ کر خوش ہوتا
ہے۔ نوجوانوں میں جوش وخروش بھی کہیں کہیں مشاہدہ میں آتا ہے۔ ایک
نئی ترنگ اُبھری معلوم ہوتی ہے۔ وہ اور بھی خوش ہوتا ہے کہ مظلومیت
اپنا رنگ لانے لگی۔ انقلاب کی یہی تعلیم تھی جو اب رونما ہونے لگی ہے
فرسودہ نظام حکومت کے آخری دن سامنے ہیں۔ ظلم، بے انصافی اور کس
مپرسی کا عالم ختم ہوا چاہتا ہے ؎

(۱) فریبکړ پردہ ژړځ ژړځ دژاو مړدن ہمند حباب اخر
یہ عالم اوس بیدار شی ۔ شہ عالم اوس خاب اخر

(۲) مچھ میومت راتہ کړلین راتہ مخہ غلن غم تہ ماتم کیشاہ

یہندسے عائشہ باپت نیرہ ہے تا آفتاب آئرخسمہ

مفہوم :- (۱) بہادروں کی دلیری طلسمات اور فریب کے پردے پھاڑ کر آشکار ہوئی۔ کیوں نہ ہو؟ وہ طلسمات اور فریب کاری کا زمانہ بے بنیاد اور مثل خواب تھا۔ حقیقت تو یہی عالم بیداری ہے۔

(۲) تعجب ہے کہ ذی غرض اندھے (چمگادڑ، وغیرہ) اس نورانی عالم کو دیکھ کر سوگوار اور رنجیدہ ہیں۔ کیا ان کی خوشنودی اور عیاشی کو قائم رکھنے کے لئے (ظلم اور نا انصافی کے عالم میں) سورج (انقلاب) ظاہر نہ ہوتا؟

لیڈروں کی رہزنی

آزاد دیکھتا ہے کہ موقعہ پرست اور ذی غرض لیڈر وطن کی ناؤ کو پار لگا نہیں سکتے، کیونکہ اُن کو رجعت پسندی، ناعاقبت اندیشی اور غرضمندی کوئی نیک کام کرنے نہیں دیتی۔ وہ آگاہ کرتا ہے کہ ایسے خود غرض لیڈر انقلاب کے دھارے میں بہہ جائیں گے۔ ان کی لیڈری کذب اور خود غرضی پر مبنی ہے۔ اس لئے ناپائدار ہے۔ اور زمانہ کی رفتار کے ساتھ قدم نہیں اُٹھا سکتی ؎

نَوِ زَمنیچ پرانِ لیڈرٔی یِیے ‎ زبہ سمیکھ سائلابن

اُس مَلہِ تَلہِ باڑی گرٔیی یِیے ‎ سمندرس بے بوزری میانی زار

مفہوم :- نیا دور پرانی رجعت پسند لیڈری کو ایسے بہالے چلا جیسے بہتا ہوا دریا ایک گھاس کے تنکے کو بہالے جاتا ہے۔ وجہ؟ یہ لیڈری

کھوٹی تھی۔ غرضمندی اور ناانصافی پہ مبنی تھی . . . . میری محبوب (دیتھا) میری آہ و فریاد سُن لے۔

پھر آزاد کو اندیشہ ہوتا ہے کہ وطن آزاد ہوا چاہتا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ ہمارے رہنما صرف اپنا پیٹ پالنے میں مشغول ہو جائیں۔ اور انقلاب کے مقصد اعظم کو بھول جائیں۔ صرف اپنی فلاح و بہبود، آرام و آسایش بہم کرنے کی سرگرمی اور منصب تلاشی میں محو ہو جائیں۔ پھر نئے اور پرانے نظام میں کوئی فرق معلوم نہ ہو گا۔ وہ تنبیہہ کرتا ہے کہ انقلاب کے یہ معنی نہیں کہ ایک فرسودہ نظام کا قلع قمع کر کے لوگ صرف اُن کرسیوں کو اپنے نفع اور عیاشی کے لئے سنبھالیں جو غیر ذمہ دار عناصر کے قابو میں تھیں۔ بلکہ اس کا یہ مطلب ہے کہ وطن اور اہل وطن ظلم اور سختی سے نجات پائیں اور سارا ملک راہ ترقی پر گامزن ہو کر خوشحال بنے۔

دوہ تارہ پردیو کرٔ دُکانداری پنہ تین آیہ انواری یے
بایاری کو چھین بیٹھہ باپاری سگ تر تے کرٔ و نچہ باری یے

مفہوم:۔ کچھ دن اجنبی لوگ اس دُکان پر بیٹھکر اپنے فائدہ کا کاروبار کرتے رہے۔ اب جو اپنوں کی باری آئی۔ تو وُہ بھی اسی طرح (اجنبیوں کی طرح) فائدہ کا کاروبار (اسی دوکان پہ بیٹھکر) کرنے لگے . . . .

آزاد کی آنکھوں کے سامنے کئی ایک تصویریں اُبھرتی ہیں۔ وہ

مذہبی لیڈروں اور پولیٹیکل لیڈروں کو کڑی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ اُسے ان میں سے اکثر لوگ ایسے نظر آتے ہیں جو انقلاب کو اپنی نفس پروری اور اپنے مفاد کے لئے استعمال کرنے کے لئے محوِ عمل ہیں۔ ان کے یہاں جھوٹی مذہب پرستی اور جھوٹی حبّ الوطنی ہے۔ وہ دیکھتا ہے کہ سیدھے سادے لوگوں کو گمراہ کرکے یہ لیڈر انقلابی نعروں سے ایک شورش بپا کر رہے ہیں۔ بے چارے بھولے اور مفلوک الحال ہموطنوں کی بیکسی کا سہارا لیکر وہ فضامیں " انقلاب ہی انقلاب" پیدا کرنے کی فکر میں ہیں۔ لیکن یہ سب کچھ اپنا اُلّو سیدھا کرنے کیلئے یعنی اپنے لئے بڑا کاروبار، اپنے لئے عیش اور آرام کا سامان فراہم کرنے کے لئے۔ ایسے رجعت پسند لیڈروں کا تصوّر بھی آزاد کے دل میں آتا ہے۔ جو کہنے کو بہت کچھ انقلابی باتیں کرتے ہیں۔ انقلابی نصب العین سامنے رکھتے ہیں۔ اور انقلابی ساز و سامان کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ لیکن یہ سب کھوکھلی باتیں ہیں۔ یہ سب محض اپنی بڑھائی کے لئے ہے۔ یہ لوگ ہموطنوں کو اپنے حق سے بیگانہ اور بے خبر رکھنے کے در پے ہیں۔ آزاد کے سامنے کبھی مذہب والوں کے ہتھکنڈوں کی تصویریں آتی ہیں۔ ان میں غریب ہموطنوں کی گمراہی دیکھتا ہے۔ مذہب پرست دین اور دین میں تمیز پیدا کرکے ایک آسمانی کتاب کو دوسری آسمانی کتاب کا دشمن بتاتے اور بندے اور بندے میں فرق بتا کر قسمت، کرم پھل اور تقدیر کے مسئلوں کو اُچھال کر انسان کو انسان کا دشمن، انسان کو

حق تلفی پر رضامند اور انسان کو آسایش کے مقابل میں فلاکت پر قانع بنانے میں معروف کار ہیں۔ آزاد اہل وطن کو چلّا چلّا کر بیدار کرنا چاہتا ہے کہ "ہوشیار خبردار" غرضمند لیڈروں اور غرضمند مذہب داروں سے دامن بچا کر چلو ؎

(۱)

وارہ ساوان چھی ژیہ وُزہ ناوَن وٲلی ساز سنطوُرہ مدہم ترأوِتھ نٲلی

مارو سیپہ بکھ اَمہِ خمارو ہو گرٛ ھنا بیدار ہا وِلسدارو ہو

(۲)

سادہ لُوکن ڈٲلی ڈٲلی بہ چھہ ہتین گٲلی گٲلی عاشہ تین کارو بار آرہ کتین لُوٹ مار

(۳)

یہ دین ملت، وطن، حکومت، خودا، خودٲیی، ازل تہٕ قسمت

نقاب کٲتیاہ حقیقتس پیٹھ تھوان یِم انقلاب دُشمن

(۴)

گُنے چھہٕ دفترِ گُنے فسانہ مگر وُچھت گردش زمانہ

بنان آسمانچین کتابن چھہٕ آسمانٕی کتاب دُشمن

مفہوم:۔ ساز خوش آہنگ لئے ہوئے دل کو لبھانے والی لوریاں گا گا کر بیدار کرنے والے (لیڈر) بجائے جگانے کے تمہیں تھپک تھپک کر غفلت کی نیند سلاتے ہیں۔ میرے ہموطنو خبردار! ان لیڈروں سے دامن بچا

کے رکھو۔

(٢) سیدھے سادے لوگوں کو سبز باغ دکھا کر اور بھوکوں کو مار مار کر یہ لوگ عیاشی میں اور دھن دولت بٹورنے میں مست ہیں۔ بچارے غریب لوگ لُٹے جا رہے ہیں۔

(٣) رجعت پسند اور انقلاب کے دُشمن کبھی ایک دین کو دوسرے دین سے ٹکراتے ہیں۔ کبھی ضرورتاً ایک ہی دین کی دو ملتوں کو ایک دوسرے کا گلا گھونٹنے پر اُبھارتے ہیں۔ کبھی وہ وطن کی بہتری کسی فرضی عمل کے ساتھ جوڑتے ہیں۔ کبھی خدا کے حکم اور تقدیر کے لکھے کا حوالہ دیکر مظلوم کو کروٹ بھی بدلنے نہیں دیتے اور ظلم اور ناانصافی پر راضی کرتے ہیں۔ کتنے یہ پردے ہیں جو انقلاب کے دُشمن حقیقت پر ڈال دیتے ہیں۔

(٤) کہتے ہیں کہ روز ازل سے ایک ہی آسمانی کتاب ہے۔ جس سے کہ مختلف پیغمبروں اور اوتاروں کو پیغام حاصل ہوا ہے۔ حیرانی ہے کہ ماخذ ایک ہو۔ پیغام ایک ہو، پھر کیسے مذہب کے یہ ٹھیکیدار ایک آسمانی کتاب کو دوسری آسمانی کتاب کا مخالف بتاتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ سادہ لوح لوگوں کو اپنے مفاد کے لئے گمراہ کرتے ہیں۔

اشتراکیت، سرمایہ داری

امیری و غریبی، بہتات اور کمی، آرام اور رنج، ظالم و مظلوم کے مناظر دیکھکر

آزاد تلملا اُٹھتا ہے۔ جہاں بڑے بڑے علماء و عقلمند دنیا کی آسائشوں سے محروم نظر آتے ہیں، وہاں معمولی سمجھ رکھنے والے بے شمار بے عقل لوگ دولت و دنیاوی جاہ و حشمت سے مالا مال دیکھنے میں آتے ہیں۔ کوئی کتنا ہی ثواب گار اور فرزانہ کیوں نہ ہو، وہ اقتصادی طور ذلیل ہو سکتا ہے اور ہوتا ہے۔ شخصی نظام حکومت کسی حد تک اس بے انصافی کی وجہ ہو سکتی ہے، لیکن اپنی فکروں کی مدد سے آزاد اپنے عالم جوانی میں ہی اس نتیجہ پر پہنچ چکا تھا کہ ان جملہ ناانصافیوں کی جڑ سرمایہ داری اور سرمایہ دارانہ نظام حکومت ہے۔ وہ سمجھتا تھا کہ یہ ایک نظام ہے، ایک مشین ہے جس کو بدلنے کی ضرورت ہے۔ اس کے اِکے دُکے پُرزوں کو بدل کر مشین بدل نہیں سکتی۔ ایک نئی مشین چاہیئے جو کہ چلنے اور چلانے میں بالکل الگ ہو، ایسی مشین ہو، جس میں مطلق العنانی نہ ہو۔ جس میں مساوات ہو جس میں ظلم اور سطوت کا کوئی پہلو نہ ہو۔ ملک کے کونے کونے میں انصاف قایم کر سکے اور جہالت کی دھند کو ختم کر کے علم کا چرچا کرے۔ امیر و غریب کا تفرقہ مٹا کر سب لوگوں کو آسائش، روزی اور ضروریات زندگی بہم پہنچانے کا سلیقہ بتائے۔ یعنی اشتراکیت یا سوشلزم کا نظام ملک میں قایم ہو تو کہیں امان مل سکتا ہے۔ وہ سرمایہ داری اور سرمایہ داروں کی حرکات سے عوام کو باخبر کرتا ہے۔ وہ اس نظام کے حامیوں کے چکموں کو

نفرت کی نظر سے دیکھتا ہے اور اس کی ناپائیداری کو واضح کر کے اس کی
ہلتی ہوئی بنیادوں پر روشنی ڈالتا ہے۔

(۱)

بُزان پہ سرمایہ دار ڈیو ہٹم جگہ غریبن تہ بے کسن ہٹند
متیہ چانِہ اَمہِ عظمتکٔ قسم چھِم تتے منگان چھِس بہٗ ستے امانؔ

(۲)

اکھاہ چھُہ تختس بِہِتھ شہانہ جَرِیتھ جواہر بَرِیتھ خزانہ
چھُہ بیاکھ فیران دانہ دانہ بَنان بِتھِچھُن کُیٔت تَیمِس نہ بانا

(۳)

جَراں اَکھاہ سِمدن تہٕ چُھ بنہٕ جامَن بِیمیِش زانہہ ان بنان شامَس
وُچھم یمیے زیادہ پاکدامَن ژٔیتہ نِش تِمَن کُیٔت نہ آب و دانا

مفہوم :- (۱) اے خدا تیری عظمت کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں
اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں۔ سرمایہ دار انسان بے سرمایہ اور بے ثروت
انسان پر ظلم ڈھاتا ہے۔ اور اس کے خون سے پلتا ہے۔ اتنا ظلم کہ میں چلاّ
اٹھتا ہوں، الامان!

(۲) ایک ہے کہ زر و زیور سے لدا ہوا لباس شاہی پہن کر تخت
پر بیٹھا ہوا ہے۔ اور خزانہ اور لشکر لے کر حکومت کر رہا ہے۔ اور ایک ہے کہ

محض مسکین ہے اور گدائی کرنے کیلئے اس کے پاس کشکول تک نہیں۔

(۳) اے خدا! تیری اس دنیا میں کوئی فارغ البال اور خوشحال ہے اور زر و زیور سے اپنی خود آرائی میں مصروف ہے، اور دوسرا ہے کہ مارے بھوک کے مر رہا ہے۔ عجیب ماجرا ہے کہ اگر کوئی زیادہ پاکدامن اور خدا ترس ہے تو وہی مفلوک الحال اور لاچار ہے۔ آزاد کو اس غیر متوازن تقسیم اسباب رنج و راحت کے پس پردہ سرمایہ داری اور سرمایہ دارانہ نظام حکومت کا ہاتھ نظر آتا ہے۔ وہ کہہ اٹھتا ہے ؎

شاہی غوہ لاگی پڑزا نہ رازہ　　اِنصاف تراَ دِتھہ پوزا نمازہ

اکھ دوِرہ ترسان بیا کھ پوِرہ نازہ　　ییم فتنہ سازی ساری تنازہ

سرمایہ دآری　سرمایہ دآری

مرُدن چھ ڈالان نشہ دردہ لولہ　　ولُس بناوان شورہ تہ گولہ

کفرکی تہ دینکی کرِکرِ مخولہ　　مستانہ رندن گالان ہولہ

سرمایہ دآری　سرمایہ دآری

پنیتھ عرشہ وہلنی تقدیرِ سالہ　　عالم تہ آدم کورُنس حوالہ

سگے زیر ہرنہ تہ کگو شیر زالہ　　ادہ کُس چھہ ماران ییم براِری ژھالہ

سرمایہ دآری　سرمایہ دآری

مفہوم:- (۱) ادھر دیکھو تو شاہی اور غلامی کا منظر پیش نظر

ہے۔ اُدھر دیکھو تو کوئی سارے عالم سے بے انصافی کر کے پوجا اور نمازیں
محو ہے۔ کوئی بے بس اور بے کس ہے اور کوئی کھلے بندوں عیش و عشرت میں
مگن ہے۔ یہ مختلف مناظر ہیں جو فتنے اور متنوع تنازعے ہیں۔ ان سب کا سبب
سرمایہ داری اور نظام سرمایہ داری ہے۔

(۲) سرمایہ داری انسان کو محبت اور شفقت کے نازک جذبات
سے منحرف کر دیتی ہے۔ پیار اور اُلفت کو گولہ بارود میں تبدیل کر دیتی
ہے۔ کفر اور دین کے "تخول" سُنا سُنا کر رندوں کو تنگ ظرف بناتی ہے۔

(۳) سرمایہ داری کے علمبردار بچارے مسکین کو لاچاری اور
ناداری پہ راضی رکھنے کیلئے "تقدیر اور قسمت" کا حوالہ دیکر غریب کو انہی
کا سہارا دیتے ہیں۔ اور بتاتے ہیں کہ تمام کائنات اور تمام بنی نوع انسان
اسی تقدیر اور قسمت کے قابو میں ہے۔ اسی طرح وہ کمزور اور زور آور دونوں
کو اپنے جال میں پھنسائے رکھتے ہیں۔ ذرا دیکھئے تو! سرمایہ داری کیسی
کیسی بلی کی سی چھلانگیں مارتی ہے۔

پھر آزاد آگاہ کرتا ہے کہ سرمایہ داری فریب ہے دغا ہے اور ظلم
و ناانصافی کا باعث ہے۔ اس کے چکموں میں نہ آؤ۔ یہ اپنے مفاد کے لئے کبھی
فلک کے اجرام کو کبھی زمین کے جمادات کو تمہاری غربت اور بیکسی کا ذمہ دار
ٹھہراتی ہے۔ لیکن آزاد کو سرمایہ داری کی بنیادیں ہلتی محسوس ہو رہی تھیں

وہ چلاّ چلاّ کر ہم وطنوں کو بیدار کرتا ہے۔ اور درس دیتا ہے کہ تمہاری غلامی، سرمایہ داری نے مستحکم کر رکھی ہے۔ غلامی کی زنجیریں توڑ دو۔ اپنے پاؤں پہ کھڑے ہو کر ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہو جاؤ۔ سرمایہ داری ختم ہو رہی ہے۔ اس کو اب بقا نہیں۔

(۱)

سرمایہ دارٔی ہِنشر پہ ختہ کاڑی زور اورٔن ہندی ہم عزب کاڑی
ناپایدارٔی بٔرم بٔ زنگاڑی خوابہ خیالاہ، وہماہ گمانہ

(۲)

ہا بندہ ژیٚہ شوٗبی نہ غولاٗمی نہ گدائی سرمایہ دارٔی فند تہٕ فریب چھا پہ خدائی

(۳)

چھ کرٕ ہراتھ ہندی کینہہ ہردِہ روزان زندہ وہ نی روزن
ژِ تس پتیہِ تیٚ ہمن سرمایہ دارٔن تٔم نواب آخر

مفہوم:- (۱) دیکھ میرے ہموطن! سرمایہ داری کی تمام پختہ کاریاں اور ظالم زور آوروں کے تمام مظالم دھوکے اور فریب ہیں۔ محض خواب اور خیال کی باتیں ہیں۔ یہ ناپایدار ہیں اور مٹنے والے ہیں۔

(۲) اے بندہ خدا! کیا تیرے لئے سرمایہ دار کی بنا کردہ غلامی اور گدائی زیبا ہے؟ سرمایہ داری فریب اور دغا کے سوا کچھ بھی نہیں ہے۔ یہ خدا کی کوئی خدائی نہیں جو اٹل اور لافانی ہو۔

(۳) سرمایہ داروں کو یاد رکھنا چاہیئے کہ ان کا ڈھانچہ ایک عارضی نظام کے بل بوتے پر کھڑا ہے۔ جس طرح برسات میں موافق اور سازگار ماحول پاکر چھوٹے چھوٹے کیڑے مکوڑے اُبل پڑتے ہیں۔ اور خزان کے داخل ہونے سے پہلے ہی ختم ہو جاتے ہیں، اسی طرح یہ عارضی سرمایہ دارانہ نظام ختم ہونے والا ہے۔ اور اس کے ساتھ سرمایہ دار بھی۔ ان کو یاد رہے کہ ان سے پہلے اس دنیا میں کتنے نواب اور راجے پیدا ہوئے اور موافق ماحول کے ختم ہونے کے ساتھ ہی وہ بھی ختم ہو گئے۔

آزاد سیاسی اُفق پر سرمایہ دارانہ نظام کا خاتمہ ہوتے دیکھکر خوش ہوتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ یہ قبیح نظام تو بوڑھا ہو چکا ہے۔ نیا نظام جوان ہوگا۔ دل خوش کن اور انسان پرور ہوگا۔ ایک نظم جوانی اور بڑھاپے کی تعبیر میں لکھتا ہے۔ خوب لکھتا ہے مقطع میں نئے نظام کا نقشہ پیش نظر رکھتا ہے

(۱) گلا باہ وارِہ ہُند یاوُن۔ بُجر سوسَن مزارَن ہُند
چھوان یاوُن کنڈِین پوشن۔ بُجر پوشَن نہ خارَن ہُند

(۲) چھُہ یاوُن شرا‌ونِچ گرمی قُلے ہارِچ ہوا سونتک
بُجر کیاہ تیر ماگچ شور پانشرالن تہ نارَن ہُند

(۳) چھُہ یاوُن جاوِ جولانی بُجر حسرت پشیمانی
بُجر مجبوٗرِین ہُند بندہ، یاوُن اختیارَن ہُند

(۴) چمن پوشن تر باغَن توشہ ناسنہ میون یاون رائے
چھہ از یاوَن مزدورن ھتند بُجر سرمایہ دارن ھتند

مفہوم :- (۱) جوانی باغ میں ایک کھلے ہوئے گلاب کی مانند ہے اور بڑھاپا قبرستان کے سوسن کے مشابہ ہے۔ جوانی پھولوں اور کانٹوں دونوں پراتراتی ہے اور بڑھاپا نہ کانٹوں پر نہ پھولوں پر۔

(۲) جوانی ساون کی گرمی ہے بار کا شگوفہ زار اور باد بہاری ہے بڑھاپا ماہ ماگھ کی سردی ہے۔ پہاڑوں اور گھاٹیوں کی کہر ہے۔

(۳) جوانی ایک اُمنگ اور تگ و دو کا نام ہے۔ بوڑھاپن حسرت اور پشیمانی کا دوسرا نام ہے۔ بوڑھاپا مجبور اور معذور ہے۔ اور جوانی صاحب اختیار ہے۔

(۴) میرے جوبن کا مالک ان باغوں اور پھولوں پرکیوں نہ اترائے آج مزدوروں کا جوبن ہے اور سرمایہ داروں کا بوڑھاپا۔

سیاست میں راستبازی اور بہادرانہ عمل کی تلقین

آزاد سیاست میں راستبازی کا قایل ہے۔ وہ اس میدان میں بہادرانہ پیش قدمی کا حامی ہے۔ اس کے سامنے سیاسی مسایل کو حل کرنے کے لئے لومڑی کی چال چلنا عین نامردی ہے وہ چاہتا ہے کہ میدان عمل میں قدم رکھکر تمام مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے

وطن کا محبت آگے آگے اپنے نصب العین کی طرف بڑھتا جاتا ہے۔ وہ حب وطن کی افزائش چاہتا ہے۔ اور حب الوطنی کا مکمل اور سالم ہونا ضروری سمجھتا ہے تاکہ دلیرانہ طور تمام مصائب و مشکلات کا سامنا کیا جا سکے وہ کھوکھلی اور نقلی حب الوطنی کو بے معنی سمجھتا ہے۔ "وریچ یاگری" میں یوں کہتا ہے ؎

روشہ روشہ وُنی دِتم گوشن ژمہ یاگر سو چھیوُرس گامہ شہاگری یے

ستیہ رس تہ یزرس وُچھم پاپدار سی سگ دِتے کمہ وریچ یاگری یے

مفہوم :۔ میں نے دیہات اور شہر سب چھان مارے۔ ہر جگہ ہر گوشے کو دیکھا۔ میں نے یہی پایا کہ صرف راست بازی اور سادگی لازوال اور پائدار ہے۔ اے جنگل کی چیڑ (کہ راست قد اور سادگی کا ایک مجسمہ ہو) تجھ کو کس نے پالا اور پوسا ؟

آزاد سوبھاش چندر بوس کی حب الوطنی، ایثار اور بہادری کا دلدادہ تھا۔ لیکن جاپانی فاشزم سے متنفر تھا۔ اس لئے بوس کا جاپانیوں سے مدد طلب کرنا تاکہ وطن آزاد ہو۔ اس کی نظروں میں نادانی بلکہ نقصان دہ تھا۔ وہ نیتاجی کے طرز عمل کو جاسوسی سے تعبیر کرتا ہے۔ اور ہندوستانیوں کو تنبیہ کرتا ہے کہ اپنی گرم جوشی اور بہادری سے ہی قوم کا بیڑا پار لگایا جا سکتا ہے۔ فاشسٹ جاپانیوں کی مدد سے نہیں ؎

دزان یبلِہ نارہِ ڈُدہ مَل پانہ الہ راوان کوہِن بالَن

بہادُر چھا اَڑان جاسُوس لاگِتھہ دُشمنن اندر

کران گرداب گنِتھہ پانَس اَنان اَدہِ رگبوُر طوُفانَس

شرف یُس صاحب خانَس تہٖ سُے چھا پرزَن اندر

مفہوم :- (۱) جب بجلی خود جلتی ہے تب کوہ و بیاباں میں لرزہ پیدا کر سکتی ہے۔ اسی طرح حُب الوطنی کی آگ سے بھرا ہوا دلیر مرد لومڑی کی چال نہیں چلتا۔ اور بھیس بدل کر دشمنوں میں داخل ہو کر جاسوس نہیں بنتا۔

(۲) بھنور جب اپنے آپ کو چکر میں ڈالتا ہے جب ہی وہ کہیں طوفان کی راہ روکتا ہے۔ بھلا جو خوبی گھر کے مالک میں ہو وہ کہاں کسی بیگانے میں مل سکتی ہے؟ کہتا ہے ؎

ورتاو دلیری ہُند کیاہ زانہ سُہ بے چارہ

یُس گڑابہِ لَگان آسِن پتھ آسہِ گھبہِ کھڑاوے

تِمہ لولہ کھوتہٖ بہتر زولانہ غولامی ہُند

اِستادہ جوانمردس یُس لول پتھر یاوے

مفہوم :- (۱) بہادری کے رسم و روایات وہ بے چارہ کیا جانے جس کا اپنا ایمان پختہ نہ ہو اور جس کی حُب الوطنی ڈانوا ڈول ہو۔

(۲) ایسی حب الوطنی سے غلامی کی زنجیریں ہی بہتر ہیں جس حب الوطنی کا متحمل میرا ہم وطن نہ ہو سکے۔

آزاد کا پیغام

آزادؔ کے دل میں "لول" کا ایک ذخیرہ موجود تھا جو کہ مجاز کے خیالات اور جذبات ظاہر کرنے میں کافی دیر صرف ہوتا رہا۔ وقت کے گذرنے اور ماحول کے بدلنے کے ساتھ یہی "لول" کھٹکے بندوں وطن اور اہل وطن کیلئے صرف ہونے لگا۔ مروجہ شاعرانہ خیالات اور ترکیبات کو چھوڑ کر آزادؔ زندگی کی "تلخ وارداتوں کے مسئلوں پر اپنی سمجھ اور تجربہ کے مطابق اپنے افکار ظاہر کرنے لگا۔ ان مسائل پر آزادؔ کے افکار ایک پیغام کی حیثیت رکھتے ہیں جو قابل غور اور سبق آموز ہیں۔ چنانچہ کہتا ہے

بوزِس لو لکھ ناد لولٕرٕ یے   چھینہٕ آلوٗ آزادٕ نہٕ
بچہِ نغمہ تہٕ سازٕ ندٕرٕ یے   سونٕدٕرٕ یے بوزِس میانٕی زار

مفہوم :- آزادؔ کی محبت بھری "تانوں کو شنکر سمجھ لو اور متاثر ہو جاؤ۔ یہ کسی رسمی گویتے کے رسمی گیت تو نہیں۔ اور پھر سے

چھِ میہٕ نِش مَس بانہٕ نوٕ ی   پیمانہٕ نوٕ ی نوٕ ی نوٕ شراب
تراو ساریٖے پرانٕی مستی   چھاو اَدٕ میخانہ میون

مفہوم :- میرے پاس مے، جام و مینا سب نئے اور نرالی قسم کے ہیں۔ پرانی مستی چھوڑ دے۔ پھر میرے مے خانہ میں داخل ہو کر بادہ نوشی کر۔

آزاد اور ہندو مسلم آشتی

بچپن ہی سے آزاد مذہبی امور سے با خبر ہوتا چلا آیا تھا۔ لیکن ماحول اور ہوا کے باوجود طبیعت مذہبی معاملات میں اُلجھ نہ سکی۔ وہ مذہبی رواداری کا قائل ہے اور اسی طرف مائل ہے۔ مذہبوں کے الگ ہوتے ہوئے بھی وہ انسان کے ایک ہونے کا دعوے دار ہے۔ "ہندو مسلم بھائی بھائی" آزاد کا نصب العین اور یقین کامل ہے۔ متعدد دینوی راہیں اس کے سامنے ایک ہی منزل کے مختلف راستے ہیں۔ وید، شاستر، قرآن، بائیبل آدمی کو آدمی کا دشمن بنانے کے مختلف احکام نہیں۔ اُس کے سامنے انسان انسان ہے۔ ہندو بھی، مُسلم بھی، سکھ بھی اور عیسائی بھی انسان ہے۔ انسان کے بُنیادی جذبات ایک ہوتے ہوئے کیسے ہو سکتا ہے کہ ہندو یا مسلمان کہلانے سے وہ بدل جائیں۔ مذہب ایک بھیس ہے، جس کو پہن لے تو پہننے والا بدل نہیں سکتا۔ آزاد وطنیت، یگانگت، ہندو مسلم آشتی اور بنی نوع انسان کے ایک ہونے کا علمبردار ہے۔ وہ حیران ہو کر پوچھتا ہے کہ کیا خدا کسی پیامبر کے ہاتھ ایک پیغام بھیجکر دوسرے پیغمبر کے ہاتھ ایک مخالف اور متضاد پیام بھیج سکتا ہے؟ نہیں نہیں۔ یہ محض انسان کی بنائی ہوئی باتیں ہیں۔ سب دین ایک ہی ماخذ سے نکل کر ایک دوسرے کے مخالف نہیں ہو سکتے۔ پھر دین اور دین میں جھگڑا۔ انسان انسان میں جھگڑا کاہے کا؟ یہ

محض غرضمندوں کی چالبیں ہیں۔ وہ چلّا اُٹھتا ہے۔ میرے ہمسفرو! مذہب ایک دوسرے سے جُدا ہونا نہیں سکھاتا۔ ایک دوسرے کا دُشمن بننا نہیں کہتا ہے۔ یہ ظاہرداری کی باتیں اور خود غرضیوں کی ایجادات ہیں کہ مذہب ایک دوسرے کا دُشمن بننا سکھائے۔ ہمسفرو انسان ہو، انسان بنو۔ کعبہ اور بُتخانہ تم نے اور تمہارے دماغ نے پیدا کئے۔ اگر خدا تمہارا خالق ہے تو وہ کیونکر تمہارے لئے متضاد ارشاد بھیجتا؟ تم بھائی بھائی ہو۔ آپس میں اتفاق سے رہو، مل جل کر رہو۔ پریم اور محبت برتتے رہو۔ سب بنی نوع انسان کو ایک اور یکسان جانو۔ اسی میں تمہاری روحانیت کا کمال اور عروج مضمر ہے۔ شمع کی زبانی کہتا ہے ؎

(۱)

ییتِھ یکسانہٕ کِہ ہالہ ماٗدانہ کُس ہِنٛز کُس چھُہ بیگانہ میون

یُتھ میہ نِش ہیوند تہٕ تیُتھ مُسلمانہ گوش تھاو بوزا فسانہ میون

(۲)

دین میون ملہ زار دھرم یکسانہ سارنی کیٛتھ چھُہ تُرانہ میون

یُتھ میہ نِش کعبہ تہٕ تیُتھ چھُہ بُتخانہ گوش تھاو بوز افسانہ میون

(۳)

نہ مشہ کعبس نہٕ بُتخانس چھُہ آزاد ییٚتھِس مردِ مُسلمانس مُبارک

(۴)

بُت خانہ ژے بنووُتھ کعبس بناوِیہ تَس اَدِ تھ

گیتا یِہ کیٛاہ خطا کھوٚت وَنتم قورانہ وا لے

مفہوم :- (۱) مجھے یکسانیت کے عالم میں اپنے پرائے کی کوئی تمیز نہیں۔ میرے پاس جیسا ایک ہندو ہے، ویسا ہی مسلمان ہے بسُن ! میرا فسانہ سُن !

(۲) میرا مذہب ؟ باہمی ملنساری، میرا دھرم ؟ سب کو یکساں سمجھ لینا۔ میری روشنی بغیر کسی تمیز کے سب کے لئے ہے۔ جیسا کعبہ میرے نزدیک متبرک ہے ویسا ہی بُت خانہ بھی ہے بسُن ! میرا افسانہ سُن !

(۳) آزاد نہ کعبہ میں جا کر سجدہ ریز ہوتا ہے اور نہ بُت خانہ میں جا گھستا ہے۔ ایسے مردِ مسلمان پر آفریں ہے۔

(۴) بُت خانہ اور کعبہ دونوں کو تُو نے پیدا کیا۔ مجھے بتا۔ اے قُرآن والے کہ بھگوت گیتا پھر کیوں قصوروار ہے ؟

آزاد کو آئی جھگڑے، مذہب سے مذہب کی دشمنی، اور انسان سے انسان کی عداوت ناگوار گذرتی ہے۔ وہ ان مشکلات اور ناموافق حالات کو دیکھکر یگانگت اور اتفاق کے نعرے بلند کرتا ہے۔ بہتے دریا کی زبانی سناتا ہے ؎ سنبر اوِ مہ گنیار، بُٹھو تہٕ بیرہٕ ڈیشتھ جیرہٕ چھُم ایوان

گُنبر یکسان چھُس ژھاران لاران یُوت ماران پانہٕ

نۆئے چھُس آب اُسِتھ وارہ تلوٚن تیوٚگلن اندر
یوان چھَم زندگی ہُند سوز سفرن منزِلن اندر

●

مہ وُچھ لہرن ہندین قہرن، 'تنازن' لا یہِ لایَن کُن
گنیرِ اُسِتھ گنیرِ میون وُچھ نہ وُچھ جھگڑن تہ بیاین کُن
گنیرِ نئے آسہ یِم جاہِل وہپن کتہ عاقلن اندر
یوان چھَم زندگی ہُند سوز سفرن منزِلن اندر

مفہوم :- اپنے راستہ میں نشیب اور فراز اور متعدد قسم کی رُکاوٹیں دیکھکر مجھ پر جنوُن کی حالت طاری ہوجاتی ہے۔ میں یکسانیت کا متلاشی ہوں۔ جبھی اس قدر دوڑتا، بھاگتا، پھرتا رہتا ہوں۔ اور پانی ہونے کے باوجود جد وجہد کی سرگرمی سے تپاں و سوزاں ہوں۔ مجھے زندگی کا لُطف مشکلات کا سامنا کرنے میں حاصل ہوتا ہے۔

(۲) میری لہریں خونخوار بن کر ایک دوسرے سے لڑتی اور جھگڑتی رہتی ہیں۔ اور ایک دوسرے سے ہاتھا پائی بھی کرتی ہیں۔ تم اس لڑائی جھگڑے کی طرف کوئی توجہ نہ دو۔ اس قدر لاتعداد لہروں کے ہوتے ہوئے بھی ان کی مجموعی یکسانیت اور ایکتائی کا مشاہدہ کرو۔ اگر ان میں باہمی ملنساری اور وحدت نہ ہو تو یہ ناداں' داناؤں میں کہاں جا سما سکتے۔ مجھے زندگی کا لُطف سفر

طے کرنے اور منزل در منزل چلنے میں ملتا ہے۔ اور ایک غزل میں یوں کہتا ہے

(۱) کیتھہ پرَان کفرُک ترانہ تہٕ کیتھہ چھہ دینکۍ دَم دِوان
چاۓ لولِک رو چھہ ہیُو داغوَ نِشہ داما نہٕ رمیون

(۲) گُنبر کِس باغس چھِتھ لِم گُل چھُس وُچھان لولکۍ بہار
کس مے دُشمن دوس وَنہٕ کس کُس پنُن بیگانہ رمیون

(۳) کافری ہندی جامہ لاگِتھ کامہٕ دیو لوٗب عاشقو
پردہ مشہ انیٖن درده چشمن کعبہ تہٕ بُتخانہ میون

مفہوم :- (۱) چند لوگ کفر کی برتری کا اور چند لوگ دین کی بزرگی کا چرچا کرتے ہیں۔ لیکن مجھ پر تیری محبت نے یہ احسان کیا کہ نہ دین سے مجھے واسطہ نہ بے دینی سے۔

(۲) میری تمنا اور میری آرزو! یعنی وحدت کے حسین باغ میں دل کو لبھانے والے پھول کھل آئے ہیں۔ اور میں محوِ نظارہ ہوں۔ بھلا میں کس کو دشمن کہوں۔ اور کس کو دوست کہوں۔ میرے سامنے سب ایک ہیں کوئی بیگانہ نہیں۔

(۳) کفر کے لباس میں بھی سچے چاہنے والوں نے محبت کے دیوتا کو پا لیا، لیکن مذہب پرستوں نے کعبہ اور بت خانہ کا تفرقہ مچا ایسا ٹھونسا

کہ میری محبت کی آنکھیں چندھیا گئیں۔ اور راہِ محبت پر گامزن ہونے سے قاصر ہوگئیں۔

محبت، وحدت، مساوات

انسان کو انسانیت کی یاد دلا کر مساوات، وحدت اور محبت کی تلقین اس طرح کرتا ہے ؎

دِیکَ ژٕہ اَزلینہ محبتکو گُل ہمیشہ پھولہ سنےٚ محبتکو گُل
نہ چھےٚ ہرُد تہٕ نہ سونت بِلکُل ژٕیہ کرزھ پنکو یأ کھٹے ہرُن روا چھا

ژٕہ زاکھ اِنسان بڈیو کھ اِنسان کِتہ بنیو کھ ہنیود کِتہ مُسلمان!
چھُم چون مذہب گنیر تہٕ یکسان ژٕہ اَکھ بہٕ اکھ گنزرُن روا چھا

مفہوم :- تم لازوال محبت کے پودے نصب کئے جاؤ۔ یقیناً ان میں سے محبت کے پھول نکل آئیں گے۔ اور ان میں بہار اور خزاں کا دخل ہی نہ ہوگا۔ یہ لازوال ہوں گے۔ عام پودوں کی طرح جن کے پتے پت جھڑ کے موسم میں جھڑ جاتے ہیں۔ تمہیں نہیں بننا چاہیئے۔ تمہاری محبت کا برتاؤ سدا بہار رہے گا۔

(۲) تم انسان پیدا ہوئے اور پرورش پاکر بڑے ہو گئے۔ مگر پھر بھی انسان رہے۔ نہ جانے تم ہندو کہاں سے بنے یا کس طرح مسلمان بنے؟ دیکھ تم انسان ہو۔ تمہارا دین اور یقین "وحدت" اور "یگانگت" ہونا چاہیئے اور دوئی کے خیالات کو ترک کرنا چاہیئے۔ اور سب مخلوق کو یکساں سمجھنا

چاہیئے ہے

یکسان وحدت، ایمان کاملِ یکسان مانان اِنسان کاملِ
عالم دُوی ہُند کنیرس مُقابل خاباہ خبالاہ، وھما، گمناہ

مفہوم: - "انسان" کا ایمانِ کامل مساوات اور وحدت ہے
چنانچہ جو انسانِ کامل ہو - اس کا یقین وحدت اور یکسانیت ہی ہوتا ہے
دوئی کی دُنیا مساوات کے مقابلے میں محض فریب ہے - وہم ہے اور دھوکا ہے

(۱) ہند عرب، روم چین اختنہ گرن ہُند نفاق
دین تہٕ ایمان کیاہ؟ لول، کنیر اتفاق
زان دُوئی بوڈ گنہ ناہ، مان کنیر بوڈ ثواب
یی چھُ وُنان انقلاب، اُٹھو چھِ وُنان اِنقلاب

(۲) ناو ژٕبہٕ پنسان چھِ ہیوند تہٕ مُسلمان کیشا
ہیوند تہٕ مسلمان بوٚد ناو ژٕبہٕ پنسان کیشا
زِندہ پیٚنہٕ زندگی کیشازِہ تھوٚت در عذاب
یی چھِ دنان انقلاب اُٹھو چھِ وُنان اِنقلاب

مفہوم: - (۱) یہ فتنہ گر غرضمندوں کے ہتھکنڈے ہیں کہ مختلف
ممالک کے لوگوں کو ایک دوسرے سے مختلف جتلاتے ہیں - اور ایک کو دوسرے
کا دشمن بناتے آئے ہیں - یہ تو سب انسان ہیں - نسل اور جغرافیائی محل وقوع

کے اختلافات کے باوجود سب ایک ہیں۔ دین اور ایمان کیا چیز ہیں؟ محبت یکساں اور اتفاق۔ دوئی اس عالم یکتائی میں محض گناہ ہے، اور مساوات، محبت اور اتفاق برتنا ایک عظیم کار ثواب ہے۔ زندگی کے اس ڈھنگ کا نام انقلاب ہے۔ اور یہی انقلاب کی تعلیم ہے۔

(۷) تم انسان ہو۔ اور انسانیت میں ہندو یا مسلمان نام سے کچھ تبدیلی تو نہیں آسکتی۔ بالفرض ہندو یا مسلمان نام سے تمہاری زندگی کی تعبیر ہے۔ تو پھر تم انسان (اشرف المخلوقات) نہیں ہو سکتے۔ اے مست و بے خبر! تو نے اس تفرقہ میں پڑ کر اپنی زندگی کیونکر درہم برہم کردی ہے انقلاب یہی تعلیم دے رہا ہے۔ اور انہی باتوں کی جانچ انقلاب کہی جاتی ہے۔

مذہبی رواداری

آزاد مذہب میں رواداری کی تعلیم ہر قدم پر دیتا ہے۔ اس کے کلام میں جا بجا اس کا ذکر ہے۔ وہ ببانگ دہل پکارتا ہے کہ ہموطنو! اگر ایک مذہب دوسرے مذہب والوں سے نفرت کی تعلیم دیتا ہے تو وہ مذہب، مذہب نہیں، ایسے مذہب سے لامذہبی بہتر ہے۔ اگر کوئی مذہب دوسرے مذہب والوں سے کینہ پروری سکھاتا ہے تو وہ مذہب نیست و نابود ہونے کے قابل ہے۔ انسان کو دوئی کی ہدایت اگر مذہب سے ملتی ہے تو وہ مذہب جھوٹا ہے، فاسد ہے، اور خدائی مذہب نہیں ہو سکتا۔ اگر مذہب، مساوات، محبت اور رواداری نہیں سکھاتا تو قابلِ ترک اور قابلِ نفرت ہے۔ آزاد کا کہنا ہے کہ مذہب، مذہب میں تفرقوں اور

جھگڑوں کی بُنیاد محض ذی غرض انسان کی خود غرضی ہے۔ ان غرضمندوں کے دھوکے میں نہ آؤ۔ خدائی ہدایات متضاد نہیں ہو سکتے۔ رب العالمین متضاد پیغامات نہیں بھیج سکتا۔ عقل کامل یہ نہیں مان سکتی ہے کہ آسمانی کتابیں انسان کو انسان سے نفرت کرنا سکھائیں اور انسان کو دوئی کی تعلیم دیں۔ انسان ایک ہے۔ تمام عالم میں انسان کی ایک ذات ہے۔ مختلف مذاہب کے عقائد سے انسان کی انسانیت میں کوئی فرق نہیں آ سکتا۔ اس لئے اچھا ہے کہ انسان آپس میں پریم اور آشتی برتائیں۔ دوئی اور باہمی کینہ پروری چھوڑ دیں۔ محبت سے ایک دوسرے سے میل جول پیدا کریں۔ ایسے خیالات اور دیگر نکتے ذیل میں دئے ہوئے چند اشعار سے واضح ہو سکتے ہیں۔

(۱) ریم وَنان اَسی ہِیند مُسلمان بٲی باڑی بایہ واٲنی
کیاہ تیمن نِش بٲکھ کاشہِ ویداہ قورانہ آسہٕ ہے

(۲) قُدرتس بیتھن بیتھن تھوٗنی ییلہِ آسہٕ ہَن مِلت نٕر قوم
پزتیھہ اَکس بیتھن بیتھن زمیناہ آسماناہ آسہٕ ہے

(۳) گاڑِ جاراہ آز موہُم تِہ اٹِہ ہالَن فیرِ کر فیرِ کر
وائے تتہِ پِنسان بنِکر امتحاناہ آسہٕ ہے

(۴) کیاہ وَنان آزاد کُس بوزان تہٕ سِندِ کریم وِداکھ
زانہٕ تہٕ لیکھان زُلفہٕ وخالکٕ داستاناہ آسہٕ ہے

مفہوم :- (۱) جو لوگ "ہندو مسلمان بھائی بھائی" کا اعلان کرتے آئے ہیں۔ یقیناً اُن کے پاس (مروجہ قرآن اور وید کے مقابل میں) کوئی دوسرا خدائی فرمان تو نہیں تھا جس کے تحت وہ اس نیک اور انسان پرور اصول کا پرچار کرتے تھے۔

(۲) اگر قدرت مختلف قوموں، ملتوں کو علیحدہ علیحدہ رکھنا چاہتی تو ہر قوم اور ہر ملت کے لئے جُدا جُدا زمین اور آسمان پیدا کرتی۔

(۳) مختلف درس گاہوں میں میں نے پھر پھر کے اپنی لیاقت آزمائی اور حاصل کی ہوئی دانشمندی اور علم کا امتحان کرتا رہا۔ اسے وائے اکران مدرسوں میں انسانیت کا امتحان نہیں لیا جاتا۔ یہاں رسمی لیاقت اور خرداری کا ناپ تول ہے تو ہو، لیکن انسانیت کا کہاں؟

(۴) آزاد کی آواز کیا ہے؟ بھلا اُس کی آہ و فغاں کون سنتا ہے اسے وائے! وہ کبھی زلف و خال کی تعریف میں کوئی غزل گاتا تو لوگ اُس کی تعریفیں کرتے۔ وہ تو انسان اور انسانیت کے لئے رونا روتا ہے۔

(۱)
ییتھہ گمُا نَن بھاس تہٕ اُتھہ پانہٕ وائی ژوٚرٹ تم تہٕ ماز
ناز تَتھہ بیٹھہ گاٹلس ہیندِس مُسلمانس پٕزیا

(۲)
ییتھہ یقینن اکِنہٕ رنٛگن بارہ نین دوہن کرُ جُدا اُکی
سینہ دارُن دُنہٕ تَتھہ دپنٕس تہٕ ایمانس پٕزیا

کافرِی، دوٗگنیار تھاوُن، دیندارِی گوٚو کُنیر

(۳) تفرِ تیچ اَفیٖن مِلہٕ وِنی درد پیمانس پَژ یا

کیاہ کَرن کُنرس تہٕ لولس بازیگارن ہندی فریب

(۴) وُنرِ داوس، گردِ کھوژن مردِ داتَس پَژ یا

مفہوم :- (۱) کسی دانش مند مسلمان اور ذی عقل ہندو کو اُس مذہبی عقیدے پر ناز نہیں کرنا چاہیئے، جس سے اُن کے درمیان دوئی پیدا ہوتی ہو۔

(۲) کئی مذہبی عقائد کی وجہ سے بھائی بھائی ایک دوسرے کے دشمن ہو جاتے ہیں۔ کیا کسی بھی صاحب ہوش انسان کو ایسے عقیدوں اور ایسے مذہبوں کے ساتھ محبت رکھنی چاہیئے۔

(۳) میری نظر میں اگر کُفر ہے تو دوئی ہے اور دینداری ہے تو "ایکتائی" ہے۔ محبت (کُنیر) کی شراب میں نفرت (دوئی) کی افیون مِلا دینا کوئی دانشمندی نہیں۔

(۴) جھوٹے سیاسی اور مذہبی فریب کاروں کی چالوں سے محبت اور یگانگت پر کوئی بھی بُرا اثر نہیں پڑ سکتا۔ زندگی کے کارزار میں جو بہادر "لول" اور "کُنیر" کے راستے پر نڈر ہو کر گامزن ہوں۔ اُن کو دھول اور مخالف ہوا ۔ راستے کے گرد و غبار سے کیا خوف ؟

(۱)

یئس دین باویم گئیرؤک ترانہ　　سے دین وایمان زانتہ ما نہ

یم سائذ دفتر پرائذ فسانہ　　بس لولہ رستیین لوک بہانہ

سرمایہ دائری سرمایہ دائری

(۲)

پوشہ تُگو گئیرؤ چھ دُدۍ ہنتو یوّد دوئ ہندہ نارہ سینتہ

اُگفتنگ باران رحمت تڑاوہ پانئے اِنقلاب

(۳)

یئس پایہ بڈس ایمان، انسان، گئیرؤ، یکسان

سائلاب، ہوا، طوفان، تاران تہتیزہ نادسے

مفہوم:- (۱) جو مذہب مجھ پر وحدت کے ترانے ہویدا کرے وہی میرا مذہب ہے، یہ ہمارے دفتر پرانے افسانے محض اہل ہوس کے لئے "عشق" کے بہانے ہیں۔ جس کے در پردہ سرمایہ داری کارفرما ہے۔

(۲) دوئی ایک تپتی ہوئی آگ ہے۔ یکتائی ایک پھول کے مشابہ ہے۔ اگر تیز گرمی نے اس نازک پھول کو مرجھا دیا ہے تو بھی کیا مضائقہ انقلاب محبت کے بارانِ رحمت سے اس پژمردگی کو دور کر دے گا۔ (۳) جس بلند بخت انسان کا ایمان اور یقین، انسانیت، وحدت اور یکتائی ہے اس کی کشتی کو (بجائے روکنے کے) دنیاوی طوفان، سیلاب اور بادِ مخالف

پار لگاتے ہیں۔

(۱) ژہ او سکھ گاڑ حاڑک نوڑ، لوگت نار ینسانو

کُرُ بچھہ ینسانیت ابدنام ھا بے عار ینسانو

(۲) محبت بأ گراؤن کیت کرُ یوبک قہدہ رنَن یادا

ژیِہ لوگت دین و ایمانس کرُن بابار ینسانو

(۳) تھو یوُنے قہ درتن ینییس خزانن لٹھا مُرآدِہ

ژیِہ اوسے بأ گرأوِ ہتہ کھیون جیوک شہمار ینسانو

(۴) گئے آدم گئے عالم نمس سیتو ماز مازس تم

یہ کمُ ژو ووُسے دِلس اندر دوِی ہندنار ینسانو

(۵) بنیوک دُر کمُ تِہ دینکُ تھمُ نہ دینکُ غم نہ درگ غم

کران ینسانیت ماتمُ دُ چھت چانی کار انسانو

(۶) دِ تے برُم پننیوِ بے کار دِ دوان چھک قسنکی بار دِ

تران چھک برانوِ بے نار وُ لگی کتہِ تار انسانو

مفہوم:۔ (۱) تم دانشمندی کا ایک منور مجسمہ تھے۔ لیکن اپنی کرتوت سے جلتی تپتی آگ ثابت ہو رہے ہو۔ اے بے رحم انسان ایسا کر کے تم نے انسانیت کو بدنام کر دیا ہے۔

(۲) تمہیں اس دُنیا میں محبت کرنے کے لئے لایا گیا تھا۔ لیکن

تم نے دین اور مذہب کی سوداگری شروع کر کے اپنے مقصد اعلیٰ کو پامال کیا۔ (۳) دنیا بھر کی نعمتیں قدرت نے تمہارے سامنے رکھی تھیں، تاکہ تم اوروں کے ساتھ مل جل کر مساوات کے اصول پر کاربند رہتے ہوئے ان نعمتوں کا استعمال کرو۔ لیکن تم ہو کہ خود غرضی سے ان نعمتوں کو اپنے لئے ہی ڈھانک رکھتے ہو، اور کسی اور کو ان سے استفادہ کرنے نہیں دیتے

(۴) انسان انسان کے لئے الگ الگ دُنیا نہیں ہے۔ سب کے لئے ایک دُنیا ہے اور دُنیا میں بسنے والے لوگ سب انسان ہیں۔ گویا انسان اور انسان میں کوئی تفاوت نہیں تفرقہ نہیں۔ وہ ایک دوسرے سے متعلق اور وابستہ ہیں، ایسے جیسے ناخن اور گوشت کا باہمی تعلق ہے۔ اس بات کے ہوتے ہوئے دوئی کی سُلگتی آگ تمہارے دِل میں کہاں سے پیدا ہوئی کہ تُم انسان اور انسان میں فرق کرتے ہو؟

(۵) نہ تمہیں مذہب سے واسطہ اور نہ دینداری سے کوئی سروکار، لیکن مذہب اور مذہب پرستی کا نقلی ڈھونگ رچا کر اور لوگوں کو دھوکا دیکر اپنا اُلّو سیدھا کئے جارہے ہو۔ تمہارے یہ کرتوت دیکھ دیکھ کر انسانیت دُور ہی دُور سے نالاں اور گریاں ہے۔

(۶) اپنے اعمال و کردار سے تم خراب و خستہ ہو۔ لیکن اس خرابی اور خستگی کا الزام قسمت کے سر باندھتے ہو۔ یہ فرسودہ زمانے کی باتیں

ہیں۔ ان سے تمہاری زندگی کی ناؤ پار نہیں لگ سکتی۔ یہ ذلت ہے۔ نیک کرتوت سے تم اپنی قسمت خود بناؤ۔

مذہب، تقدیر، قسمت، خدا اور خدائی

آزاد حسب و نسب اور اپنے ماحول کے مطابق سُنّی مسلمان تھا۔ ترال کا واقعہ بیان کیا جا چکا ہے، جب اس پر مصیبتوں کا ایک پہاڑ سا ٹوٹ پڑا تھا۔ گھر و بار سے جلا وطنی، افسروں کا قہر و عتاب، انتہائی کوششوں اور دعاؤں کے باوجود اپنے معصوم اور اکلوتے بیٹے کا انتقال۔ جانباز سے آزاد اور پھر کئی ایک اُلجھنوں سے آزادی۔ پھر اپنے اردگرد افلاس اور امارت کے متضاد مناظر، سرمایہ دار کا ظلم اور نادار کی زبوں حالی، انتہائی امیری اور انتہائی مفلسی کے دل شکن مناظر اسبابِ راحت کی کمی اور بہتات کے دلخراش نتائج۔ الغرض دُنیا اور دنیا والوں میں بے سبب اور نامنصفانہ عدم مساوات کو دیکھ دیکھ کر آزاد کے جذبات کو ٹھیس لگتی رہی، اور وہ اس عدم مساوات کے مسئلہ پر سوچتا رہا:

بہتہ بیکار نیکو کار جائی   قلندر، پیر، مذہب دار یہ جائی
امیرس کھینون رتہ مسکینہ سند خون   دُچھت راوان چھس یم کار جائی

مفہوم:۔ اے خدا! تیرے نیک بندے یہ تیرے قلندر، پیر اور مذہب کے پرستار سب کے سب بیکار بیٹھے ہیں۔ امیر غریب کا خون چوستا ہے ایز

سمجھتا ہے۔ یہ نیرے کاروبار دیکھکر حیران ہوتا ہوں۔

وہ قادرِ مطلق اللہ تعالےٰ کو جابر اور غیر منصف تصوّر کرنا گناہ سمجھتا ہے۔ عوام کے مانے ہوئے عقیدے مثلاً قسمت، مشیت ایزدی (PREDESTINATION) اور ایسے جملہ عقائد پر شک کرتا ہے اُس کی نظروں میں یہ سارے عقائد اور مسلے غرضمند اشخاص کی مختلف چالیں تھیں۔ جن سے وہ عام انسان کو اپنا غلام بناتے رہے۔ جنت اور جہنم خدا اور خدائی، خوش نصیبی اور بد نصیبی انہی غرضمند لوگوں کی ایجادیں ہیں۔ جن کی بدولت وہ اپنا اُلّو سیدھا کرکے دوسروں پر غلبہ پاتے ہیں غریب کو قسمت کا سہارا دیکر اپنی مفلوک الحال زندگی پر قانع بنا کر کعبہ اور بت خانہ میں فرق جتا کر وہ انسان کو انسان کا دشمن بناتے ہیں اور اپنے فایدہ کا ساز و سامان بہم کئے جاتے ہیں۔ اس طرح کے وسیع مسائل پر آزاد کے اپنے جذبات اور خیالات درج ذیل ہیں۔ جن کے مطالعہ سے بخوبی اندازہ ہو سکتا ہے کہ آزاد کا رجحان کیا تھا۔ مناظرہ "عقل و عشق" میں لکھا ہے

عقل :- دَرم نہ اسلام کیاہ   وَحی نہ الہام کیاہ

عشق :- دَرم نہ میوئے بہار   دین نہ میونے بہار

عقل :- ہیوند نہ مسلمان کیاہ   کعبہ نہ بتخانہ کیاہ

عشق :- چھُن ہجر چھُن کار   چھُن ژھور سے گاہ چار

مفہوم :۔ عقل سوال کرتی ہے کہ دھرم، مذہب، وحی، الہام کیا معنی رکھتے ہیں؟ عشق کا جواب ہے، یہ سب میرے ہی کرشمے اور پیداوار ہیں۔ پھر عقل پوچھتی ہے۔ اگر یہی بات ہے کہ دھرم اور دین تمہارے کرشمے ہیں تو پھر ہندو مسلمان، کعبہ و بت خانہ کا تفرقہ کہاں سے آیا؟ عشق کا جواب یہ ہے کہ یہ جھگڑے یہ کارنامے اور یہ فضول باریکی محض تمہاری ایجادات ہیں۔

عقل :۔ عرش، خدا، لامکان، کیاہ چھ مُدا کمتھ وَنان

عشق :۔ میوٹھ خیالاہ، پزھاہ، تنگدلن ہند قرار

مفہوم :۔ (عقل) عرش، خدا، لامکان کا مطلب اور حقیقت کیا ہے؟ (عشق) میٹھا تصور، یقین محض اور تنگدل لوگوں کیلئے باعث اطمینان ہے۔

عقل :۔ وَتھ چھہ کُنی پتھ چھُ کیاہ زندگیٔ ہُند مُدا

عشق :۔ لول، گُنہ، درد دِل، پان پنُن کاروبار !

مفہوم :۔ (عقل) جب راستہ ایک ہے تو زندگی کا مطلب کیا ہے؟

(عشق) محبت، وحدت، دردِ دل، اپنا آپ اور نیک عمل۔

عقل :۔ کیاہ چھُ گُنہ، کیاہ یقین، کمتھ چھ وَنان دَرم دین۔

عشق :۔ پان پنُن پرزنتھ بنیا کھ تہ ہیون در شمار

مفہوم:- (عقل) وحدت، یقین، دَرم اور دین کیا چیز ہیں؟

(عشق) اپنی حقیقت اور اصلیت دریافت کر کے دوسروں کو بھی اپنے آپ جیسا تصور کرنا۔

۱ (عقل) یُتھ چھِ کران وحی ناو بوزٕ کمَو کتہِ آو

۲ (عشق) یہ چھُ سیٹھاہ نازُک جاے صاف کَونٕ چھُم نہ وار

مفہوم:- (عقل) جس کو وحی کہتے ہیں۔ وہ کن لوگوں نے سنی اور کہاں سے آئی؟

(عشق) یہ مسئلہ نازک اور باریک ہے۔ ابھی اس حقیقت کو انکشاف کرنے کا موقعہ نہیں۔

زیُٹھ سفر زندگی بارِ گران بندگی
واتِہ سُہ اَتھ منزِلس تُرو یُتھ ییمی یہ بار

مفہوم:- زندگی ایک لمبا سفر ہے اور بندگی ایک بوجھ۔ منزلِ مقصود پر وہی پہنچ سکتا ہے جو اس بوجھ (بندگی) کو اپنے کندھوں سے اُتار پھینکے۔

'خُدا' کے عنوان سے ایک نظم میں رقمطراز ہے ؎

اکھ سوال چھ صاف مبہم یُتھ جواب　　کانہہ نہ ییمہِ افسانہ کینژن پرِش کتاب

کانہہ وَنان چھُس آتما پرماتما　　کانہہ ہَند یزدان کینژن ہَند خُدا

پانہٕ رُوزِتھ بندگی نِشہِ بے نیاز   حُکم تہندُے بندگی، پوزا، نماز
مون دٔلیو وُچھ بیٚیہ پاٚغمبرو   تھوٚو لیکھِت گۄرۍ کَنیَن پیٚٹھ ماتھ گرو

مستی، حافظ تہٕ سازِ بیخودی   حضرت اقبالٕنِس سوزِ خودی
سو مختصر یوزِ کیتھہ تہٕ کیاہ وَنِس وار   زاٚو جاراہ بۄہ چھُس کوٚرمُت تیار

مفہوم:- "خدا کیا ہے؟" ایک ایسا سوال ہے جو کہ بالکل صاف ہے، لیکن جس کا جواب مبہم ہے کوئی جواب میں ایک افسانہ پیش کرتا ہے اور کوئی "کتاب" کی دلیل سے قائل کرنا چاہتا ہے۔

(۲) کوئی اُس کو آتما کہتا ہے اور کوئی پرماتما کہتا ہے۔ کوئی یزدان کے نام سے پکارتا ہے اور کوئی خدا نام دیتا ہے۔

(۳) خود (خدا) تو بندگی سے بے نیاز ہے۔ لیکن بنی نوع انسان کے لئے حکم ہے کہ اس کی بندگی کرے۔ پوجا اور نماز بجا لائے۔ (۴) اولیا نے اس کو اور اُس کی ہستی کو تسلیم کیا ہے۔ انبیاء نے اپنی آنکھوں سے اُسے دیکھا ہے اور پتھروں پر مُتگروں نے اس عقیدہ کو ثبت کر رکھا ہے

(۵) حافظ کی مست شاعری بیخودی کے کلام کا سوز و ساز اور حضرت اقبال کے خودی کا فلسفہ بھی اس عقیدے پر مبنی ہے۔

(۶) القصہ چوں وچرا کہنے کا کوئی یارا نہیں۔ انسان کی فطری

مانگ نے ایک رقیق اور باریک نزاکت کو کھڑا کر رکھا ہے۔

"شکوۂ ابلیس بحضور باری تعالےٰ" میں بزبان ابلیس کہتے ہیں:

بہ مانہ نادیدہ چھی ژبہ مانان بہ کمۍ ؤ چھس دِیدہ کُس میہ زانان

ژہ نے خیالاہ کھتاہ گمُاناہ، بہ نِنے خیالاہ کھا گمُاناہ

جھنمس منز چھہ پیرِ گرمی، قیامتس منز چھہ پیرِ سختی

پِھتی پِھتی روبہ دابہ وُٚنی وُٚنی دوہ ہے چلوٚمُت یہِ کاروَاناہ

مفہوم :- (۱) ابلیس خدا سے کہتا ہے کہ اے باری تعالےٰ میں نے مانا کہ لوگ تجھے دیکھے بغیر ہی تجھ پر ایمان لاتے ہیں۔ مگر یہ تو بتا کہ مجھے کس نے مجسم شکل میں دیکھا ہے۔ تو بھی لوگوں کے لئے محض ایک خیال ہے، وہم ہے، گمان ہے، میں بھی لوگوں کے لئے محض ایک وہم اور گمان ہوں۔ (۲) اے خدا! تو نے جہنم کے نار سعیر کا وہ چرچا کیا ہے اور روز قیامت کے عتاب اور عذاب کا وہ سکہ بٹھایا ہے کہ الامان۔ ایسے ایسے رعب داب بتا بتا اور جتا جتا کر تو نے ہمیشہ اپنا کاروان چلایا ہے۔

(۱) بُتخانہ کعبہ دفتر، کِتابہ جنّت، جہنم یِم روبہ دابہ

میٚانے خیالہ میٚانے حسابہ خاباہ خیالاہ وَہما گمُاناہ

(۲) بخت سکندر، تخت غضنفر سنیاس تیہ رِیشہ صوفی قلندر

زنّار تسبیح مسجد تہِ مندر خاباہ خیالا وھما گمُاناہ

مفہوم :- (۱) بتخانہ، کعبہ، دفتر اور کتابیں، جنت اور جہنم۔ یہ سب دھمکیاں اور رعب وداب میرے نزدیک اور میرے اصول کے مطابق محض خواب وخیال اور وہم وگمان ہیں۔

(۲) طالع بلند، تخت شاہی، سادھو سنیاسی، پیر اور فقیر، زنار اور تسبیح، مسجد اور مندر سب محض خواب وخیال اور وہم وگمان کی حیثیت رکھتے ہیں۔

پتھ پاٹھ بوز ہاوہ دیدار دیدن — چھٹن ہیم طلسمات غائبکی فریبکی
کرن دورہ دوٗرے مسلمان برہمن — سلاماہ تمن کھنڈرن وارہ وارہ

●

مفہوم :- اگر حق کی روشنی باطل کی ظلمت کو یونہی دور کرتی رہی تو امید کی جاسکتی ہے کہ وہ سب کرشمے اور فریب جو کہ آسمان اور مذہب کے ساتھ وابستہ ہیں ٹوٹ کر رہ جائیں گے۔ اور مسلمان اور برہمن سب کے سب ان توہمات اور بے بنیاد یقینوں کو دور سے سلام کرنے لگیں گے۔ پھر آنے والی نسلوں کے لئے یہ سب کرشمے ایک طرح کے آثار قدیمہ رہ جائیں گے۔

مُرِتھ جنّت جہنم، زندگی منز عاجزی سرخم

خودایا بندگی ہندو غم عذاب اول عذاب آخر

مفہوم :- مرنے کے بعد جنت یا جہنم۔ زندگی میں عاجزی اور سرخم۔ اے خدا! بندگی کی مصیبت اول بھی عذاب ہے اور آخر بھی عذاب ہے

قیامت واحد القہار، دوزخ محشرک مأدان
اکس کمزور بندس بیٹھ پہ کوتاہ روبہ داب آخر

مفہوم :- قیامت، واحد القہار، دوزخ اور میدان محشر ایک سے ایک بڑھکر وحشت انگیز مسئلے قایم ہیں۔ اے خدا، آخر انسان ایک کمزور اور نحیف بندہ ہے۔ اس پہ اتنی دھمکیوں کے کیا معنی؟

فندہ باز یارو بازی گارو باز پننس زیون
ہاون ژیہ تھووہ ہے کعبہ تہ بتخانہ ونے کیاہ

مفہوم :- جعلساز اور فریب کار "مہربانوں" نے اپنا اُلو تو اس طرح سیدھا کرلیا کہ اپنا مطلب نکال کر تم کو مذہب (کعبہ و بتخانہ) کا سہارا دے گئے۔

نار جہنم تہ سورگ، روز قیامت، حساب

چانہ دیما غکو خیال چانہ دِلکہ یم حجاب
وہم پننہ پا نیسہ چھُے نہ تھوان آب و تاب

یی چھُ ونان انقلاب اُتھی چھُم ونان انقلاب

مفہوم :- دوزخ کی آگ، جنت کی راحت، روز محشر، جزا و

سزا۔ یہ سب تمہارے خود پیدا کردہ توہمات اور جذبات ہیں۔ یہی خیالات (جو تم نے خود پیدا کئے ہیں۔) تمہیں پریشان اور حواس باختہ کر رہے ہیں:

انقلاب یہی کہتا ہے۔ اور اسی کو انقلاب کہتے ہیں۔

زندہ دل عاشق تہٕ کرہٕ ہن بندٕ ن سیتۍ بندگی

بندگی منز زندگی ہُند اکھ نِشانہٕ آسہٕ ہے

مفہوم:۔ اگر بندگی میں زندگی کی ذراسی بھی جھلک پائی جاتی تو زندہ دل عاشق بھی (اے خدا) تمہارے بندوں کے ساتھ ملکر تمہاری بندگی کرتے۔

کیتۍ بوچھہٕ ہیتۍ آرہٕ کیتۍ گے آسمانٕس کُن وُچھان

لامکانٕس بیٹھٕ تہٕ دیارَن ہُند خزانہٕ آسہٕ ہے

مفہوم:۔ کتنے بھوکے آسمان کی طرف دیکھتے دیکھتے بیتاب ہو رہے ہیں۔ اے کاش! 'لامکان' پر بھی دولت کا ایک خزانہ ہوتا۔

چھُس بہٕ زانان خدائی تہٕ چھہٕ بوڈ دردِ سرا[1]

بندگی خوٗن جگر کھیوٗن چھُہٕ جناب عالی

مفہوم:۔ اے خدا میں تسلیم کرتا ہوں کہ خدائی ایک بہت بڑا دردِ سر

---

[1] ماخوذ از (علامہ اقبال) خدائی اہتمام بحر و بر ہے....
(آزاد)

ہے، لیکن جناب عالی، بندگی بھی کوئی آسان کام نہیں، یہ تو سراسر خونِ جگر کھانا ہے۔ جب ہی کہیں بندگی کے آداب خدائی شان کے شایان ہو سکتے ہیں۔

چھے پانہٕ پکھن گنڈی ژیٚہ تھاوِتھ پانہٕ وٚوِتھ کیتھ
تقدیر، ازل، سعہ رگ، جہنم تہٕ خدائی

مفہوم:- تو نے تقدیر، ازل، سعہ رگ اور نرک اور خدائی اپنی ترقی کی راہوں میں کانٹوں کی طرح خود ہی بچھا دئے ہیں۔ اور تجھے خود ہی ان راہوں پر چلنا ہے۔

لامکانک قصہٕ تھوو تھ یاد مٔشروٚوتھ وطن
شینہٕ سنٛز واومینٛز صاحب خانس پژیا

مفہوم:- لامکان کا افسانہ یاد رکھ کر، تو نے اپنا وطن (گھر بار) بھلا دیا۔ بھلا ایک صاحبِ خانہ کو گھر بار چھوڑ کر ویران (لامکان) کی بادیہ پیمائی کہاں تک روا ہے؟

لچھ پردہ ژٹِتھ برٛونٹھ رٹِتھ چھے ژیٚہ خدائی
یکھ برٛونٹھ یہ اکھ پردہ ژٹِتھ خوف تہٕ غم کیاہ

مفہوم:- تو لاکھوں پردے (توہمات کے) چاک کر چکا۔ اب "خدائی" تجھے آگے بڑھنے نہیں دیتی۔ یہ ایک پردہ بھی پھاڑ ڈال اور آگے

نکل سے تجھے ڈر کاہے کا؟

خودائی بندگی نِش کس چھ اِنکار　　　خوداوندس وَنُن بندس تُلُن بار

ویکن زندگی ہُند ولولہ یُس　　　تیمن نِش چھا پوان ییم فرِستیکی کارُ

مفہوم :۔ خدا کی بندگی سے تو ہمیں انکار نہیں۔ خدا کا کام ہے حکم دینا اور بندہ کا کام ہے حکم کی تعمیل کرنا۔ لیکن جس شخص میں زندگی کا ولولہ ہو وہ اس قسم کے فروعی کام انجام نہیں دے سکتا۔ ایک اور انداز میں مندرجہ بالا مضمون پر خیال آرائی ملاحظہ ہو ؎

غریبن ہُند جگر تہٕ دِل بُزان ییم کیا زِہ سیخن پیٹھ

امیرن ہِندکر خودائن تیم تہٕ کَرِی ہتھ آسمہ اگر پاٛدا

چھہ قودرتچ خاص انسانہ گلان سائن کروڑن منٛز

زٕہ وہ تھ لاگ پانہٕ آدم گرہتھ منٛزہ سالس پاٛدا کرٕ

زٕہ نیر بے وایہ اے آزاد بے پروا خودایس وَن

ہُنر مندکُس وَنی پانس کرِتھ ییلہِ بے ہُنر پاٛدا

مفہوم :۔ (۱) کہتے ہیں خدا امیروں کا غریبوں کا یعنی سب کا خالق ہے۔ اگر یہ صحیح ہے تو کیا وجہ ہے کہ امیر لوگ غریبوں کا خون چوس چوس کر اپنا پیٹ پالتے ہیں۔ اور وہ خالق یہ دیکھ کر بھی بے حرکت ہے۔ اور ظالم کو کچھ نہیں کہتا۔

(۲) کارخانہ قدرت میں یوں ہوتا ہے کہ کروڑوں انسانوں میں سے

کوئی ایک آدمی ایسا پیدا ہوتا ہے جو بنی نوع انسان کے لئے مشعلِ راہ، رہبر اور ہادی بنتا ہے۔ یہ طریق کار رہنے دے تم ہمت سے کام لے اور ایسے انسان محض سینکڑوں ہیں سے ہزاروں کی تعداد میں تعلیم اور تربیت دے کر پیدا کر، جو بنی نوع انسان کے لئے ہادی اور رہبر بن جائیں۔

(۳) آزاد بے خوف و خطر ہو کر لاابالی اور لاپرواہ، اللہ میاں سے کہہ کہ جب تم نے خود ہی بے ہنر اور بے سلیقہ بندے پیدا کئے تو تجھے ہنرمند کون کہہ سکتا ہے؟

اسی انداز میں تقدیر اور قسمت کے بارے میں آزاد نے بہت کچھ کہا ہے۔ کبھی برانگیختہ ہو کر انسان کی سادگی پر ہنستا ہے۔ کبھی اسی انسان کی ظالمانہ حرکتوں پہ بہت رونا رُلاتا ہے۔ آزاد صدائے تلخ سے للکارتا ہے۔ کہ تقدیر اور قسمت فقط قصّے اور افسانے ہیں۔ قسمت، کرم، پھل، محض اپنے کئے کرائے اور اسی دُنیا میں اپنے کرتوت کا نتیجہ ہے۔

کانہہ چھُہ امیر، کانہہ غریب، کُس چھُہ وَنان کمُہ یِہ مون[۱]

کیاہ چھُہ اُزل کیاہ نصیب کتھ چھہ وَنان کرمہ لون

سامہ وُہر قِصہ پرُون محض خیال عاٰمِ خاب

یمی چھہ وَنان انقلاب، اُمّی چھہ وَنان انقلاب

(۲)

ہے گنیرِ تھا یہ کوٗر ترآنی مۆدرہ فلسفن
زندہ مرے مرد بیچھی مورردہ وٚلیتھ زٚن کفن

یۆد نہ لبَن زندگی دفن کرٕ کتھ پیچھے ثواب
یِی چھُ دنان انقلاب، اُتھو چھِ وٗنان انقلاب

(۳)

قِصہ تہٕ افسانہ پرآنی پنجرہ تہٕ زنلانہ ساٚنی
زہرہ بٔرتی شہہار دٕرنیٹھ پۄان تُندہ بٲنی

پوشہٕ تھٕرٕنی کیٛاہ بکار سازٕ گرٕنی چُھنہ تھٔباب
انقلاب اَن انقلاب، انقلاب اَن اِنقلاب

مفہوم ۱- (۱) یہ کون کہتا ہے اور کون مانتا ہے کہ وہ غریب اور یہ امیر ہے؟ بھلا تقدیر، ازل اور نصیب کیا ڈھکوسلے ہیں جو تم نے یاد رکھے ہیں؟ یہ تو ہزاروں سال کا پرانا قصہ ہے جو محض خیال ہے اور بے بنیاد اُس کی بے بنیادی کا احساس انقلاب کی تعلیم ہے۔ اور انقلاب اسی کا نام ہے۔ (۲) افسوس کہ وحدت کا شیرازہ اسی پرانے میٹھے اور خواب آور فلسفہ (تقدیر ازل وغیرہ) نے منتشر کر دیا۔ اور ایسی کیفیت بپا کر دی کہ جیتے جی

بہادر لوگ مردوں کی طرح کفن باندھے ہوئے ہیں۔ ہاں اگر یہ بہادر مردہ لاشوں کی طرح ہی رہ جائیں اور زندگی کی جھلک تک ان میں نہ آسکے۔ تو ثواب کا کام یہی ہے کہ ان کو دفناؤ۔ یہ انقلاب کی تعلیم ہے۔ اور اسی کا نام انقلاب ہے۔

(۳) یہ صدہا سالہ پرانے افسانے ہماری ترقی کے لئے اور حقیقت جاننے میں رکاوٹ ہیں۔ یہ دیکھنے میں حسین ہیں۔ لیکن اصل میں زہریلے سانپ ہیں۔ بھلا سچائی، بناوٹ کے اصولوں سے چھپ سکتی ہے؟ انقلاب پیدا کر، انقلاب پیدا کر۔

دِل سائز مہ کر غمگین تقدیر تھیکن والے (۱)

افسانہ پَرن والے دیوانہ کرن والے

تقدیر چھے افسانس نیرُن منز مادانس (۲)

یَس تو‌گ نہ گندُن جانس بیچارہ گندان ہالے

وٕوِتھ پانہ پنٕن سنز کر بَن پانہٕ پنٕن رہبر (۳)

اوتار تہٕ پاٛغمبر ایوان آسی پَتھ کالے

دو گنیار چھُ بیلہٕ مطلب یُوزاہٕ نماذَن ہُند (۴)

سوزس بہٕ یہٕ بخشائیش بیٖہ تُورہی ڈالے

حاران گومت حضرت پھیران خودایی ہیتھ (۵)

ژیتھ کانہہ چھُنہ بےغارت ایمان پنُن ژالے

(۶)

کٹس ساز دِ ایکٹ وایان ہیم ناد کیَس لایان

آزادگن ہیُو اَنسان اَتھ زیرِ وبُس تا لے

مفہوم :- (۱) تم جو ہمیں تقدیر اور ازل کی کہانیاں اور افسانے سُنا سُنا کر متوالے بنا رہے ہو، خدارا کسی اور کو یہ سب کچھ سُنا، ہم تو اس سے غمگین اور دل حزین ہوئے جاتے ہیں۔

(۲) ہمارے نزدیک تو اپنی تقدیر انسان آپ بنا سکتا ہے۔ وہ بہادری سے میدان عمل میں کود پڑے تو اچھے نتائج نکال سکتا ہے۔ جسے ہتھیلی پر جان لیکر محوِ عمل ہونا نہ آیا، وہ بیچارا کیا کرے۔

(۳) وہ ضعیف الاعتقادی کا زمانہ گیا جب اوتاروں اور پیغمبروں کا وجود ٹھوس سمجھکر اُن کے کہنے پر عمل ہوتا تھا۔ اب وہ زمانہ ہے کہ اپنے پاؤں پر کھڑا ہوکر اپنا مذہبی، سیاسی اور اخلاقی لیڈر خود بننا ہے۔

(۴) ارے بھائی! اگر مسلمان کی نماز اور ہندو کی پوجا سے دُوئی کا مطلب نکلتا ہے، تو میں اس قسم کی رحمتوں کو اللہ تعالےٰ کو واپس کئے دیتا ہوں۔

(۵) وہ دیکھو! حضرت مذہب پرست خدائی کا چرچا کر رہے ہیں اور مذہب اور مذہب میں فرق جتا رہے ہیں، اور اُن کرشموں کا ڈھنڈورا پیٹ رہے ہیں۔ جنہیں عقل کامل نہیں مان سکتی۔ بھلا دنیا میں سبھی لوگ

سے بے غیرت تو نہیں ہو سکتے کہ اپنا ایمان اور یقین چھوڑ کر ان کے پھندے میں آجائیں۔

(۵) یہ کون دل کی پکار دلگداز لے میں گا رہا ہے اور اپنے دل کی فریاد کس کو سنا رہا ہے۔ اس کے راگ میں تو طرز اور طور آزاد کے سے محسوس ہوتے ہیں۔ کہیں یہ آزاد ہی نہ ہو۔

چہ تقدیر، تقدیر والین مبارک ۔۔۔ ژہ پخپل نصیب قلم پانہ گرځو

مفہوم:۔ تقدیر پہ بھروسہ تقدیر پہ یقین رکھنے والوں کو مبارک ہو۔ تم اپنے ہاتھوں سے اپنی تقدیر خود بناؤ۔ یہ آسمانی بات نہیں یہ تو اپنی جدوجہد اور کوشش کی بات ہے۔

مناظرِ قدرت

آزادؔ کو وطن کے ذرّہ ذرّہ سے والہانہ محبت ہے اور وطن کے دِلکش نظارے اس کے لئے بہشت کی رنگینیوں سے زیادہ دِلربا اور پیارے ہیں ؎

سۄرگچ دۄدۄ کولہٕ ماّنتھ نۄ زاگ نتھ دۄنہٕ میون چھ نہٕ مشراوان
تینۍ، رنبہ آرس، ویتھ ویرناگس، گنگا یہ تہٕ جمنا سئے

مفہوم :- بہشت کی نہریں (کوثر، سلسبیل وغیرہ) کو جانتے اور مانتے ہوئے بھی میرا دل وطن کی حیات بخش اور جانفزا نہروں اور دریاؤں (دریائے سندھ، رنبی آرہ، وتستا، گنگا اور جمنا) کو نہیں بھولتا۔

موسم بہار میں ہر طرف گُل و گلزار پھولتے دیکھکر وطن کی تعریف میں نیچر کی عکاسی کس انداز سے کی ہے! ملاحظہ کے قابل ہے ؎

(۱)
اُسان پوشہ ڈوٗرین اندر پوشہ دٲرٕ

ییٚتہٕ زوٗنہ گاشس اندر نیٚبِر رٲژ

نٕنِس آسمانس چھہ تارک ننیٚ

یہ سونیٚ وطن ننٛدہٕ بونیٚ وطن

(۲)
دوان آرہ ژریشہِ ہنیٚن ژھارنیٚ

ٹھکے مٕت تہٕ یِس آسہِ تس پزارنیٚ

شہلہِ کُلہِ چھہ اَندی اَندی رٕوِتھ وتنَ

یہ سونیٚ وطن ننٛدہٕ بونیٚ وتن

مفہوم (۱):- چمن کی روشوں میں گوناگوں پھول کھِل رہے ہیں جس طرح آدھی رات کے وقت چاند کی روشنی میں نیلگوں اور مصفّا آسمان پر ستارے کھلکھلاتے ہیں۔

(۲) ندیاں اس لئے دوڑتی بھاگتی جا رہی ہیں کہ پیاسوں کو ڈھونڈ کر پانی پلائیں اور کوئی تھکا ماندہ مسافر کہیں ہو، اُس کی پیاس بجھائیں۔ اس غرض کے لئے ٹھنڈی چھاؤں والے درخت (مثلاً چنار، بید وغیرہ) جا بجا راستوں کے کنارے صف باندھے کھڑے ہیں کہ اپنی ٹھنڈی چھاؤں سے مسافروں کی سفر کی کلفت مٹائیں۔

گُلن ہِندی کاروانَن خیمہ دِیتِ باغن بیابانَن

پھُن دامانہ سبزارو تہٕ کُڈی کُڈی واش کھاوُن ہیوت

ہلم بری بری چھکِتھ درداہ ہیتھ اَبرن تہٕ بارانَن

جہانَن سأنِ عالم آسمانک تنبہ لاوُن ہیوت

مفہوم:- (موسم بہار کی آمد کا ذکر ہے) پھولوں کے کاروان نے باغ و راغ میں ڈیرے ڈالنا شروع کیا۔ اور سبزہ زار نے بھی اپنا دامن کھولنا اور دور دور تک پھیلانا شروع کیا۔

(۲) موسم بہار کی آمد پر وطن میں ہر طرف قدرت کی گلکاریاں اتنی دلکش اور دلفریب ہیں کہ انہیں دیکھکر عالم بالا بھی للچایا ہوا ہے اور ان پر فریفتہ ہو رہا ہے۔ یہاں تک کہ ابر باراں اپنی جھولی کو خالی کر کے موتیوں کی پیش کش کر رہا ہے۔

(۱) خوشبوے گلاہ ڈیوٹھم خاموش پننہ شایے

روپوش در اکھ سبز ژور پوشن تہٕ کنڈین ژھایے

(۲) للہ وان کھراہ تتھ پأٹھ تس اُس لولے اندر

بیتھ پأٹھی زمو شوشس ہو ہو چھ کران دایے

(۳) کس مأری مندِس پوشس آرام کنڈین اندر

کمہ پأٹھی دلازارن تراوان پنن سایے

مفہوم:- میں نے ایک خوشبودار پھول دیکھا۔ اپنے مقام پر

خاموش پڑا تھا۔ وہ دلربا اور دلکش پھول خاروں اور دیگر پھولوں کی اوٹ میں چھپا ہوا تھا۔

(۳) بوٹے کی ایک پتلی ٹہنی اس کو یوں جھلا رہی تھی۔ جیسے ایک دایہ کسی ننھے بچے کو گود میں لیکر لوریاں گا گا کر سلا رہی ہو۔

(۴) ایسا نازک بدن اور نیارا پھول اور تعجب یہ کہ خاروں میں اسے آرام ملتا ہے، اور وہ اپنا ٹھنڈا سایہ دل آزار کانٹوں پر ڈال رہا ہے۔

مناظرِ قدرت کے مشاہدہ کے لئے آزاد چشمِ بینا رکھتا ہے۔ وہ قدرتی نظاروں مثلاً بہتے ہوئے دریا، جنگل کی چیڑ، آبشار، شمع، و نستا برف، ہر ایک کو ہر پہلو سے بنظرِ عمیق دیکھتا ہے، اور ان کی عکاسی کرتا ہے ان کی معصومیت، البیلاپن اور ان تھک بے نیازانہ اور نڈر زندگی دیکھ کر اُس کی نظروں کے سامنے اوج بالا تک عروج کے امکانات نظر آتے ہیں۔ اور وہ محو نظارہ ہو جاتا ہے۔ لیکن دوسری جانب وہ قریب میں کفر و دین امیر و غریب اور خواجگی اور بندگی دیکھکر اپنے عالم محویت سے چونک اُٹھتا ہے اور نیچر کے مناظر سے سبق آموز ہو جاتا ہے۔ وہ ایکتائی ملنساری، وحدت، عمل پیہم، محبت، باہمی اتحاد، موت سے بے خوفی، غیرت، دلاوری اور یگانگت کے سبق ان متعدد اور متنوع نظاروں سے

اپنے لئے اور عام انسانوں کے لئے حاصل کرتا ہے۔ اور تلقین کرتا ہے کہ انسان قدرت کے قانون کی پیروی کر کے زندگی کے اصلی مقصد کو نباہ سکتا ہے اپنے ملک کے ماحول کے نقائص کو پیش نظر رکھتے ہوئے آبشار سے پوچھتا ہے ؎

(۱)
وارہٕ وَنتم ژٕہ آیکھ کتے　　چھس بۂ زانان آسہِ ہۂ ستتی
بندہ برادری تہٕ افسری یے　　روزی دَماہ پانژادری یے

(۲)
تہٕنہٕ آسَن ہٕ یوتہٕ تہٕ مالہٕ　　کفر و دینکی کینہہ مُلالہ
نہ امیری نہ گداگری یے　　روزی دَماہ پانژادری یے

(۳)
چھک نہ زینس تہٕ مرنس ڈران　　زندگی ہنند سفر کران
زندہ گژھان چھک ژٕہ مرمری یے　　روزی دَماہ پانژادری یے

(۴)
زندگی ہند سوزیس منے　　تس نہ آرام تہٕ قرار کُنے
شہ نہ مران زانتھ تہٕ مری مری یے　　روزی دماہ پانژادری یے

مفہوم :- اے آبشار! مجھے صحیح طور پر بتا کہ تو کہاں سے آیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہاں بندگی اور خواجگی نہیں ہوگی۔ ذرا ٹھہر اے آبشار۔

(۲) وہاں تسبیح اور زنار کے دکھاوے نہیں ہوں گے۔ اور کفر و دین کا تضاد بھی نہ ہوگا۔ اور نہ کوئی امیر ہوگا نہ غریب۔ ٹھہر اے آبشار

(۳) نہ تو جینے سے ڈرتا ہے، نہ مرنے سے۔ برابر زندگی کا سفر طے کئے جارہا ہے۔ بسا اوقات تو نابود ہو کر پھر سے جنم لیتا ہے۔ ٹھہر او آبشار رہی (تیری طرح) جس کسی کے دل میں زندگی کا سوز و ساز موجزن ہو (یعنی جو مقصدِ حیات سمجھ گیا ہو) اُسے کہیں آرام نہیں ہوتا۔ اور نہ ہی وہ مر مر کر بھی مر سکتا ہے۔ وہ زندہ جاوداں ہوتا ہے۔ ٹھہر او آبشار!

وتستا کی خوبیاں دیکھکر اس پر ملنساری اور ایکتائی کے جذبات طاری ہوتے ہیں۔ جن کا ہموطنوں کے سامنے اظہار کرتے ہوئے تلقین کرتا ہے کہ غلامی سے آزاد ہونا انہی قدرتی خوبیوں کی پیروی کرنے سے ہو سکتا ہے ؎

(۱) سیتھ باجہ چھی دِچھن کھوورِ یے | کھنہ بلہ بیٹھ کھادنی یار
پال آلہِ وان پیالہ بَرِ کھ بَرِ کہ یے | سمندر کی یے بوزہی میانی زار
(۲) گیان دِ تھنےٚ پنٕن آگرٕ ہ یے | تھہ سٕندرس لوٗتہِ یان
ملہ ژارکہ ناد کرٕ کھ کرٕ کھ یے | سمندر کی یے بوزہی میانی زار
(۳) دیو گنیار ن مارہ کہ ٹھر کہ یے | ہتھہ ناوتک گنسرک سوز
یم تہ گرٕ تھہ ہٕتھ تارِ تر کھ تر کھ یے | سمندر کی یے بوزہی میانی زار

مفہوم:- (۱) کھنہ بل سے کھادن یار تک دائیں بائیں تمہارے ساتھی (معاون نہریں) تمہاری پیالہ برداری کرتے ہوئے تمہارے اوپر

نثار ہوئے جاتے ہیں۔ او حسینہ ! میری فریاد سُن !

(۲) اپنے منبع نے تمہیں ملنساری اور ایکتائی کا گیان (آگاھی سندیسہ) دیا ہے جب ہی تو تم دوڑتی بھاگتی سمندر میں جا کودتی ہے، تاکہ اس کے ساتھ مدغم ہو جاؤ۔ او حسینہ ! میری فریاد سُن۔

(۳) کشمیریوں کو دُوئی نے خراب و خستہ کیا ہے، کاش کہ تو انہیں ایکتائی اور یگانگت کے جذبات سکھاتی، تاکہ یہ بھی اپنی مشکلات کو سر کرتے۔ او حسینہ ! مری فریاد سُن !

منظرِ دریا

آزاد کی شاعری میں قدرتی نظاروں کے بارے میں جذبات کا اظہار عموماً لطافت اور نزاکت کے ساتھ پایا جاتا ہے اور ان نظاروں کی عکاسی کرنا اُس کا خاص حصہ ہے۔ لیکن ان مناظر سے ہموطنوں کے لئے سبق حاصل کرنا بھی اُس کا خصوصی فن ہے۔ جس کا سب سے بڑا محرک اس کا قومی جوش اور وطن پرستی کا جذبہ ہے۔ وہ سوسائیٹی کے بنائے ہوئے اور خود غرض لوگوں کے اختراع کئے ہوئے اندھا دھند قانون کو ٹھکرانے اور قانونِ قدرت کے تقلید کی دعوت دیتا ہے۔ "دریاو" نظم میں آزاد جہاں نیچر کی عکاسی کرتا ہے، وہیں زندگی کے فلسفے اور مقصد کو بھی واضح طور پر پیش کرتا ہے۔ یہ وہ لافانی اور لاثانی نظم ہے، جس کی نسبت کہا جا سکتا ہے کہ آزاد نے "دریاو" لکھکر اگر اور کچھ بھی نہ لکھا ہوتا تو فقط یہ

نظم آزاد کا نام زندہ جاوید رکھنے کے لئے کافی تھی۔ نظم میں وہ بہاؤ ہے، جو
ایک زور و شور سے بہتے ہوئے دریا میں ہوتا ہے۔ نظم صنایع بدایع سے پُر
ہے۔ اس کا ایک شعر بھی غیر معیاری اور پھیکا نہیں ہے۔ موزوں بحریں
مانوس ہم وزن اور عموماً ہم جنس الفاظ کے استعمال نے نظم میں جان ڈالدی
ہے۔ دریا کی ہستی کا ایک ایک پہلو منبع سے نکلنے کے وقت سے لیکر جنگلوں
بیابانوں، شہروں، دیہات، جھیلوں، چٹانوں میں سے سینکڑوں میل کی مسافت
طے کرنے کے بعد سمندر سے جا ملنے تک ایک ماہر مصوّر کی طرح دلکش تصویر
کی صورت میں پیش کیا ہے۔ چنانچہ ایک ایک نکتہ سے ہزار ہزار سبق اخذ
کئے گئے ہیں۔ انسان کو اسی دریا کی قدرتی خوبیوں کے تقلید کی دعوت دی
گئی ہے اور راز زندگی اور مقصد حیات سمجھانے کی کامیاب کوشش کی گئی
ہے۔ ایکتائی، ملنساری، وحدت، یگانگت، عمل پیہم، حیات و ممات سے
ظالموں سے اور سنگدلوں سے بیباکی کا برتاؤ، رفاہ عامہ کیلئے کام کرنے، مساوات
حلاوت اور شیرین کلامی کے درس دریا کے ایک ایک پیچ و خم اور ایک ایک اُتار
اور چڑھاؤ سے سکھائے گئے ہیں ؎

(۱) کمن سنگین قلاین نۂ بلاین پان چھاوان چھس
پنن چھکراو نۂ آمت کنہ بیٹھہ سو نبہ راوان چھس
زثان سنگر نۂ ہٹاسان بال پھیران جنگلن اندر

پیوان چھم زندگی ہند سوز سفرن منزلن اندر

(۲) امیراہ، بادشاہ اُستن ہیوہ نداہ مسلماناہ
بہ کتھ پارس بہن چھاوِن چین ناوِن بُرِن باناہ
میہ نشِن راجاہ، نواباہ سائیلاہ اکھ سائیلن اندر

پیوان چھم زندگی ہند سوز سفرن منزلن اندر

(۳) ینُن پان آیتن چھم تھوومت سارِس جہانس کُنٹ
ینُن زُو ییش کش تھووُم زمینس تہ زمانس کُنٹ
وے پزار ن تہ بٹھہرن پچھے نہ میانین مشغلن اندر

پیوان چھم زندگی ہند سوز سفرن منزلن اندر

(۴) ڈران ییتہ قہرہ میانے لہرہ مارن وقتہ بڈی ولہ ویر
تتے پوشہ تھرین چھس روشہ چاوان دایہ ہند پاٹھی شیر
زوک میونے چھ شمشادن تہ سروَن دائیلن اندر

پیوان چھم زندگی ہند سوز سفرن منزلن اندر

(۵) سنیر وہ گنیار سمارک بہ وچھتے آس سمارس
ییمے ژھوہ مارنس کُنٹ چھس وہس راتس پوہس ہارس
غوہ لاماہ چھس تہ کانہہ تھاو یم میہ ینجرن ہانکلن اندر

پیوان چھم زندگی ہند سوز سفرن منزلن اندر

(۱) جگر چھس سنگرن کتران، رفتارس سعہ گرمی چھم

مدنوارن بدن ناوان، اطوارن سعہ نرمی چھم

سپزر ییتہ لول چھم بری بری ورن بیچھن وللن اندر

یوان چھم زندگی ہند سوز سفرن منزلن اندر

(۲) چھلان چھس جامہ ناوان پان گگروین سیاہ موین

ہہتے چھس باگراوان لول خہ شخوین ییتہ بدخوین

چھ باقی ین ینیز خصلت گلن ییتہ ارکھلن اندر

یوان چھم زندگی ہند سوز سفرن منزلن اندر

(۳) رینگ گژھنک زینگ مرنک نہ چھم پروانہ چھم کانہہ غم

نہ چھس حائرن واتن کم نہ چھم بھیران گے کم کم

چھ ییتھ ییتھ وہم ییتہ وسواس آسان بزدلن اندر

یوان چھم زندگی ہند سوز سفرن منزلن اندر

(۴) بہ چھو قس زندگی ہند ے بہارن سیتہ تھاونم نئے

وزان چھم دردہ سوزچ نے چوان چھس پیالپے دزِ پے

پیام گل شی حی، چھ میانین ولولن اندر

یوان چھم زندگی ہند سوز سفرن منزلن اندر

مفہوم :- (۱) دیکھے میں کن کن سنگلاخ رکاوٹوں کو پھاند کر اور مشکلات

کو برداشت کرتا، پہاڑیوں کو بنیاد سے ہلاتا، پہاڑوں کو کاٹتا اور جنگلوں سے گزرتا ہوا آگے نکل جاتا ہوں، تاکہ اپنی بکھری ہوئی یکتائی کو پھر سے سمیٹ کر اکٹھا کروں۔ مجھے مسافت اور منزلیں طے کرنے میں زندگی کا لطف حاصل ہوتا ہے۔

(۲) کوئی امیر ہو یا بادشاہ، ہندو ہو یا مسلمان۔ آئے اور میرے کنارے بیٹھکر لطف اٹھائے، نہائے، پیاس بجھائے، برتن میرے پانی سے بھر کر لے جائے۔ کوئی راجا ہو یا نواب، میرے نزدیک سائلوں میں سے ایک سائل کی حیثیت رکھتا ہے، میں کسی کے لئے ٹھہرتا نہیں۔ برابر آگے بڑھتا ہوں مجھے زندگی کا لطف مسافت اور منازل طے کرنے میں آتا ہے۔

(۳) میں نے اپنی زندگی اور اپنی جان سارے جہاں کیلئے وقف کر رکھی ہے۔ جس کا جی چاہے میرا استعمال کرے۔ مگر میری یہ عادت نہیں کہ کسی کے لئے بھی ساکت اور غیر متحرک ہو جاؤں ٹھہر جاؤں اور اُس کا انتظار کروں۔ مجھے مسافت اور منزلوں کے طے کرنے میں زندگی کا سوز و ساز حاصل ہوتا ہے۔

(۴) جہاں بڑے بڑے دلاور اور سورما، طغیانی کے عالم میں میرے غصے اور غضب سے ڈرتے ہیں، وہاں میری حلم کا یہ عالم ہے کہ پھولوں کے پودوں کی ایسے آبپاشی کرتا ہوں جیسے ایک دایہ شیر خوار بچوں کی احتیاط

اور پیار کے ساتھ دودھ پلاتی ہے۔ میری ہی وجہ سے شمشاد، سرو اور چیڑ کے درختوں میں جان ہے۔ مجھے مسافت اور منازل طے کرنے میں زندگی کا لطف ملتا ہے۔

(۵) میں دُنیا کا نشیب و فراز دیکھنے کے لئے دُنیا میں آیا ہوں اور اسی لئے دن رات، سردیوں میں، گرمیوں میں برابر آگے اور آگے کودتا، پھاندتا اور اُچھلتا چلا جاتا ہوں۔ میں کسی کا غلام نہیں، جس کو کوئی زنجیروں میں جکڑ کر زندان میں بند رکھے۔ مجھے سفر کرنے اور منزلیں طے کرنے میں زندگی کا سوز ملتا ہے۔

(۶) میری رفتار میں وہ گرمی ہے کہ سنگِ خارا کا جگر کاٹتا جاتا ہوں لیکن میرے اطوار میں وہ نرمی ہے کہ قرینے اور حلم سے حسینوں کو نہلاتا ہوں۔ میرے ہر پیچ ہر چکر اور ہر موڑ میں محبت اور سادگی بھری ہے۔ مجھے زندگی کا لطف مسافت طے کرنے میں آتا ہے۔

(۷) میں سیاہ مو اور گلگو حسینوں کے کپڑے دھوتا ہوں، اور اُن کے بدن صاف کرتا ہوں۔ کوئی بدخو ہو یا خوشخو، سب کے ساتھ یکساں برتاؤ کرتا ہوں۔ اُن سے ایک جیسے پیار سے پیش آتا ہوں اور سب کی آبیاری کرتا ہوں۔ پھر اپنی اپنی فطرت کے مطابق پھولوں کے پودوں سے پھول نکلتے ہیں اور ارکھل (ایک درخت جس کا رس جسم سے چھونے پر چھالے

پیدا کرتا ہے) سے زہریلی تاثیر پیدا ہوتی ہے۔ مجھے زندگی کا لُطف گرم سفر رہنے اور اپنی منزلوں کو طے کرنے میں آتا ہے۔

(۸) میں موت سے ڈرتا نہیں اور نہ زندگی سے گھبراتا ہوں۔ نہ اس امر سے کوئی حیرانی ہے کہ کون کون اچھے لوگ اب اس دُنیا میں آنے والے ہیں اور نہ اس بات کا کوئی رنج ہے کہ کتنے اچھے اچھے لوگ اس دنیا سے چل بسے ایسے توہمات بزدلوں میں ہوتے ہیں۔ مجھے زندگی کا لُطف مسافت طے کرنے میں آتا ہے۔ (۹) مجھے زندگی کی "شراب" پلائی گئی ہے اور باغ و بہار سے میرا رُجحان مربُوط ہوا ہے میں دن رات درد محبت کے نالے نشر کرتا رہتا ہوں۔ اور "زندگی کی شراب" پیالہ بہ پیالہ پئے جا رہا ہوں۔ میری شوخی اور میرے ترنم میں "کُل شئی حی" (ہر چیز میں جان ہے، ہر ایک چیز زندہ ہے) کا پیغام ہے۔ مجھے زندگی کا لُطف سفروں اور منزلوں کے طے کرنے میں ملتا ہے

منقبت، قصیدہ اور ہجو

مدح سرائی اور ہجو لکھنے کے لئے آزاد پیدا نہیں ہُوا تھا۔ خود داری اور خود اعتمادی ایک مرد میدان کو کیونکر قصیدہ خوان بننے کی اجازت دے سکتی تھی۔ اس کی فکر کا مخصوص میدان تھا وطن اور حُبِّ وطن۔ اس کی ساری صلاحیتیں اسی کے لئے وقف ہو گئی تھیں۔

مناجات

ایک مناجات لکھی ہے جو اپنے ڈھنگ کی نرالی چیز ہے

خدا سے مخاطب ہے۔ اپنے لئے کچھ نہیں مانگتا۔ ہاں وطن اور اہلِ وطن کے لئے اخلاقی رفعت، اخوت، غلامی سے نجات، دوئی کی دوری اور عمل بہیم، وحدت اور ملنساری کے جذبات طلب کر رہا ہے۔ مناجات پڑھکر ٹیگور کی مشہور مناجات

"Where the mind is without fear
...... In to that heaven of Freedom,
my father, let my country awake"

یاد آجاتی ہے ؎

(۱)
یہ مَنگے نہ سۄ ہرٕ تہٕ سۄن دِتمَ مگر عالمس شۄمیتہٕ ہاوتمَ
یتہٕ بندگی چھ خۄدا سرُن نہ کرُن ہمیشہ خۄدا خۄدا

(۲)
نہ چھ دوٗرِ تھتے نہ چھ زیادہ کم نہ ونان عرب نہ ونان عجم
یتہ یا ٹھر رلتھ چھ یہ ماز تہٕ نمَ تتھی پانہ واگُنی چھ کران وفا

(۳)
یتہٕ جنتس تہٕ جہنمس چھ ونان بندہ پننیو عمل
یتہٕ حامِ دین چھ زندگی یتہٕ کُفرہ کھوتہٕ مرُن گۄناہ

یتہٕ شورہ گولہ مشینہ گن نہ چھ یم بہانہ تہٕ مکر و فن
یتہٕ سارِنے چھ گُنہ وطن یتہٕ سارِنے چھ گُنہ خۄدا

مفہوم:- (۱) اے خدا! میں اپنے لئے سونا چاندی یا نقد روپیہ پیسہ نہیں مانگوں گا۔ میری دعا ہے کہ میری اس دُنیا کو ایسا بنا دے کہ بندگی کے معنی

محض یہ ہوں کہ تیری یاد دل سے کرتا ہوں نہ یہ کہ صرف زبان سے اللہ اللہ کی رٹ لگاتا رہوں۔

(۲) ایسی دُنیا بنا جہاں دُوئی کا نام و نشان نہ ہو، جہاں مساوات ہو جہاں ملک اور ملک الگ الگ تصوّر نہ ہوں۔ بلکہ سب اِنسان بھائی بھائی کی طرح آپس میں میل جول قایم رکھیں۔ جس طرح ناخن اور گوشت کا میل ہوتا ہے

(۳) جہاں لوگ جنّت اور جہنّم کو کسی دوسرے عالم کی چیزیں نہ سمجھیں، بلکہ اسی دُنیا میں اپنے عمل اور کردار کا نتیجہ گردانیں۔ جہاں سب سے مستحکم یقین اور دین "زندگی" ہو اور سب سے زیادہ کُفر "مرنا" متصوّر ہو۔

(۴) جہاں (ملک گیری کی ہوس نہ ہونے کے سبب سے) مشین گن اور گولہ بارُود کا استعمال اور مکر و فریب نہ ہو۔ جہاں (یہی دنیا) سب کیلئے ایک مشترکہ وطن ہو اور جہاں سب کا ایک خدا ہو۔

طنز

طنزیہ شاعری کے نمونے آزادؔ کے یہاں کم پائے جاتے ہیں دو ایک غزلیں اور کچھ رباعیات اس رنگ میں لکھی ہیں۔ ان میں کسی نہ کسی طبقہ پر چوٹ تو ضرور ہے۔ لیکن مقصد فقط یہ ہے کہ اہلِ وطن اپنی حالتِ زار سے باخبر اور اپنے حقوق سے واقف ہو جائیں اور غرضمند لوگوں کے مذہبی، سیاسی، اور تمدّنی مکر و فریب سے دامن بچا کر چلیں۔ انسان کو ٹھگنے کے لئے جو مذہبی اور تمدّنی روایات چلی آرہی ہیں، اُن کو خیر باد کہدیں اور

سوچ سمجھ اور عقلمندی سے اپنا ضابطۂ زندگی آپ قائم کریں۔ افلاس اور جہالت کے متعدد پہلوؤں کا خاکہ کھینچا ہے۔ اور طنزیہ انداز میں ان کا علاج بھی بتایا ہے ؎

(۱) جدس پُٹس آلہٕ مٔٹہٕ اوسُم — وُنِستام سُے نکھس پٮ۪ٹھ چھُم
بہٕ کیاہ ہاوَے دِلاوٲری — بہٕ نو ذرہ عشقہ بیمٲری

(۲) پکھُن چھُم کارو بیگارس — برُن چھُم جِنسِ سرکارس
پیٚیم وُگرایہ بایٲری — بہٕ نو ذرہ عشقہ بیمٲری

(۳) پگاہ چھُم ہدیہ دِیُن پیرس — بھتویم کُن توبہ تقصیرس
خیالُن دعدہ کرِیم یٲری — بہٕ نو ذرہ عشقہ بیمٲری

مفہوم :- جو ہل میرے جدِّ امجد کے ذمہ تھا وہی ہل اب تک میرے کندھوں پر برابر سوار ہے، میں کیا بہادری دکھاؤں؟ میرے محبوب مجھ سے عشق و محبت کی بیماری سہی نہیں جا سکتی۔

(۲) کبھی بیکار سرکار مجھے بلا اُجرت کام (بیگار) کرنا پڑتا ہے۔ کبھی مجوزہ شالی سرکاری ذخیرہ میں داخل کرنا پڑتی ہے، اور کبھی ساہوکار قرضہ کے روپیوں کی طلبی کے لئے آتا ہے (اتنے سارے کام ہوتے ہوئے) میرے محبوب! مجھ سے تو عشق و محبت کی بیماری سہی نہیں جا سکتی۔

(۳) کل مجھے اپنے پیر کے پاس تحفے اور ہدیے لے کر جانا ہے، تاکہ

میرے اقرارِ گناہ و توبہ کو سماعت کرے تاکہ اس سے روزِ محشر میرے گناہوں کی کچھ نہ کچھ تلافی ہو سکے۔ بھلا مجھے فرصت کہاں میرے دوست کہ میں عشق و محبت کے مرض کو پال سکوں۔

مجسٹریٹو ہیچھ میانہ موکھہ قونون خہ جوزدل چاپہ خوتہ نُون
مجس گرٹھو گرٹھو تہ میونے خُون کران گیتھ لولرے بوّمیرٔ

نمازن کیٚتھ تہ میونے پان نیازن کیٚتھ تہ میونے پان
یوان ہیٚلہ اورہ ماہِ رمضان بہان میانے گرسے بوّمبرو

مفہوم:۔ مجسٹریٹوں نے میرے لئے ہی (مجھ کو پابندِ امن رکھنے کے لئے) قانون کی تعلیم حاصل کی ہے۔ خواجہ لوگوں (بیوپاریوں) نے تو مہنگائی کا یہ عالم بپا کر دیا ہے کہ نمک (جو سب چیزوں سے سستی اور غریب کے لئے خصوصی طور لازمی چیز ہے) چار سے بھی زیادہ مہنگے داموں بیچنے لگے ہیں (اور منافع کمانے لگے ہیں) اور پھر یہ بیت المقدس۔ (کعبہ شریف) میں جا جا کر میرا ہی خون (وہ زیادہ منافع جو خواجہ لوگ غریب سے کماتے ہیں) چڑھاتے ہیں۔

(۲) مطابق حکم پیر صاحب میں ہی (غریب لوگ) نیاز اور نذرانے بانٹنے کیلئے اور نماز پنجگانہ ادا کرنے کے لئے مخصوص ہوں، یہاں تک کہ جب حضرت" ماہِ رمضان" تشریف لاتے ہیں تو وہ بھی میرے ہی غریب خانہ میں

فرد کش ہوتے ہیں (کیونکہ امیروں کے وہاں ان کا دل نہیں لگتا ۔)

نہ پوشیتس کانہہ نہ پورتیس کانہہ بلا یا　　　نہ روز تیس کانٛسہِ سیتھ جگڑاہ تہٕ نیا یاہ

چھُہ پانس سٟتمب سیٹھاہ ہندُستانس　　　کتُن کیٛت بندراہ کھیُون کیٛت خودایاہ

مفہوم :- ہندوستان کے ساتھ کوئی بھی مقابلہ نہیں کر سکتا ، کوئی کتنا بھی طاقت ور اور مہیب دشمن کیوں نہ ہو ، اس کا بال بیکا نہیں کر سکتا ، اس کو کسی کے ساتھ کوئی جھگڑا ہوگا نہ فساد ، کیونکہ اپنے گذارے کے لئے اس کو (ہندوستان کو) بس اتنا کافی ہے کہ چرخا کاتے اور اللہ کے نام پر توکل کرے ۔[۱]

شہ پرانیمت سڑ یومت وُہمہ گو دوٗر

نوِس دینس تہٕ ایمانس مُبارک

(مفہوم :- اُن پرانے اور بوسیدہ توہمات (اخلاقی اصول) کا خاتمہ ہو گیا ۔ تمہارا نیا دین اور نیا ایمان (موجودہ زمانے کی ناعقیدت مندی) تمہیں مُبارک ہو ۔

---

[۱] آزاد ہندوستان کی مُکمل ترقی کے لئے پورے انڈسٹریل ریولیوشن (صنعتی انقلاب) کا حامی تھا ۔ اُس کا خیال تھا کہ محض چرخا کاتنے سے ہندوستان ترقی کے بلند زینوں پر نہیں چڑھ سکتا ۔ (گنجُو)

جھوٹی مذہب پرستی اور دکھاوے کی درویشی سے آزاد کو عناد ہے ایسے حضرات سے وہ پناہ مانگتا ہے اور تلقین کرتا ہے کہ ان سے بچے رہو۔ یہ لوگ اپنی غرضمندی کے تحت قیامت اور دوزخ کے خوفناک مناظر پیش کر کے بندوں کو ہراسان کرتے ہیں۔ اور اس طرح اپنی جیبیں بھرتے ہیں۔

زِ ہیٚتھو لاگٔتھ پھیرِن تہٕ تھاوِتھ ریش مسجدَن تہٕ مندرَن چھہٕ زٕ ژاڑی کوٗن
چھا خوشامد کران خدا صاحبس چھا بناوان بیچھنکی تو نوٗن

مفہوم :- صاف ستھرے کپڑے پہنے ہوئے اور لمبی لمبی داڑھیاں بڑھائے ہوئے لوگ مسجدوں اور مندروں کے کونوں میں بیٹھکر بظاہر خدائے تعالےٰ کی خوشامد کرنے میں مصروف ہیں۔ دراصل یہ لوگ انجمنوں اور منڈلیوں کے بنانے میں محو کار ہیں، تاکہ مندروں اور مسجدوں کے نام سے چندہ وصول کیا جائے اور اُن کا پیٹ پلے۔

شِہلہٕ گُلین تَل سرحدن منز بہان چھہٕ تسبیح تہٕ مالہٕ پھیرٕنے
خوداے چھُن پَتہٕ چھہٕ یہٕ دسہٕ گرمی بچارِ کرن کیاہ قیامتس منز

مفہوم :- گھنے اور سایہ دار درختوں کی ٹھنڈی چھاؤں میں اور بستی سے دُور خاموش جگہوں میں بیٹھکر جو لوگ تسبیح ڈھالتے اور مالا جپتے رہتے ہیں۔ بھلا اُن کا کیا حشر ہوگا؟ اگر قیامت کی گرمی کا وہ اندازہ ٹھیک ہے جو بتلایا جاتا ہے ان بیچاروں کو اس روز اس دُنیا کے گھنے اور سایہ دار درخت کہاں ملیں گے؟

ہمہ گیر فکر

آزادؔ نے اپنی شاعری کے مختلف ادوار خصوصاً آخری دور میں بے شمار اخلاقی، سیاسی اور سماجی نکات چھیڑے ہیں۔ زندگی کے مختلف پہلوؤں کو نظر غور سے دیکھکر ایسے نکتے پیدا کئے ہیں۔ جن کا مقصد انسان کی اخلاقی سیاسی تمدنی اور معاشرتی زندگی کو کس مپرسی کی دلدل سے نکالکر ایک بلند معیار پر کھڑا کرنا ہے۔ اُس کی شاعری پر ایک سرسری سی نظر ڈالنے سے محسوس ہوتا ہے کہ اس کی فکر کتنی ہمہ گیر ہے۔ کبھی وہ محض فلسفیانہ موشگافیاں کرتا ہے۔ کبھی نیچر کی عکاسی میں چابک دستی دکھاتا ہے۔ انسانوں میں عدم مساوات، فقدان انصاف اور روٹی کمانے کے ذرائع محدود دیکھکر وہ تلملا اُٹھتا ہے۔ اور اس کے جذبات اُسے بغاوت اور انقلاب کا نعرہ بلند کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔ کبھی سچائی کے مقابلہ میں

جھوٹ کے فروغ پانے کے دل شکن مناظر دیکھکر وہ راستی اور نیکی کیطرف
رغبت دلاتا ہے۔ کبھی ایک بازاری عورت کو پیش کرکے طنزاً ایسی باتیں
کہتا ہے کہ سماج اپنی زندگی کے اس پہلو کی طرف متوجہ ہو جائے۔ عید کا
دن مسرتوں کا دن ہوتا ہے۔ ہر طرف شادیانے بجتے ہیں۔ خوشی منائی جاتی
ہے۔ زردار دل کھولکر رنگ رلیاں مناتے ہیں۔ محو ہوتے ہیں۔ اور مفلس کی
دنیا میں کہیں ماتم ہے اور کہیں فاقہ مستی ہے۔ آزاد منظر کے دونوں پہلو
دیکھکر تخیل کی بلندیوں کو چھوتا ہوا تصویر کے دونوں رخ پیش کرتا ہے
غرضیکہ اپنی مختصر حیات میں خصوصاً آخری دور میں آزاد نے زندگی کے
متنوع اور مختلف پہلوؤں کو ایک ماہر کی حیثیت سے دیکھتا ہے۔ اور
ہموطنوں کے لئے سنجیدہ دلائل پیش کرکے ایک ہمہ گیر پیغام عمل دیتا ہے ؎

(۱)

شیٹھاہ زاٰنت میہ زونم کینہہ نہ زونم
لگیہ تیرو کمان روٗدم نشانہ

(۲)

ژلیتھ حیاتہ مُلیتھ یہ خوشبو دلیتھ زری کانہہ یہان طاقس
تچھ تنبہ لان تس چھت جہاناہ ژہ ونتہ امر سے ونان پری چھا

(۳)

بلبلس تہ کالہ سرفس چھکنہ کینہہ بوزان فرق
شہونس پچھ ناو کورمت دلہ خنجر عشقہ تیر

(۴)

سِتھنے پرواز کاوس بُلبُلس طوطس تہٖ شہبازس

ولیکن چھ تفاوت پیٚٹھ پروازس تہٖ پروازس

(۵)

نادان دوستن ہٮ۪شر منّت میٚہ کھاٮ۪ر پاتس

تمہٕ کھمہ تہٖ دُشمنس کُن دارِن حسلمٕ غنیمت

مفہوم :- فراوان علم حاصل کر کے میں آخر سمجھ کی اس حد تک پہنچ گیا ہوں کہ "میں کچھ نہیں جانتا" تیرو کمان تو مل گئے، لیکن نشانہ نظروں سے اوجھل ہے۔

(۲) حیا کو بالائے طاق رکھ کر مُشک اور عطر زُلفوں میں ملے اور زرّین پوشاک زیب تن کئے ہوئے وہ عورت جو در یچے پر بیٹھے دُنیا بھر کے لوگوں کے دلوں کو للچا رہی ہے۔کیا اس کو پری کہتے ہیں؟

(۳) بُلبُل اور کالے سانپ میں تم کوئی امتیاز نہیں کرتے۔ محض شہوت کا نام محبت کی کٹاری اور عشق کا تیر رکھا ہے۔

(۴) جہاں تک اُڑان کی صفت کا تعلق ہے، یہ صفت تو کوّے بُلبُل، طوطے اور شہباز سبھی جانوروں میں پائی جاتی ہے۔ لیکن پرواز اور پرواز میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔(شہباز کی بلند پروازی کی تقلید کو شاعر نے مُنتہا گردانا ہے)

(۵) کم عقل دوست کے احسان سے عقلمند دشمن کا مرہونِ منت ہونا بہتر ہے۔

فٹ نوٹ لہ ۔ سقراط سے جب پوچھا گیا تھا کہ انہیں کس وجہ سے دنیا کے بہترین داناؤں میں شمار کیا جاتا ہے۔ کچھ سوچنے کے بعد اُس نے جواب دیا تھا کہ " مجھے اس بات کا علم ہے کہ میں کچھ نہیں جانتا" یہ جاننا اور محسوس کرنا کہ میں کامل نہیں جاہل ہوں۔ کمال دانشمندی ہے۔ خیام کی یہ رباعی بھی ملاحظہ کے قابل ہے ؎

تا بود دلم ز عشق محروم نہ شد   کم بود ز اسرار کہ معلوم نہ شد
اکنون کہ ہمی بنگرم از روے خرد   معلوم شد کہ ہیچ معلوم نہ شد
(گنجو)

جمہ مقابلہ کے لئے ملاحظہ ہو : -

حقا کہ با عقوبت دوزخ برابر است   رفتن بہ پای مردیٔ ہمسایہ در بہشت
(گنجو)

عید کے دن سے

(۱)

کقدرِ باپہ وزان جاپہ اکس میوٗ سکھ موٗدر سوز

تتھہ ژھاپہ بیپس جاپہ گژیزان آہِ جہان سوز

وُچھ وارہ وُچھن دالہِ پہِ نظارہِ دُماہ روز

پامال گاٹہِ زندگی ہُند ساز کنوٗ بوز

مدہوش چھ مے نوش کمن زیر و بمن منز

گم پوشہ بدان روشہ گلان درد و غمن منز

(۲)

بزاران اکس رنگہِ رنگہِ نعمژ تہِ ضدیا فژ

گزند چھس ژیوان کیرژہ کھتیں کھینہ روزس کنژ

غمگین بہتھ بیاکھ چھُ بیچارہ کران سرژ

روشان خداییس تہِ توشان قیامژ

ہاران اکھاہ خونِ جگر بیاکھ ماران ہندی

اکھ تژیش ژھاران بیاکھ چھُ ژاران دودِس گنڈی

مفہوم :- ایک جگہ بڑے اہتمام کے ساتھ اور بڑے پیمانہ پر بزم موسیقی کا زور و شور ہے۔ یہاں سے کچھ پرے دوسری جگہ کوئی دلسوز آہیں بھر رہا ہے۔ دیکھنے والے! ذرا تھوڑی دیر ٹھہر اور غور سے یہ نظارہ مشاہدہ کر، پامال شدہ ہستی کا سوز و ساز اپنے کانوں سے سن۔ دیکھ

یہ مے خوار موسیقی کے اُتار چڑھاؤ کی کس لے میں مدہوش ہیں اور کتنے غُربت
اور حسین افلاس کے دردِ غم میں مبتلا ہو کر پگھلے جا رہے ہیں۔

(۲) کسی کے لئے اتنے قسم قسم کے کھانے اور ایوانِ نعمت سامنے
پڑے ہیں کہ وہ شمار سے قاصر ہے کہ کتنی نعمتیں وہ کھا چکا ہے اور کتنی ابھی
کھانی باقی ہیں۔ فاقہ مست مُفلس کی دُنیا میں غمگینی ہے۔ وہ بیچارہ لاکھوں
اُمیدیں باندھ رہا ہے۔ کبھی اللہ تعالےٰ سے ناراض ہے کبھی قیامت (روزِ
سزا و جزا) پر نازاں ہے۔ ایک خونِ جگر کھا کھا کر دن بسر کرتا ہے۔ دوسرا
ہے کہ ناو نوش کی تیاریاں کر رہا ہے۔ ایک محض پینے کے لئے پانی کو ترس
رہا ہے، اور دوسرا ہے کہ ہر چیز سامنے موجود ہے۔ لیکن پھر بھی نکتہ چینی ہے۔

ہر موضوع کو آزاد کے اپنے بیسوں شعروں کا حوالہ دے کر واضح
کیا جا سکتا ہے۔ یہاں صرف سرسری طور پر اُس کی ہمہ گیر فکر کا ذکر ہے، اور اس ذکر
کو محدود رکھنا مناسب ہے۔ اپنی شاعری میں آزادؔ نے غزل کو خوب نبھایا ہے
اور کئی سُریلے اور میٹھے راگوں کے لئے مسالا بہم کیا ہے۔ وہ بنی نوعِ انسان
کے لئے اپنی شاعری میں وحدت، یکتائی، مساواتؔ اور ملنساری کا پیغام
سُناتا ہے۔ غرضمند لیڈروں اور مذہبی جنون والوں کے مکر و فریب سے احتراز کرنے
کی تلقین کرتا ہے۔ وطن اور اہلِ وطن سے پیار اور پریم برتنے کی تاکید کرتا ہے
جنت، جہنم، قسمت اور تقدیر میں اعتقاد رکھنے والوں کو تنبیہ کرتا ہے کہ یہ سب

باتیں خود غرض انسانوں کی ایجادیں ہیں، جن سے سیدھے سادے لوگوں کو دبائے رکھا جاتا ہے۔ اور مفلسی، بے بسی اور بیکسی پر قانع بنایا جاتا ہے، تاکہ غرضمند اور چالاک لوگ بلا شرکت غیرے اپنا فایدہ حاصل کرتے رہیں۔ وہ اہلِ وطن کو بیدار کرتا ہے، تاکہ غفلت کی نیند سے وہ جاگ اٹھیں، علم پڑھیں محنت اور مشقت سے ہر شعبہ میں کمال حاصل کرکے اچھی زندگی بسر کریں، اور اسی دنیا میں جنت کے مزے اڑائیں۔ آزاد زندگی کے گوناگوں مسائل کو راشنلسٹ (RATIONALIST) نکتہ نگاہ سے دیکھتا ہے۔ اور دوسروں کو یہی نکتہ نظر اپنانے کی دعوت دیتا ہے۔ کشمیری زبان کے میدان شعر و سخن میں اپنے زمانے کی مروجہ روایات اور طرز شاعری کو چھوڑ کر آزاد فکر و فن کی نئی راہیں تلاش کرتا ہے۔ اور اس میدان میں متاخرین کے لئے فکر و خیال کی کئی راہیں تراش کر گیا ہے، جن سے موجودہ دور کے نوجوان کافی متاثر ہو چکے ہیں۔ اور ان نئی راہوں کو خوب سنوارتے ہیں جس سے زبان وسعت اور ترقی پا گئی ہے۔ وطن، انقلاب، مناظر قدرت، ندائے ہاتفی والی نظمیں مختلف موضوعات سے متعلق ہیں۔ لیکن آزاد کے فکر و فن کی مختلف سمتوں کی نشاندہی کرتی ہیں۔ اور آنے والی نسلوں کے لئے مشعل راہ کا کام انجام دیتی ہیں۔

اس بات کی طرف پہلے اشارہ کیا جا چکا ہے کہ موجودہ زمانے کے

